جزاء اللہ عدوہ باباۂ

# ختم النبوۃ

۱۳۱۷

اعلیحضرت احمد رضا خان بریلوی رح

مکتبہ نبویہ ○ لاہور

Marfat.com

جناب رسالتمآب ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک لاجواب کتاب

المسمّٰی بہ

جزاء اللہ عدوہ باباۂ

# ختم النبوّۃ

—— تصنیف لطیف ——

اعلیٰحضرت امام اہل سنّت مجدّد مائتہ حاضرہ امام ملّت طاھرہ
الشاہ مولینا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرّہٗ

مکتبہ نبویہ — گنج بخش روڈ — لاہور

Marfat.com

نام کتاب ــــــــــ جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ
موضوع ــــــــــ ختم نبوت
تصنیف ــــــــــ اعلحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی رح
کتابت ــــــــــ محمد شریف گل
تعداد ــــــــــ ایک ہزار
مطبع ــــــــــ گلستان پریس لاہور
ناشر ــــــــــ مکتبہ نبویہ ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور
طباعت ــــــــــ ۱۹۸۸ء
قیمت ــــــــــ روپے

Marfat.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| بریت آدم اور ختم نبوت | ۸ |
| حضرت موسیٰ اور ختم نبوت | ۸ |
| حضرت آدم اور سرکار دو عالم | ۹ |
| خاتم النبوۃ | ۹ |
| محمد در دروازہ جنت | ۱۰ |
| خاتم الانبیاء کی بشارت | ۱۰ |
| یعقوب علیہ السلام اور خاتم الانبیاء | ۱۰ |
| شعیا اور احمد مجتبیٰ | ۱۰ |
| کتب سماویہ میں اسم محمد | ۱۱ |
| خاتم الانبیاء | ۱۱ |
| آخر النبیین | ۱۲ |
| رحمۃ للعلمین | ۱۲ |
| ● ارشادات انبیاء و ملائکہ و اقوال علماء | |
| کتب سابقہ | ۱۴ |
| حدیث شفاعت | ۱۴ |
| انبیاء کا التجائے شفاعت | ۱۵ |
| حضرت آدم اور اذان اول | ۱۵ |
| انشراح صدر | ۱۵ |
| بشارت میلاد الرسول | ۱۶ |
| راہب کا استفسار | ۱۰ |
| قبل از وقت ولادت شہادت ایمان | ۱۰ |
| انکار ختم نبوت کے وجوہات | ۱۹ |
| مقوقس شاہ مصر کی تصدیق ولادت | ۱۹ |
| میلاد النبی پر خاص تارے کا طلوع | ۲۰ |
| یہودی علماء کے ہاں ذکر ولادت | ۲۱ |
| احبار کی زبان پر نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم | ۲۱ |
| اہل یثرب کی بشارت میلاد النبی | ۲۱ |
| یوشع کی زبان پر نعت رسول | ۲۲ |
| ● ارشادات حضور ختم الانبیاء علیہم افضل الصلوٰۃ والثناء | ۲۳ |
| اسماء النبی | ۲۳ |
| انا محمد و احمد | ۲۳ |
| خصائص مصطفیٰ | ۲۴ |
| توبہ قبول کرنے والے نبی | ۳۰ |
| مالک لوائے حمد | ۳۱ |
| دس اسمائے مبارکہ | ۳۱ |
| الحاشر والعاقب | ۳۲ |
| رسول جہاد | ۳۲ |
| آخر زماں اور اولین یوم قیامت | ۳۴ |
| دریائے رحمت | ۳۴ |
| آخرین بعثت | ۳۵ |
| حضرت عمر فاروق کا طریق ندا و خطاب بعد از وصال | ۳۵ |
| حضرت جبرائیل سلام کہتے ہیں | ۳۶ |
| خصوصی نصوص ختم نبوت | ۳۰ |
| خاتم النبیین | ۳۰ |
| لوح محفوظ پر شہادت ختم نبوت | ۳۸ |
| عمارت نبوت کی آخری اینٹ | ۳۹ |
| سوسمار کی گواہی | ۴۰ |
| ولا نبی بعدی | ۴۱ |
| اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضرت عمر ہوتے | ۴۲ |
| کذاب اور دجال | ۴۳ |
| جھوٹے مدعیان نبوت | ۴۴ |
| حضرت علی اور ختم نبوت | ۴۶ |
| حضرت علی کی عبادت | ۴۸ |
| حضرت ابوبکر صدیق صدیق اکبر ہیں | ۵۰ |
| مولا علی کی نگاہ میں مقام صدیق اکبر | ۵۱ |
| حضرت صدیق کے بارے میں حضرت علی کی رائے | ۵۲ |
| حضرت شیخین اولین جنتی ہیں | ۵۳ |
| خیر الناس بعد رسول اللہ | ۵۴ |
| افضل الناس بعد رسول اللہ | ۵۴ |
| مولود ازکی فی الاسلام | ۵۴ |
| سیدنا صدیق کی سبقت کی چار وجوہات | ۵۵ |
| حضرت صدیق کا تقدم | ۵۶ |
| حضرت علی مدح افراط و تفریط کا شکار | ۵۶ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| افضل الایمان | ۵۷ |
| شیخین کی افضلیت | ۵۷ |
| رافضی اور خارجی نظریات | ۵۷ |
| نصوص ختم نبوت | ۵۸ |
| ● ارشادات انبیاء و علماء کتب سابقہ | ۵۹ |
| زریب بن برثملا کی شہادت | ۶۰ |
| شام کے نصرانی ختم نبوت کی شہادت دیتے ہیں | ۶۲ |
| بادشاہ روم کے دربار میں ذکر مصطفیٰ | ۶۲ |
| تصرف اولیا اور مظلومیت حسین | ۶۳ |
| ہرقل کے پاس انبیا کی تصاویر | ۶۴ |
| مقوقس کے دربار میں فرمان نبوی | ۶۷ |
| عبداللہ بن سلام کا واقعہ ایمان | ۶۸ |
| ہجرت حضرت عباس | ۶۹ |
| مدینہ طیبہ میں حضور کی تشریف آوری | ۷۰ |
| چار پائے کلام کرتے ہیں | ۷۲ |
| میرے بعد کوئی نبی نہیں | ۷۳ |
| تیس کذاب | ۷۴ |
| علی بمنزلہ ہارون ہیں | ۷۴ |
| میں آخری نبی اور میری امت آخری امت ہے | ۷۶ |
| گیارہ تابعی | ۷۸ |
| اکاون صحابہ | ۷۸ |

| | |
|---|---|
| نو صحابی | ۷۹ |
| ختم نبوت پر دیوبندی عقیدہ | ۷۹ |
| قاسم نانوتوی کا عقیدہ | ۸۰ |
| صحابہ کرام اور ختم نبوت | ۸۱ |
| دیوبندی اور شیعہ عقائد میں مماثلت | ۸۲ |
| منکران ختم نبوت پر علماء اسلام کی گرفت | ،، |
| علامہ تورپشتی | ۸۴ |
| امام ابن حجر مکی | ۸۵ |
| فتاویٰ ہندیہ | ۸۵ |
| اعلام بقواطع الاسلام | ۸۶ |
| طائفہ قاسمیہ | ۸۷ |
| فتاویٰ تاتارخانیہ | ۸۷ |
| شفا قاضی عیاض | ۸۸ |
| منکران ختم نبوت کے فرقے | ۸۹ |
| مجمع الانہر | ۸۹ |
| علامہ یوسف اردبیلی | ۹۰ |
| امام غزالی | ۹۰ |
| غنیۃ الطالبین | ۹۱ |
| تحفہ شرح منہاج | ۹۲ |
| شرح فرائد | ۹۲ |
| مواہب شریف | ۹۳ |
| امام نسفی | ۹۳ |
| تمہید ابوشکور سالمی | ۹۴ |

| | |
|---|---|
| مولانا عبدالعلی | ۹۴ |
| امام احمد قسطلانی | ۹۵ |
| سید کفریہ عقیدہ نہیں رکھ سکتا | ۹۶ |
| منافق کو سید نہ کہو | ۹۷ |
| اہل بیت سے کوئی بھی جہنمی نہیں | ۹۷ |
| اہل بیت عذاب سے بری ہیں | ۹۸ |
| حضرت فاطمہ کی وجہ تسمیہ | ۹۸ |
| اہل بیت آگ میں نہیں جا سکتے | ۹۸ |
| شیخ اکبر اور اہل بیت | ۱۰۰ |
| بدعقیدہ سید | ۱۰۰ |
| رافضی سید | ۱۰۱ |
| ● تقریظ جناب مولانا شیخ احمد مکی مدرس مکہ معظمہ دام مجدہ | ۱۰۳ |
| ● فتویٰ درباره خاتم النبیین | ۱۰۴ |
| نقل فتوائے علماء کرام شہر بدایوں | ۱۰۴ |
| نقل فتوائے علماء لاہور و حیدرآباد دکن و دہلی و کانپور | ۱۰۵ |
| فتوائے علمائے پانی پت و دستخط مصنف انوار ساطعہ | ۱۰۸ |
| فتوائے سہارن پور | ۱۰۹ |
| فتوائے دیوبند | ۱۱۰ |
| فتوائے گنگوہ | ۱۱۱ |


● ● ●

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین وسلام علی المرسلین۔ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان اللہ بکل شیءٍ علیما۔ یا من یصلی علیہ هو وملئکتہ صل علیہ وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم تسلیما آمین۔ رب انی اعوذ بک من همزات الشیٰطین و اعوذ بک رب ان یحضرون وصلی اللہ تعالی علی خاتم المرسلین اوّل الانبیا خلقا و آخرهم بعثا و آلہ وصحبہ والتابعین ولعن وقتل واخزی وخذل مردۃ الجن و شیٰطین الانس و اعاذنا ابدا من شرهم اجمعین امین۔

اللہ عزوجل سچا اور اس کا کلام سچا۔ مسلمان پر جس طرح لا الٰہ الا اللہ ماننا اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کو احد صمد لا شریک لہ جاننا فرض اول ومناط ایمان ہے یونہی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ماننا ان کے زمانے میں خواہ ان کے بعد

---

مسئلہ از شیخ خدا بخش اہل سنت والجماعت محلہ سوئی گری کی پول ۱۹ رجب ۱۳۱۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ساکن مشہد کہ اپنے آپ کو سید کہلواتا اپنا عقیدہ بایں طور رکھتا ہے کہ حضرت علی وفاطمہ وحسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو انبیاء ورسول کہنا ثابت ہے اور اپنے زعم میں اس کا ثبوت حدیثوں سے بتاتا ہے۔ ایسا عقیدہ رکھنے والا مسلمان سنت وجماعت اولیائے کاملین سے ہے یا غالی رافضی کافر اولیائے شیاطین سے اور جو شخص عقیدۂ کفریہ رکھے وہ سید ہو سکتا ہے یا نہیں اور اسے سید کہنا شرعاً روا ہے یا نہیں۔ بینوا

Marfat.com

کسی نبی جدید کی بعثت کو یقیناً قطعاً محال و باطل جاننا فرض اجل وجزئے ایقان ہے ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین نص قطعی قرآن ہے۔ اس کا منکر نہ منکر بلکہ شبہ کرنیوالا نہ شاک کہ ادنےٰ ضعیف احتمال خفیف سے توہم خلاف رکھنے والا قطعاً اجماعاً کافر ملعون مخلد فی النیران ہے نہ ایسا کہ وہی کافر ہو بلکہ جو اس کے عقیدہ ملعونہ پر مطلع ہو کر اُسے کافر نہ جانے وہ بھی کافر جو اس کے کافر ہونے میں شک و تردد کو راہ دے وہ بھی کافر بین الکافر جلی الکفران ہے و کید پلید جس کا قول نجس ترازبول سوال میں مذکور ضرور دلی ہے بیشک ضرور مگر حاشا نہ ولی الرحمٰن بلکہ عدو الرحمٰن ولی الشیطان ہے۔ یہ جو میں کہہ رہا ہوں میرا فتویٰ نہیں اللہ واحد قہار کا فتویٰ ہے۔ خاتم الانبیاء الاخیار کا فتویٰ ہے علی مرتضیٰ و بتول زہرا و حسن مجتبےٰ و شہید کربلا تمام ائمہ اطہار کا فتویٰ ہے صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدہم و مولاہم وعلیہم وسلم۔

شفا شریف و اعلام بقواطع الاسلام میں ہے:

یکفر ایضًا من کذب بشیٔ مما صرح فی القرآن من حکم او خبرا او اثبت ما نفاہ او نفی ما اثبتہ علیٰ علم منہ بذلک او شك فی شیٔ من ذالك۔

فتاویٰ حدیثیہ امام ابن حجر مکی میں ہے:

التردد فی المعلوم من الدین بالضرورۃ کالانکار۔

شفا میں ہے:

وقع الاجماع علیٰ تکفیر کل من دافع نص الکتاب او نص حدیث مجمعا علیٰ نقلہٖ مقطوعا بہ مجمعا علیٰ حملہ علیٰ ظاھرہٖ و لھذا یکفر من لم یکفر من دان بغیر ملۃ الاسلام او وقف فیھم او شك (فی کفرھم) اوصحح مذھبھم و ان اظھر الاسلام و اعتقدہٗ و اعتقد ابطال کل مذھب سواہ فھو کافر باظھار ما اضمر من خلاف ذالك اھ مختصرا مزیدا من نسیم الریاض ما بین الھلالین۔

اسی میں ہے:

اجماع علیٰ کفر من لم یکفر کل من فارق دین المسلمین

Marfat.com

او وقف فی تکفیرھم او شاک۔

بزازیہ و درمختار وغیرہما میں ہے:

من شك فی کفرہ وعذابہ فقد کفر

بلکہ شخص مذکور پر لازم وضرور ہے کہ خود آپ ہی اپنے کفر والحاد وزندقہ وارتداد کا فتویٰ لکھے۔ آخر یہ تو بداہۃً ضرورۃً موافقین ومخالفین حتیٰ کہ کفار ومشرکین سب کو معلوم و مسلم کہ حضرات حسنین اور ان کے والدین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم مسلمان تھے۔ قرآن عظیم پر ایمان رکھتے اور بلاشبہ اسے کلام اللہ جانتے۔ اس کے ایک ایک حرف کو حق مانتے اور اسی قرآن کا ارشاد ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں تو قطعاً وہ بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین اعتقاد کرتے تو قطعاً یقیناً اپنے آپ کو نبی ورسول نہ جانتے اور اس ادعائے ملعون کو باطل وملعون ہی مانتے کہ قول بالمتنافیین کسی عاقل سے منقول نہیں اب یہ شخص کہ انھیں نبی ورسول مانتا ہے خود اپنے ہی ساختہ رسولوں کو کاذب ومبطل جانتا ہے اور رسولوں کی تکذیب کفر ظاہر ہے تو خود ہی اپنے عقیدے کی رُو سے کافر ہے غرض انہیں رسول کہہ کر اعتقاد ختم نبوت میں سچا جانا تو اس ایمانی عقیدے کا منکر ہو کر کافر ہوا اور جھوٹا مانا تو اپنے ہی رسولوں کی آپ تکذیب کر کے کافر ہوا مفر کدھر ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العزیز الاکبر۔

ولید کے مقابل ذکر احادیث ونصوص علمائے قدیم وحدیث کا کیا موقع کہ جو نص قطعی قرآن کو نہ مانے حدیث وعلماء کی کیا قدر جانے مگر بحمد اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لیے متعدد منافع ظاہر و بین ہیں قرآن وحدیث دونوں ایمان مومن ہیں۔ احادیث کا بار بار تکرار اظہار دلوں میں ایمان کی جڑ جمائے گا۔ آیۂ کریمہ میں وساوس ملعونہ بعض شیاطین نجدیہ کا استیصال فرمائیگا۔ ختم نبوت وخاتم النبیین کے صحیح ونجیح معنے بتائے گا۔ بعض قاسمان کفر ومجون کے اختراع جنون کو مردود وملعون بنائے گا۔

---

ف اہل بیت کرام خواہ کسی اُمتی کو نبی ماننے والا خود اپنے اقرار سے بھی کافر ہے۔

Marfat.com

ولید پلید کے ادعائے خبیث ثبوت بالحدیث کا بطلان دکھائے گا۔ نصوص ائمہ سے اہل ایمان کو صحتِ فتویٰ پر زیادہ تر اعتبار و اعتماد آئے گا مع ہذا ذکر محبوب راحت قلوب ہے۔ اُن کی یاد سے مسلمانوں کا دل چین پائے گا۔

**فاقول وبحول اللہ احول (ارشادات الٰہیہ)**

**بریت آدم اور ختمِ نبوّت** طبرانی معجم کبیر میں اور حاکم بافادۂ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جب آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لغزش واقع ہوئی عرض کی یارب اسألك بحق محمد ان غفرت لی الٰہی میں تجھے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میری مغفرت فرما۔ ارشاد ہوا: اے آدم تو نے محمد کو کیونکر پہچانا۔ حالانکہ میں نے ابھی اسے پیدا نہ کیا۔ عرض کی الٰہی جب تو نے مجھے اپنی قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی رُوح پھونکی میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پایوں پر لکھا پایا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ تو میں نے جانا تو نے اسی کا نام اپنے نام پاک کے ساتھ ملایا ہوگا جو تجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے۔ فرمایا:

صدقت یا اٰدم انہ لاحب الخلق الیّ و اذ سالتنی بحقہ فقد غفرت لك ولو لا محمد ما خلقتك زاد الطبرانی وھو اٰخر الانبیاء من ذریتك۔

اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے اور جب تو نے مجھے اس کا واسطہ دے کر سوال کیا تو میں نے تیرے لیے مغفرت فرمائی۔ اگر محمد نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بناتا وہ تیری اولاد میں سب سے پچھلا نبی ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**حضرت موسیٰ اور ختمِ نبوّت** ابونعیم ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

Marfat.com

ان موسیٰ لما انزلت علیہ التوراۃ وقرأھا وجد فیھا ذکر ھذہ الامۃ فقال یا رب انی اجد فی الالواح امۃ ھم الآخرون السابقون فاجعلھا امتی قال تلک امۃ احمد۔

جب موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر توریت اتری اسے پڑھا تو اس میں اس امت کا ذکر پایا عرض کی اے رب میرے میں ان لوحوں میں ایک امت پاتا ہوں کہ وہ زمانے میں سب سے پچھلی اور مرتبے میں سب سے اگلی تو یہ میری امت کر فرمایا یہ امت احمد کی ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## حضرت آدم اور سرکارِ دو عالم

ابن عساکر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لما خلق اللہ ادم اخبرہ ببنیہ فجعل یری فضائل بعضھم علی بعض فرای فی اسفلھم فقال یا رب من ھذا قال ھذا ابنک احمد ھو الاول وھو الآخر وھو اول شافع واول شافع واول مشفع۔

جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیدا کیا انھیں ان کے بیٹوں پر مطلع فرمایا۔ وہ اُن میں ایک کی دوسرے پر فضیلتیں دیکھا کیے مجھے ان سب کے آخر میں بلند و روشن نور دیکھا عرض کی الٰہی یہ کون ہے فرمایا یہ تیرا بیٹا احمد ہے یہی اول ہے اور یہی آخر ہے اور یہی سب سے پہلا شفیع اور یہی سب سے پہلا شفاعت مانا گیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## خاتم النبیین

نیز بطریق ابی الزبیر حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی قال بین کتفی ادم مکتوب محمد رسول اللہ خاتم النبیین آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دونوں شانوں کے وسط میں قلم قدرت سے لکھا ہوا ہے۔

"محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔"

Marfat.com

## محمد اور دروازۂ جنت

ابی ابن شیبہ مصنف میں بطریق مصعب بن مالک حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی انہ قال

اول من یاخذ حلقہ باب الجنۃ فیفتح لہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم قراء ایۃ من التوراۃ اخریا قدما یا الاولون والاخرون یعنی انہوں نے کہا سب سے پہلے جو دروازہ جنت کی زنجیر پر ہاتھ رکھے گا پس اس کے لیے دروازہ کھولا جائے گا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ پھر توریت مقدس کی آیت پڑھی کہ سب سے پہلے مرتبے میں سابق زمانے میں لاحق یعنی امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## خاتم الانبیاء کی بشارت

ابن مسعود عامر شعبی سے راوی سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحیفوں میں ارشاد ہوا:

انہ کائن من ولدک شعوب و شعوب حتی یاتی النبی الامی خاتم الانبیاء بیشک تیری اولاد میں قبائل در قبائل ہوں گے یہاں تک کہ نبی امی خاتم الانبیاء جلوہ فرما ہو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## یعقوب علیہ السلام و خاتم الانبیاء

محمد بن کعب قرظی سے راوی اوحی اللہ تعالیٰ الی یعقوب انی ابعث من ذریتک ملوکا و انبیاء حتی ابعث النبی الحرمی الذی تبنی امتہ ھیکل بیت المقدس وھو خاتم الانبیاء و اسمہ احمد۔

اللہ عزوجل نے یعقوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی بھیجی میں تیری اولاد سے سلاطین و انبیاء بھیجتا رہوں گا یہاں تک کہ ارسال فرماؤں اس حرم محترم والے نبی کو جس کی امت بیت المقدس کی بلند تعمیر بنائے گی۔ وہ سب پیغمبروں کا خاتم ہے اور اس کا نام احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## شعیا اور احمد مجتبیٰ

ابن ابی حاتم وہب بن منبہ سے راوی قال اوحی اللہ تعالیٰ الی شعیا انی باعث نبیا امیا افتح بہ اذانا صما وقلوبا غلفا واعینا عمیا مولدہ بمکۃ ومھاجرہ بطیبۃ و ملکہ

Marfat.com

بالشام وساق الحدیث فیہ الکثیر الطیب من فضائلہ وشمائلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (الیٰ ان قال) ولاجعلن امتہ خیر امۃ اخرجت للناس و ذکر صفاتھم (الی ان قال) اختم بکتابھم الکتب و بشریعتھم الشرائع وبدینھم الادیان الحدیث الجلیل الجمیل۔

اللہ عزوجل نے شعیا علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی بھیجی میں نبی امی کو بھیجنے والا ہوں۔ اس کے سبب بہرے کان اور غافل دل اور اندھی آنکھیں کھول دوں گا۔ اس کی پیدائش مکے میں ہے اور ہجرت گاہ مدینہ اور اس کا تخت گاہ ملک شام میں ضرور اس کی امت کو سب امتوں سے جو لوگوں کے لیے ظاہر کی گئیں بہتر و افضل کروں گا۔ میں اُن کی کتاب پر کتابوں کو ختم فرماؤں گا اور اُن کی شریعت پر شریعتوں اور اُن کے دین پر سب دینوں کو تمام کروں گا۔

## کتب سماوی میں اسم محمد

ابن عساکر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یسمی فی الکتب القدیمۃ احمد و محمد والماحی والمقفی و نبی الملاحم وحمطایا و فارقلیطا و ماذ ماذ۔ اگلی کتابوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ نام تھے احمد محمد ماحی کفر و شرک کو مٹانے والے مقفی سب پیغمبروں سے پیچھے تشریف لانے والے نبی الملاحم جہادوں کے پیغمبر حمطایا حرم الٰہی کے حمایتی فارقلیطا حق کو باطل سے جدا کرنے والے ماذ ماذ ستھرے پاکیزہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## خاتم الانبیاء

سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ھبط جبریل فقال ان ربك یقول قد ختمت بك الانبیاء وما خلقت خلقا اکرم علی منك وقرنت اسمك مع اسمی فلا اذکر فی موضع حتی تذکر معی ولقد خلقت الدنیا واھلھا لاعرفھم کرامتك و منزلتك عندی ولولاك ما خلقت السمٰوٰت والارض وما بینھما لولاك ما خلقت الدنیا ھذا مختصر۔

Marfat.com

جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حاضر ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی حضور کا رب فرماتا ہے بیشک میں نے تم پر انبیاء کو ختم کیا اور کوئی ایسا نہ بنایا جو تم سے زیادہ میرے نزدیک عزت والا ہو تمہارا نام میں نے اپنے نام سے ملایا کہ کہیں میرا ذکر نہ ہو جب تک میرے ساتھ یاد نہ کیے جاؤ بیشک میں نے دنیا و اہل دنیا سب کو اس لیے بنایا کہ تمہاری عزت اور اپنی بارگاہ میں تمہارا مرتبہ ان پر ظاہر کروں اور اگر تم نہ ہوتے تو میں آسمان و زمین اور جو کچھ اُن میں ہے اصلاً نہ بناتا صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم۔

**آخر النبیین** خطیب بغدادی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لما اسری بی قربنی ربی حتی کان بینی و بینہ کقاب قوسین او ادنی وقال لی یا محمد ھل غمك ان جعلتك اٰخر النبیین قلت لا قال فھل غم امتك ان جعلتھم اخر الامم قلت لا قال اخبر امتك انی جعلتھم اخر الامم لا فضح الامم عندہ و لا افضحھم عند الامم۔

شب اسریٰ مجھے میرے رب عزوجل نے نزدیک کیا یہاں تک کہ مجھ میں اُس میں دو کمان بلکہ کم کا فاصلہ رہا اور مجھ سے فرمایا اے محمد کیا تجھے اس کا غم ہوا کہ میں نے تجھے سب پیغمبروں کے پیچھے بھیجا۔ میں نے عرض کی نہ۔ فرمایا کیا تیری اُمت کو اس کا رنج ہوا کہ میں نے انہیں سب امتوں کے پیچھے رکھا میں نے عرض کی نہ۔ فرمایا اپنی امت کو خبر دے دے کہ میں نے اُنہیں سب سے پیچھے اس لیے کیا کہ اور امتوں کو اُن کے سامنے رسوا کروں اور انہیں اوروں کے سامنے رسوائی سے محفوظ رکھوں والحمد للہ رب العلمین۔

**رحمۃ للعلمین** ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ و بزار و ابویعلےٰ و بیہقی بطریق ابوالعالیہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل اسرا میں راوی ثم لقی ارواح الانبیاء فاثنوا علی ربھم فقال ابراھیم

Marfat.com

ثم موسیٰ ثم داؤد ثم سلیمٰن ثم عیسیٰ ثم ان محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اثنیٰ علی ربہ فقال کلکم اثنی علی ربہ و انی مُثن علی ربی الحمد للہ الذی ارسلنی رحمۃ للعٰلمین وکافۃ للناس بشیراً و نذیرا و انزل علی الفرقان فیہ تبیان لکل شیٔ وجعل امتی خیر امۃ اخرجت للناس وجعل امتی ھم الاولین و الاٰخرین فاتحا و خاتما فقال ابراھیم بھذا فضلکم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم انتھے الی السدرۃ فکلمہ تعالیٰ عند ذلک فقال لہ قد اتخذتک خلیلا و ھو مکتوب فی التوراۃ حبیب الرحمٰن و رفعت لک ذکرک فلا اذکر الا ان ذکرت معی وجعلت امتک ھم الاولین و الاٰخرین و جعلتک اول النبیین خلقا و اٰخرھم بعثا وجعلتک فاتحا وخاتما ھذا مختصر ملتقط۔

یعنی پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارواح انبیا علیہ الصلاۃ و الثنا سے ملے پیغمبروں نے اپنے رب عز وجل کی حمد کی ابراہیم پھر موسیٰ پھر داؤد پھر سلیمٰن پھر عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام بہ ترتیب حمد الٰہی بجا لائے اور اس کے ضمن میں اپنے فضائل و خصائص بیان فرمائے سب کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب جل جلالہ کی ثنا کی اور فرمایا تم سب اپنے رب کی تعریف کر چکے اور اب میں اپنے رب کی حمد کرتا ہوں سب خوبیاں اللہ کو جس نے مجھے سارے جہان کے لیے رحمت بھیجا اور تمام آدمیوں کی طرف بشارت دینا اور ڈر سناتا مبعوث کیا اور مجھ پر قرآن اتارا جس میں ہر شے کا روشن بیان ہے اور میری امت کو تمام امتوں پر فضیلت دی اور انھیں عدل و عدالت والی امت کیا اور انھیں کو اول اور انھیں کو آخر رکھا اور میرے واسطے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتح دیوان نبوت و خاتم دفتر رسالت بنایا۔ ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے فرمایا ان وجوہ سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے افضل ہوئے پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرہ تک پہنچے۔ اس وقت رب عز جلالہ نے ان سے کلام کیا اور فرمایا میں نے تجھے اپنا خالص پیارا بنایا اور تیرا نام

Marfat.com

توریت میں حبیب الرحمٰن لکھا ہے میں نے تیرے لیے تیرا ذکر اونچا کیا کہ میرا ذکر نہ ہو جب تک میرے ساتھ تیری یاد نہ آئے اور میں نے تیری امت کو یہ فضل دیا کہ وہی سب سے اگلے اور وہی سب سے پچھلے اور میں نے تجھے سب پیغمبروں سے پہلے پیدا کیا اور سب کے بعد بھیجا اور تجھے فاتح و خاتم کیا صلی اللہ علیک وسلم۔

# ارشادات انبیاؑ و ملائکہ و اقوال علماءِ کتب سابقہ

**حدیث شفاعت** امام احمد و ابو داؤد و طیالسی مطولاً اور ابن ماجہ مختصراً اور ابو یعلےٰ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث طویل شفاعت کبریٰ میں فرماتے ہیں:

فیاتون عیسٰی فیقولون اشفع لنا الی ربك فلیقض بیننا فیقول انی لست هناکم انی اتُّخِذْتُ الٰها من دون الله و انهٗ لا یهمنی الیوم الا نفسی ولکن ان کل متاع فی وعاء مختوم علیه اکان یقدر علی ما فی جوفه حتی یفض الخاتم فیقولون لا فیقول ان محمدا صلی الله تعالٰی علیه وسلم فیاتونی ناقول انا لها فاذا اراد الله ان یصدع بین خلقه نادی منادِ این احمد و امته فنحن الاخرون الاولون نحن اٰخر الامم و اول من یحاسب فتفرج لنا الامم عن طریقنا الحدیث هذا مختصر۔

یعنی جب لوگ اور انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کے حضور سے مایوس ہو کر پھریں گے تو سیدنا عیسٰی علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہو کر شفاعت چاہیں گے مسیح فرمائیں گے میں اس منصب کا نہیں مجھے لوگوں نے اللہ کے سوا خدا بنایا تھا مجھے آج اپنی ہی فکر ہے مگر ہے یہ کہ جو چیز کسی سربمہر برتن میں رکھی ہو کیا بے مہر اٹھائے اُسے پا سکتے ہیں۔ لوگ کہیں گے نہ۔ فرمائیں گے تو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور یہاں تشریف فرما ہیں لوگ میرے حضور حاضر ہو کر شفاعت چاہیں گے میں فرماؤں گا میں ہوں شفاعت کے لیے پھر جب اللہ عزوجل اپنی مخلوق میں فیصلہ کرنا چاہے گا ایک منادی پکارے گا کہاں ہیں احمد

Marfat.com

اور اُن کی اُمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ہمیں پچھلے ہیں اور ہمیں اگلے سب اُمتوں سے تو پیچھے آئے اور سب سے پہلے ہمارا حساب ہوگا اور سب امتیں عرصات محشر ہیں ہمارے لیے راستہ دیں گی۔

## انبیا کا التجائے شفاعت

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حدیث طویل شفاعت ہیں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فیاتون محمدا فیقولون یا محمد انت رسول اللہ و خاتم الانبیاء

اولین و آخرین حضور خاتم النبیین افضل المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور آکر عرض کریں گے حضور اللہ کے رسول اور تمام انبیا کے خاتم ہیں ہماری شفاعت فرمائیں۔

## حضرت آدم اور اذانِ اوّل

ابو نعیم حلیۃ الاولیا اور ابن عساکر دونوں بطریق عطا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

نزل آدم بالھند واستوحش فنزل جبریل فنادی بالاذان اللہ اکبر اللہ اکبر اشھد ان لا الہ الا اللہ-اشھد ان لا الہ الا اللہ اشھد ان محمد رسول اللہ اشھد ان محمد رسول اللہ قال آدم من محمد قال آخر ولدک من الانبیاء۔

جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام بہشت سے ہند میں اُترے تو گھبرائے جبریل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم نے اُتر کر اذان دی جب نام پاک آیا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے پوچھا محمد کون ہیں کہا آپ کی اولاد میں سب سے پچھلے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## انشراح صدر

ابو نعیم دلائل میں یونس بن میسرہ بن حلبس سے مرسلا اور دارمی وابن عساکر بطریق یونس ھذا عن ابی ادریس الخولانی عبدالرحمٰن بن غنم اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موصولا راوی وھذا لفظ المرسل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ فرشتہ سونے کا طشت لے کر آیا اور میرا

Marfat.com

شکم مبارک چیر کر دل مقدس نکالا اور اُسے دھو کر کچھ اُس پر چھڑک دیا پھر کہا انت محمد رسول اللہ المقفی الحاشر الحدیث ھذا مختصر۔

حضور محمد رسول اللہ ہیں سب انبیاء کے بعد تشریف لانے والے تمام عالم کو حشر دینے والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حدیث متصل میں یوں ہے جبریل نے اتر کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شکم چاک کیا پھر کہا قلب وکیع فیہ اذنان سمیعتان وعینان بصیرتان محمد رسول اللہ المقفی الحاشر الحدیث۔ مضبوط و محکم دل ہے اس میں دو کان ہیں شنوا اور دو آنکھیں ہیں بینا محمد اللہ کے رسول ہیں انبیاء کے خاتم اور خلائق کو حشر دینے والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## بشارت میلاد الرسول

ابونعیم بطریق شہر بن حوشب اور ابن عساکر بطریق مسیب بن رافع وغیرہ حضرت کعب احبار سے راوی انہوں نے فرمایا میرے باپ اعلم علمائے توراۃ تھے اللہ عزوجل نے جو کچھ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر اتارا اس کا علم ان کے برابر کسی کو نہ تھا وہ اپنے علم سے کوئی شے مجھ سے نہ چھپاتے جب مرنے لگے مجھے بلا کر کہا اے میرے بیٹے تجھے معلوم ہے کہ میں نے اپنے علم سے کوئی چیز تجھ سے نہ چھپائی مگر ہاں دو ورق روک رکھے ہیں ان میں ایک نبی کا بیان ہے جس کی بعثت کا زمانہ قریب آپہنچا میں نے اس اندیشے سے تجھے اُن دو ورقوں کی خبر نہ دی کہ شاید کوئی جھوٹا مدعی نکل کھڑا ہو تو اس کی پیروی کرلے یہ طاق تیرے سامنے ہے میں نے اس میں وہ اوراق رکھ کر اوپر سے مٹی لگا دی ہے ابھی ان سے تعرض نہ کرنا نہ انھیں دیکھنا جب وُہ نبی جلوہ فرما ہو اگر اللہ تعالیٰ تیرا بھلا چاہے گا تو تو آپ ہی اُس کا پیرو ہو جائیگا یہ کہہ کر وُہ مرگئے ہم ان کے دفن سے فارغ ہوئے مجھے ان دونوں ورقوں کے دیکھنے کا شوق ہر چیز سے زیادہ تھا میں نے طاق کھولا ورق نکالے تو کیا دیکھتا ہوں کہ اُن میں لکھا ہے:

"محمد رسول اللہ خاتم النبیین لا نبی بعدہ مولدہ بمکۃ ومہاجرہ بطیبۃ الحدیث"

Marfat.com

محمد اللہ کے رسول ہیں سب انبیاء کے خاتم اُن کے بعد کوئی نبی نہیں اُن کی پیدائش مکے میں اور ہجرت مدینے کو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

## راہب کا استفسار

بیہقی و طبرانی و ابونعیم اور خرائطی کتاب الھواتف میں خلیفہ بن عبدہ سے راوی ہیں نے محمد بن عدی بن ربیعہ سے پوچھا جاہلیت میں کہ ابھی اسلام نہ آیا تھا تمھارے باپ نے تمھارا نام محمد کیونکر رکھا ۔ کہا میں نے اپنے باپ سے اس کا سبب پوچھا جواب دیا کہ بنی تمیم سے ہم چار آدمی سفر کو گئے تھے ایک میں اور سفیان بن مجاشع بن دارم اور زید بن ربیعہ اور اسامہ بن مالک جب ملک شام میں پہنچے ایک تالاب پر اُترے جس کے کنارے پیڑ تھے ۔ ایک راہب نے اپنے دَیرے سے ہمیں جھانکا اور کہا تم کون ہو ہم نے کہا اولادِ مضر سے کچھ لوگ ہیں کہا :

اما انه سوف يبعث منكم وشيكا نبى فسارعوا اليه وخذوا بحظكم منه ترشدوا فانه خاتم النبيين ۔

سنتے ہو عنقریب بہت جلد تم میں سے ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے تم اس کی طرف دوڑنا اور اس کی خدمت و اطاعت سے بہرہ یاب ہونا کہ وہ سب میں پچھلا نبی ہے ہم نے کہا اس کا نام پاک کیا ہوگا کہا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ جب ہم اپنے گھروں کو واپس آئے سب کے ایک ایک لڑکا ہوا اس کا نام محمد رکھا انتھی واللہ اعلم حیث یجعل رسالته ۔

## قبل از ولادت شہادتِ ایمان

زید بن عمرو بن نفیل کہ احد العشرۃ المبشرۃ سیدنا سعید بن زید کے والد ماجد ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم وعنہ موحدان و مومنان عہد جاہلیت سے تھے طلوع آفتاب عالمتاب اسلام سے پہلے انتقال کیا مگر اسی زمانے میں توحید الٰہی و رسالت حضرت ختمی پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دیتے ابن سعد و ابونعیم حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں زید کو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات مکہ معظمہ سے کوہ حرا کو جاتے تھے

Marfat.com

انھوں نے قریش کی مخالفت اور اُن کے معبودان باطل سے جدائی کی تھی، اُس پر آج اُن سے اور قریش سے کچھ لڑائی رنجش ہوچکی تھی مجھے دیکھ کر بولے اے عامر میں اپنی قوم کا مخالف اور ملت ابراہیم کا پیرو ہوا اُسی کو معبود مانتا ہوں جسے ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم پوجتے تھے۔ میں ایک نبی کا منتظر ہوں جو بنی اسمٰعیل اور اولاد عبدالمطلب سے ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے۔ میرے خیال میں میں ان کا زمانہ پاؤں گا میں ابھی ان پر ایمان لاتا اور ان کی تصدیق کرتا اُن کی نبوت کی گواہی دیتا ہوں تمھیں اگر اتنی عمر ملے کہ انھیں پاؤ تو میرا اسلام انہیں پہنچانا اے عامر میں تم سے اُن کی نعت وصفت بیان کیے دیتا ہوں کہ تم خوب پہچان لو در میانہ قد ہیں سر کے بال کثرت وقلت میں معتدل اُن کی آنکھوں میں ہمیشہ سُرخ ڈورے رہیں گے اُن کے شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے ان کا نام احمد اور یہ شہر ان کا مولد ہے یہیں ان کی رسالت ظاہر ہوگی۔ ان کی قوم انھیں تکے میں نہ رہنے دے گی کہ ان کا دین اسے ناگوار ہوگا۔ وہ ہجرت فرماکر مدینے جائیں گے وہاں سے اُن کا دین ظاہر و غالب ہوگا۔ دیکھو تم کسی دھوکے فریب میں آکر اُن کی اطاعت سے محروم نہ رہنا۔

فانی بلغت البلاد کلها لطلب دین ابراهیم وکل من اسأل من الیهود والنصاری والمجوس یقول هذا الدین ورائك و ینعتونه مثل ما نعته لك و یقولون لم یبق نبی غیره۔

کہ میں دین ابراہیمی کی تلاش میں شہروں شہروں پھرا یہود و نصارٰی مجوس جس سے پوچھا سب نے یہی جواب دیا کہ یہ دین تمھارے پیچھے آتا ہے اور اس نبی کی وہی صفت بیان کی جو میں تم سے کہہ چکا اور سب کہتے تھے کہ اُن کے سوا کوئی نبی باقی نہ رہا۔ عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب حضور خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلاۃ والثنا کی نبوت ظاہر ہوئی میں نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ باتیں حضور سے عرض کیں حضور نے ان کے حق میں دعائے رحمت فرمائی اور ارشاد کیا قد رأیته فی الجنة یسحب ذیله میں نے اُسے جنت میں دامن کشاں دیکھا۔

Marfat.com

## انکارِ ختم نبوت کی وجوہات

اللہ اللہ اس زمانے کے یہود و نصاریٰ و مجوس تو بالاتفاق حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہو جانے کی شہادتیں دیں اور آجکل کے کذاب بدلگام مدعیان اسلام یہ شاخسانے نکالیں مگر سبب یہ کہ اس وقت تک ان فرقوں کو نہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغض و حسد تھا نہ اپنے کسی پیشوا مردود کا سخن مطرود بنانا مراد و مقصد نہ اپنے کسی سگے کی بات رکھنی نہ بعد ظہور نور خاتمیت اپنے باپ دادا کی نبوت گڑھنی وہ کیوں جھوٹ بولتے جو کچھ علوم انبیاء و اخبار احبار و رہبان و علماء سے پہنچا تھا صاف کہتے تھے۔ بعد ظہور اسلام ان ملاعنہ کے دل میں حسد و عناد کا پھوڑا پھوٹا اور ان مدعیان اسلام پر یہ قہر ٹوٹا کہ کسی خبیث کا پیشوا خبیث معاذ اللہ آیہ کریمہ و خاتم النبیین میں خدا کا جھوٹ ممکن لکھ گیا اب یہ جب تک اپنی سینہ زوری سے کچھ تمام و اپنا گڑھ کر نہ دکھائیں اگرچہ زمین کے اسفل السافلین طبقے میں تو گرد جائیں پیشوا کی خدمت ہی کیا ہوئی ہونہار سپوتوں کی سعادت ہی کیا ہوئی کسی تمام کفر و ضلالت تقسیم و مباین حق و ہدایت کا کوئی بھائی لگتا ان نئے مرتدوں کے ہاتھ بک گیا ساتھ نہ خاتم النبیین کا فتویٰ لکھ گیا اب یہ اگر نانی نبوتوں کا ٹھیکہ نہ لیں ختم نبوت کے معنی منوانے کو مہم نہ کریں تو اکلوتے بھیا کی حمایت ہی کیا ہوئی۔ اختراعی طبیعت کی جودت ہی کیا ہوئی کسی مردک کو یہ دھن سمائی کہ سید بنے تو کیا ہے کوئی گنے تو نبی کا نواسا ہی گنے پاچے کا رشتہ کوئی بات نہیں پیری جی پوتے نہ بن بیٹھے تو کچھ کرامات نہیں وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

## مقوقس شاہِ مصر کی تصدیقِ ولادت

امام واقدی و ابونعیم حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

حدیث طویل ملاقات مقوقس بادشاہ مصر میں راوی جب ہم نے اس نصرانی بادشاہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح و تصدیق سنی اس کے پاس سے وہ کلام سن کر آئے جس نے ہمیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ذلیل و خاشع کر دیا ہم نے کہا سلاطین عجم ان کی تصدیق کرتے اور ان سے ڈرتے ہیں حالانکہ ان سے کچھ رشتہ

Marfat.com

علاقہ نہیں اور ہم تو اُن کے رشتہ دار اُن کے ہمسائے ہیں وُہ ہمارے گھر ہمیں دین کی طرف بلانے آئے اور ہم ابھی اُن کے پیرو نہ ہُوئے پھر میں اسکندریہ میں ٹھہرا کوئی گرجا کوئی پادری قبطی خواہ رومی نہ چھوڑا جہاں جا کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت جو وُہ اپنی کتاب میں پاتے ہیں نہ پوچھی ہو۔ ان میں ایک پادری قبطی سب سے بڑا مجتہد تھا اُس سے پُوچھا: ھل بقی احمد من الانبیاء آیا پیغمبروں میں سے کوئی رہا وُہ بولا نعم وھو اخر الانبیاء لیس بینہ و بین عیسٰی نبی قد امر عیسٰی باتباعہ و ھو النبی الامی العربی اسمہ احمد ہاں ایک نبی باقی ہیں وہ سب انبیاء سے پچھلے ہیں اُن کے اور عیسٰی کے بیچ میں کوئی نبی نہیں عیسٰی علیہ الصلاۃ والسلام کو اُن کی پیروی کا حکم ہوا ہے وُہ نبی امی عربی ہیں ان کا نام پاک احمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ پھر اس نے حلیہ شریفہ و دیگر فضائل لطیفہ ذکر کیے مغیرہ نے فرمایا اور بیان کر اس نے اور بتائے از انجملہ کہا یخص بما لم یخص بہ الانبیاء قبلہ کان النبی یبعث الی قومہ و بعث الی الناس کافۃ انہیں وُہ خصائص عطا ہوں گے جو کسی نبی کو نہ ملے ہر نبی اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا وہ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے مغیرہ فرماتے ہیں میں نے یہ سب باتیں خوب یاد رکھیں اور وہاں سے واپس آکر اسلام لایا۔

## میلاد النبی پر خاص تارے کا طلوع

ابونعیم حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں سات برس کا تھا ایک دن پچھلی رات کو وہ سخت آواز آئی کہ ایسی جلد پہنچتی آواز میں نے کبھی نہ سُنی تھی کیا دیکھتا ہُوں کہ مدینے کے ایک بلند ٹیلے پر ایک یہودی ہاتھ میں آگ کا شعلہ لیے چیخ رہا ہے۔ لوگ اس کی آواز پر جمع ہوئے وُہ بولا:

ھذا کوکب احمد قد طلع ھذا کوکب لا یطلع الا بالنبوۃ و لم یبق من الانبیاء الا احمد۔

یہ احمد کے ستارے نے طلوع کیا یہ ستارہ کسی نبی ہی کی پیدائش پر طلوع کرتا ہے اور اب انبیاء میں سوائے احمد کے کوئی باقی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

Marfat.com

**یہودی علمائے کے ہاں ذکرِ ولادت** امام واقدی و ابو نعیم حضرت حویصہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی قال کنا

و یہود فینا کانوا یذکرون نبیا یبعث بمکۃ اسمہ احمد و لم یبق من الانبیاء غیرہ ھو فی کتبنا الحدیث۔

یعنی میرے بچپن میں یہود ہم میں ایک نبی کا ذکر کیا کرتے جو مکے میں مبعوث ہونگے اُن کا نام پاک احمد ہے اب ان کے سوا کوئی نبی باقی نہیں وُہ ہماری کتابوں میں لکھے ہُوئے ہیں۔

**احبار کی زبان پر نعتِ نبی** ابو نعیم سعد بن ثابت سے راوی قال کان احبار یہود بنی قریظۃ و النضیر یذکرون صفۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فلما طلع الکوکب الاحمر اخبروا انہ نبی و انہ لا نبی بعدہ اسمہ احمد و مہاجرہ الی یثرب فلما قدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المدینۃ و نزلہا انکروا وحسدوا و بغوا۔

یہود بنی قریظہ و بنی نضیر کے علماء حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت بیان کرتے جب سرخ ستارہ چمکا تو انہوں نے خبر دی کہ وُہ نبی ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کا نام پاک احمد ہے۔ اُن کی ہجرت گاہ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لا کر رونق افروز ہُوئے یہود براہ حسد و بغاوت منکر ہو گئے فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکافرین۔

**اہلِ یثرب کو بشارتِ میلاد النبی** زیاد بن لبید سے راوی ہیں مدینہ طیبہ میں ایک ٹیلے پر تھا ناگاہ ایک آواز سُنی کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے۔

یا اھل یثرب قد ذھب و اللہ نبوۃ بنی اسرائیل ھذا نجم

Marfat.com

قد طلع بمولد احمد وھو نبی آخر الانبیاء ومھاجرہ الی یثرب۔

اے اہل مدینہ خدا کی قسم بنی اسرائیل کی نبوت گئی ولادت احمد کا تارا چمکا وہ سب سے پچھلے نبی ہیں مدینے کی طرف ہجرت فرمائیں گے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## یوشع کی زبان پر نعتِ رسول

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں نے مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہتے سنا کہ میں ایک روز بنی عبدالاشہل میں بات چیت کرنے گیا یوشع یہودی بولا اب وقت آلگا ہے ایک نبی کے ظہور کا جس کا نام احمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حرم سے تشریف لائیں گے اُن کا حلیہ و وصف یہ ہوگا میں اس کی باتوں سے تعجب کرتا اپنی قوم میں آیا وہاں بھی ایک شخص کو ایسا ہی بیان کرتے پایا میں بنی قریظہ میں گیا وہاں بھی ایک مجمع میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک ہو رہا تھا اُن میں سے زبیر بن باطا نے کہا:

قد طلع الکوکب الاحمر الذی لم یطلع الا لخروج نبی وظھورہ و لم اجد الا احمد و ھذہ مھاجرہ۔

بیشک سُرخ ستارہ طلوع ہو کر آیا یہ تارا کسی نبی ہی کی ولادت وظہور پر چمکتا ہے اور اب ہیں کوئی نبی نہیں پاتا سوا احمد کے اور یہ شہر ان کی ہجرت گاہ ہے صلی اللہ تعالے علیہ وسلم۔

**تذییل** ۔ ابن سعد وحاکم وبیہقی وابونعیم حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی مکہ معظمہ میں ایک یہودی بغرض تجارت رہتا جس رات حضور پُر نور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم پیدا ہوئے قریش کی مجلس میں گیا اور پوچھا کیا آج تم میں کوئی لڑکا پیدا ہوا انھوں نے کہا ہمیں نہیں معلوم کہا احفظوا ما اقول لکم ولد ھذہ اللیلۃ نبی ھذہ الامۃ الاخیرۃ بین کتفیہ علامۃ الحدیث۔

جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اسے حفظ کر رکھو آج کی رات اس پچھلی امت کا نبی پیدا ہوا اس کے شانوں کے درمیان علامت ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

Marfat.com

# ارشادات حضور ختم الانبیاء علیہم افضل الصلاۃ والثناء

وفیہا انواع نوع فی اسماء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

**اسماء النبی** اجلہ ائمہ بخاری ومسلم وترمذی ونسائی وامام مالک وامام احمد و ابوداؤد وطیالسی وابن سعد طبرانی وحاکم و بیہقی وابونعیم وغیرہم

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان لی اسماء انا محمد و انا احمد و انا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر و انا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی و انا العاقب الذی لیس بعدہ نبی۔

بیشک میرے متعدد نام ہیں میں محمد ہوں میں احمد ہوں میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر مٹاتا ہے میں حاشر ہوں میرے قدموں پر لوگوں کا حشر ہوگا میں عاقب ہوں اور عاقب وہ جس کے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبعہ اخیرہ الا الطبرانی کی روایت میں والخاتم زائد ہے یعنی اور میں خاتم ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**انا محمد و احمد** امام احمد مسند اور مسلم صحیح اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا محمد و احمد والمقفی والحاشر ونبی التوبۃ ونبی الرحمۃ

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیاء کے بعد آنے والا اور خلائق کو حشر دینے والا اور رحمت کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نام مبارک نبی التوبہ عجب جامع وکثیر المنافع نام پاک ہے۔ اس کی تیرہ توجیہیں فقیر غفرلہ المولی القدیر نے شرح صحیح مسلم للامام النووی وشروح الشفا للقاری والخفاجی ومرقاۃ و اشعۃ اللمعات شروح مشکوٰۃ وتیسیر وسراج المنیر وحفنی شروح جامع صغیر وجمع الوسائل شرح شمائل ومطالع المسرات ومواہب وشرح زرقانی ومجمع البحار سے التقاط کیں اور چار بتوفیق اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے بڑھائیں سب سترہ ہوئیں بعضہا املح من بعض واحلے۔

Marfat.com

**خصائص مصطفیٰ**

۱۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہدایت سے عالم نے توبہ و رجوع الی اللہ کی دولتیں پائیں حضور کی آواز پر متفرق جماعتیں مختلف امتیں اللہ عزوجل کی طرف پلٹ آئیں ذکرہ فی مطالع المسرات والقاری فی شرح الشفاء والشیخ المحقق نے اشعۃ اللمعات وعلیہ اقتصر فی المواھب اللدنیہ شرح الاسماء العلیۃ وقبلہ شارحھما الزرقانی عندسرو ہا۔

۲۔ ان کی برکت سے خلائق کو توبہ نصیب ہوئی الشیخ فی اللمعات والاشعۃ۔

اقول ولیس بالاول فان الھدایۃ دعوۃ وارائۃ وبالبرکۃ توفیق الوصول۔

۳۔ اُن کے ہاتھ پر جس قدر بندوں نے توبہ کی اور انبیائے کرام کے ہاتھوں پر نہ ہوئی الشیخ فی اللمعات واشار الیہ فی الاشعۃ حیث قال بعد ذکر الاولین "ایں صفت در جمیع انبیا مشترک ست و در ذات شریف آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم از ہمہ بیشتر و وافر و کامل ترست۔ صحیح حدیثوں سے ثابت کہ روزِ قیامت یہ امت سب امتوں سے شمار میں زائد ہوگی نہ فقط ہر ایک امت جداگانہ بلکہ مجموع جمیع امم سے۔ اہل جنت کی ایک سو بیس صفتیں ہوں گی جن میں بحمد اللہ تعالیٰ اسی ہماری اور چالیس میں باقی سب امتیں۔ والحمد للہ رب العلمین۔

۴۔ وہ توبہ کا حکم لے کر آئے الامام النووی فی شرح صحیح مسلم والقاری فی جمع الوسائل والزرقانی فی شرح المواھب۔

۵۔ اللہ عزوجل کے حضور سے قبول توبہ کی بشارت لائے شرح المواھب والمناوی فی التیسیر۔

۶۔ اقول بلکہ وہ توبہ عام لائے ہر نبی صرف اپنی قوم کے لیے توبہ لاتا وہ تمام جہان سے توبہ لینے آئے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۷۔ بلکہ توبہ کا حکم وہی لے کر آئے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء سب ان کے نائب ہیں

Marfat.com

تو روز اول سے آج تک اور آج سے قیامت تک جو توبہ خلق سے طلب کی گئی یا کی جائے گی واقع ہوئی یا وقوع پائے گی۔ سب کے نبی ہمارے نبی توبہ ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الفاسی فی مطالع المسرات فجزاہ اللہ معالی المبرات وعوالی المسرات۔

۸۔ توبہ سے مراد اہل توبہ ہیں اسی علی وزان قولہ تعالیٰ واسئل القریۃ یعنی توابین کے نبی مطالع المسرات مع زیادۃ منی اقول اب اوفق یہ ہے کہ توبہ سے مراد ایمان لیں کما سوغہ المناوی ثم العزیزی فی شروح الجامع الصغیر۔ حاصل یہ کہ تمام اہل ایمان کے نبی۔

۹۔ ان کی اُمت توابین ہیں وصف توبہ میں سب امتوں سے ممتاز ہیں قرآن اُن کی صفت میں التائبون فرماتا ہے جمع الوسائل جب گناہ کرتے ہیں توبہ لاتے ہیں یہ امت کا فضل ہے اور امت کا ہر فضل اس کے نبی کی طرف راجع مطالع اقول وبہ فارق ماقبلہ فلیس فیہ حذف ولا تجوز۔

۱۰۔ ان کی امت کی توبہ سب امتوں سے زائد مقبول ہوئی حفنی علی الجامع الصغیر کہ اُن کی توبہ میں مجرد ندامت وترک فی الحال وعزم اجتناب پر کفایت کی گئی نبی الرحمۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے بوجھ اُتار لیے اگلی امتوں کے سخت و شدید بار ان پر نہ آنے دیے اگلوں کی توبہ سخت سخت شرائط سے مشروط کی جاتی تھی گوسالہ پرستی سے بنی اسرائیل کی توبہ اپنی جانوں کے قتل سے رکھی گئی کما نطق بہ القرآن العزیز جب ستر ہزار آپس میں کٹ چکے ہیں اس وقت توبہ قبول ہوئی شرح الشفا للقاری والمرقاۃ ونسیم الریاض والفاسی و مجمع

---

ل؎ اقتصر الحفنی فی تقریر ھذا الوجہ علی ذکر الاستغفار فقط فقال لانہ قبل من امتہ التوبۃ بمجرد الاستغفار زاد مبرک بخلاف الامم السابقۃ و استدل بقولہ تعالیٰ فاستغفروا اللہ واستغفرلھم الرسول الایۃ وقد ذانی اٰکے مظہرہ۔

Marfat.com

البحار برمز (ن) للامام النووی والذی رأیتہ فی منهاجه ماقدمت فحسب ــ

۱۱۔ وہ خود کثیر التوبہ ہیں صحیح بخاری میں ہے ہیں روز اللہ سبحٰنہٗ سے سو بار استغفار کرتا ہوں شرح الشفا والمرقاۃ واللمعات والمجمع برمز (ط) للطیبی والزرقانی ہر ایک کی توبہ اس کے لائق ہے حسنات الابرار سیات المقربین حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر آن ترقی مقامات قرب و مشاہدہ میں ہیں وللاخرۃ خیر لک من الاولیٰ ٥ جب ایک مقام اجل واعلیٰ پر ترقی فرماتے گزشتہ مقام کو بہ نسبت اس کے ایک نوع تقصیر تصور فرما کر

---

(بقیہ حاشیہ ص۲۲) اقرہ العلامۃ القاری فی المرقاۃ وفی شرح الشفا وشدد النکیر علیہ فی جمع الوسائل شرح الشمائل فقال هذا قول لم یقل به احد من العلماء فهو خلاف الامۃ قال وارکان التوبۃ علی ما قاله العلماء ثلثة الندم والقلع والعزم علی ان لا یعود ولا احد جعل الاستغفار اللسانی شرطا للتوبۃ الخ اقول رحمه اللہ مولانا القاری این فی کلام الحنفی و میرک ان التوبة لا تقبل الا بالاستغفار فضلا عن اشتراط الاستغفار باللسان انما ذکر ان مجرد الاستغفار کاف فی توبۃ هذه الامۃ من دون الزام امور أُخر شاقۃ جدا کقتل الانفس وغیرہ مما الزمت به الامم السابقۃ فلا تشتم منه رائحۃ اشتراط الاستغفار لمطلق التوبۃ وان امعنت النظر لم تجد فیه خلاف الحدیث الارکان ایضا فان الاستغفار الصادق لا ینشؤ الا عن ندم صحیح والندم الصحیح یلزمه الاقلاع وعزم الترک ولذا صح عنه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قوله الندم توبۃ علا ان المقصود الحصر بالنسبۃ الی ما کان علی الامم السابقۃ من الامر ثم هذا کله لا مساغ له فی تقریر الوجه بما قررنا کما تری فاعرف ۱۲ منہ

Marfat.com

اپنے رب کے حضور توبہ واستغفار لائے تو وہ ہمیشہ ترقی اور ہمیشہ ترقی اور ہمیشہ توبہ نے تقصیر ہیں ہیں صلی اللہ علیہ وسلم مطالع مع بعض زیادات منی۔

۱۲۔ **باب توبہ** : انھیں کے امت کے آخر عہد میں باب توبہ بند ہوگا شرح الشفا للقاری اگلی امتوں میں اگر کوئی ایک نبی کے ہاتھ پر تائب نہ ہوتا امکان رہتا کہ دوسرا نبی آئے اس کے ہاتھ پر توبہ لائے یہاں باب نبوت مسدود اور ختم ملت پر توبہ مفقود تو جو ان کے دست اقدس پر توبہ لائے اس کے لیے کہیں توبہ نہیں افادۃ القاسی وبہ استفام کونہ من وجوہ التسمی بھذا الاسم العلی السمی۔

۱۳۔ **فاتح باب توبہ** : وہ فاتح باب توبہ ہیں سب میں پہلے سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے توبہ کی وہ انھیں کے توسل سے تھی تو وہی اصل توبہ ہیں اور وہی وسیلۂ توبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مطالع۔

۱۴۔ **کعب رضی کا خون** : وہ توبہ قبول کرنے والے ہیں ان کا دروازہ کرم توبہ و معذرت کرنے والوں کے لیے ہمیشہ مفتوح ہے جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کعب بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خون ان کے زمانہ نصرانیت میں مباح فرما دیا تھا۔ ان کے بھائی بجیر بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں لکھا طرالیہ فانہ لا یرد من جاء تائبا ان کے حضور اڑ کر آؤ کہ وہ ان کے سامنے توبہ کرتا حاضر ہو اسے کبھی رد نہیں فرماتے مطالع المسرات اسی بنا پر کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حاضر ہوئے راہ میں قصیدہ مقدسہ بانت سعاد نظم کیا جس میں عرض رسا ہیں ؎

انبئت ان رسول اللہ اوعدنی
والعفو عند رسول اللہ مامول
انی اتیت رسول اللہ معتذرا
والعذر عند رسول اللہ مقبول

Marfat.com

مجھے خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے لیے سزا کا حکم فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور معذرت کرتا حاضر ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عذر دولت قبول پاتا ہے۔

توراۃ مقدس میں ہے لا یجزی بالسیئۃ السیئۃ ولکن یعفو و یغفر احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدی کا بدلہ بدی نہ دیں گے بلکہ بخشش دیں گے اور مغفرت فرمائیں گے رواہ البخاری عن عبد اللہ بن عمرو والدارمی وابنا سعد وعساکر عن ابن عباس والاخیر عن عبد اللہ بن سلام وابن ابی حاتم عن وھب بن منبہ وابو نعیم عن کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین ولہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسمائے طیبہ میں **عفو غفور** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۱۵۔ **نبی توبہ:** **اقول** وہ نبی توبہ ہیں۔ بندوں کو حکم ہے کہ ان کی بارگاہ میں حاضر ہو کر توبہ واستغفار کریں اللہ تو ہر جگہ سنتا ہے۔ اس کا علم اس کا سمع اس کا شہود سب جگہ ایک سا ہے مگر حکم یہی فرمایا کہ میری طرف توبہ چاہو تو میرے محبوب کے حضور حاضر ہو۔ قال تعالیٰ ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جآءوک فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما ○ اگر وہ جو اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہو کر خدا سے بخشش چاہیں اور رسول ان کی مغفرت مانگے تو ضرور خدا کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ حضورؐ کے عالم حیات ظاہری میں حضور ظاہر تھا اب حضور مزار پر انوار ہے اور جہاں یہ بھی میسر نہ ہو تو دل سے حضور پُر نور کی طرف توجہ حضور سے توسل فریاد استغاثہ طلب شفاعت کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اب بھی ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں روح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضرۃ فی بیوت اھل الاسلام۔

---

ف ۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔

Marfat.com

۱۶۔ اقول وہ مفیض توبہ ہیں توبہ لیتے بھی وہی ہیں اور دیتے بھی وہی ہیں یہ توبہ نہ دیں تو
توبہ نہ کر سکے توبہ ایک نعمت عظمٰی بلکہ اجل نعم ہے اور نصوص متواترہ اولیائے کرام
و ائمۂ عظام وعلمائے اعلام سے مبرہن ہو چکا کہ ہر نعمت قلیل یا کثیر صغیر یا کبیر جسمانی
یا روحانی دینی یا دنیوی ظاہری یا باطنی روز اول سے اب تک اب سے قیامت
تک قیامت سے آخرت آخرت سے ابد تک مومن یا کافر مطیع یا فاجر ملک یا انسان
جن یا حیوان بلکہ تمام ماسوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی یا ملتی ہے یا ملے گی اس کی کلی انہیں
کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے اور کھلے گی انھیں کے ہاتھوں پر بٹی اور بٹتی ہے
یہ سر الوجود و اصل الوجود و خلیفۃ اللہ الاعظم و ولی نعمت عالم ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
یہ خود فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا ابوالقاسم اللہ یعطی وانا اقسم
میں ابوالقاسم ہوں اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم فرماتا ہوں رواہ الحاکم فی
المستدرک وصححہ واقرہ الناقدون ان کا رب اللہ عزوجل فرماتا ہے وما
ارسلنک الا رحمۃ للعلمین ۝ ہم نے نہ بھیجا تمہیں مگر رحمت سارے جہان
کے لیے فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ نے اس جاں فزا و ایمان افروز و دشمن گداز و شیطان سوز
بحث کی تفصیل جلیل اور اس پر نصوص قاہرہ کثیرہ وافرہ کی تحریر جمیل اپنے رسالہ
مبارکہ سلطنت المصطفیٰ[9] فی ملکوت کل الورٰی[12] میں ذکر کی والحمد للہ
رب العلمین۔

۱۷۔ اقول وہ نبی توبہ ہیں کہ گناہوں سے ان کی طرف توبہ کی جاتی ہے نبی توبہ ہیں ان کا
نام پاک نام جلالت حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ لیا جاتا ہے کہ میں اللہ و
رسول کی طرف توبہ کرتا ہوں جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحیح بخاری و صحیح
مسلم شریف میں ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی یا رسول
اللہ اتوب الی اللہ والی رسولہ ماذا اذنبت یا رسول اللہ میں اللہ اور اللہ کے

---

ف: ہر نعمت ہر شخص کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملی اور ملتی ہے اور ملے گی۔

Marfat.com

رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔ معجم کبیر میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ابوبکر صدیق وعمر فاروق وغیرہما چالیس احد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کھڑے ہو کر ہاتھ پھیلا کر لرزتے کانپتے حضور سے عرض کی تبنا الی اللہ والی رسولہ ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف توبہ کرتے ہیں فقیر نے یہ حدیثیں مع جلیل ونفیس اپنے رسالہ مبارکہ الامن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء میں ذکر کیں۔ اقول توبہ کے معنی ہیں نافرمانی سے باز آنا جس کی معصیت کی ہے۔ اس سے عہد اطاعت کی تجدید کرکے اُسے راضی کرنا اور نص قطعی قرآن سے ثابت کہ اللہ عزوجل کا ہر گنہگار حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گنہگار ہے قال اللہ تعالیٰ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ و یلزمہ عکس النقیض من لم یطع اللہ لم یطع الرسول وھو معنیٰ قولنا من عصی اللہ فقد عصی الرسول اور قرآن عظیم حکم دیتا ہے کہ اللہ ورسول کو راضی کرو قال اللہ تعالیٰ واللہ ورسولہ احق ان یرضوہ ان کانوا مومنین ۝ سب سے زیادہ راضی کرنے کے مستحق اللہ ورسول ہیں اگر یہ لوگ ایمان رکھتے ہیں نسأل اللہ الایمان والامن والامان ورضاہ ورضی رسولہ الکریم علیہ وعلیٰ الہ الصلاۃ والتسلیم یہ نفیس فوائد کہ استطراداً زبان پر آگئے قابل حفظ ہیں کہ اس رسالے کے غیر میں نہ ملیں گے یوں تو ع

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست

مگر میں امید کرتا ہوں کہ فقیر کی یہ تین توجیہیں اخیر بحمد اللہ تعالیٰ چیزے دیگر ہیں وباللہ التوفیق ۔

**توبہ قبول کرنے والے نبی** امام احمد وابن سعد وابن ابی شیبہ اور امام بخاری تاریخ اور ترمذی شمائل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی مدینہ طیبہ کے ایک راستے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ملے ارشاد فرمایا انا محمد وانا احمد وانا نبی الرحمۃ

Marfat.com

ونبی التوبۃ وانا المقفی وانا الحاشر ونبی الملاحم میں محمد ہوں احمد ہوں
میں رحمت کا نبی ہوں میں توبہ کا نبی ہوں میں سب میں آخر نبی ہوں میں حشر دینے والا ہوں
میں جہادوں کا نبی ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## مالک لوائے حمد

طبرانی معجم کبیر اور سعید بن منصور سنن میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا احمد وانا محمد وانا الحاشر الذی احشر الناس علی قدمی وانا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر فاذا کان یوم القیمۃ کان لواء الحمد معی وکنت امام المرسلین وصاحب شفاعتھم میں محمد ہوں میں حاشر ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر میں حشر دوں گا میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر کو محو فرماتا ہے قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا میں سب پیغمبروں کا امام اور ان کی شفاعتوں کا مالک ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسمائے طیبہ خاتم و عاقب و مقفی تو معنی ختم نبوت میں نص ہیں ہی علماء فرماتے ہیں اسم پاک حاشر بھی اسی طرف ناظر امام نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں:
قال العلماء معناھما ای معنی روایتی قدمی بالتثنیۃ والافراد یحشرون علی اثری وزمان نبوتی ورسالتی ولیس بعدی نبی تیسیر میں ہے ای علی اثر نبوتی ای زمنھا ای لیس بعدہ نبی جمع المسائل میں ہے قال الجزری ای یحشر الناس علی اثر زمان نبوتی لیس بعدی نبی۔

## دس اسمائے مبارکہ

ابن مردویہ تفسیر اور ابونعیم دلائل میں اور ابن عدی و ابن عساکر و دیلمی حضرت ابو الطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لی عشرۃ اسماء عند ربی انا محمد واحمد والفاتح والخاتم وابو القاسم والحاشر والعاقب والماحی ویٰس وطٰہٰ میرے رب کے یہاں میرے دس نام ہیں:
محمد و احمد و فاتح عالم ایجاد و خاتم نبوت و ابو القاسم و حاشر و آخر الانبیاء۔

Marfat.com

وماحی کفر ویٰس وطٰہٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن عدی کامل میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ان لی عند ربی عشرۃ اسماء میرے رب کے پاس میرے لیے دس نام ہیں ازانجملہ محمد واحمد وماحی وحاشر وعاقب یعنی ختم الانبیاء ورسول الرحمۃ ورسول التوبہ ورسول الملاحم ذکر کرکے فرمایا:

وانا المقفی قفیت النبیین عامۃ وانا قثم میں مقفی ہوں کہ تمام پیغمبروں کے بعد آیا اور میں کامل جامع ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

تنبیہ: یہ حدیث ابن عدی نے مولیٰ علی وام المومنین صدیقہ واسامہ بن زید وعبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی روایت کی کما فی مطالع المسرات فان کان فی کلھا عاقب اومقفی ونحوھا کانت خمسۃ احادیث۔

## الحاشر والعاقب

حاکم مستدرک میں بافادہ تصحیح حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کنیسۂ یہود میں تشریف لے گئے میں ہمرکاب اقدس تھا فرمایا: اے گروہ یہود مجھے بارہ آدمی دکھاؤ جو گواہی دینے والے ہوں کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل سب یہود سے اپنا غضب (یعنی جس میں وہ زمانۂ موسٰی علیہ الصلاۃ والسلام سے گرفتار ہیں کہ وباؤا بغضب من اللہ فباؤا بغضب علیٰ غضب۔) اٹھالے گا یہود سن کر چپ رہے کسی نے جواب نہ دیا حضور نے فرمایا ابیتم فواللہ لانا الحاشر وانا العاقب وانا النبی المصطفیٰ اٰمنتم اوکذبتم تم نے نہ مانا خدا کی قسم بیشک میں حاشر ہوں اور میں خاتم الانبیاء ہوں اور میں نبی مصطفیٰ ہوں خواہ تم مانو یا نہ مانو۔

## رسول جہاد

ابن سعد مجاہد مکی سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا محمد واحمد انا رسول الرحمۃ انا رسول الملحمۃ انا المقفی والحاشر میں محمد واحمد ہوں، میں

Marfat.com

رسول رحمت ہوں میں رسول ہوں اور میں خاتم الانبیاء ہوں میں لوگوں کو حشر دینے والا ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## نوع آخر ھوالاوّل والاٰخر والظاھر والباطن

وہی ہیں اوّل وہی ہیں آخر وہی ہیں باطن وہی ہیں ظاہر
انھیں سے عالم کی ابتدا ہے وہی رسولوں کی انتہا ہیں

صحیحین میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

نحن الاٰخرون السابقون یوم القیٰمۃ ہم زمانے میں سب سے پچھلے اور قیامت میں سب سے اگلے ہیں۔

مسلم و ابن ماجہ ابوہریرہ و حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

نحن الاٰخرون من اھل الدنیا و الاوّلون یوم القیٰمۃ المقضی لھم قبل الخلائق ہم دنیا میں سب کے بعد اور آخرت میں سب پر سابق ہیں تمام جہان سے پہلے ہمارے لیے حکم ہوگا۔

دارمی ابن مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ ادرك بی الاجل المرجو اختار فی اختیار فنحن الاٰخرون و نحن السابقون یوم القیٰمۃ۔ بیشک اللہ نے مجھے مدتِ اخیر و زمانۂ انتظار پر پہنچایا اور مجھے چن کر پسند فرمایا تو ہمیں سب سے پچھلے اور ہمیں روزِ قیامت سب سے اگلے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس حدیث میں نسخے مختلف ہیں بعض میں یوں ہے:

ان اللہ ادرك بی الاجل المرحوم و اختصر لی اختصارا مجھے اللہ عزوجل نے

Marfat.com

محض رحمت کے وقت پہنچایا اور رہبری کے لیے کمال اختصار فرمایا۔ اس اختصار کی شرح و تفسیر پانچ وجہ منیر پر فقیر نے اپنے رسالہ تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین میں بیان کی۔

## آخرِ زمان اور اولین یومِ قیامت

اسحٰق بن راہویہ مسند اور ابوبکر بن ابی شیبہ استاذ بخاری و مسلم مصنف میں مکحول سے راوی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک یہودی پر کچھ آتا تھا اس سے لینے تشریف لے گئے اور فرمایا:

لا والذی اصطفیٰ محمدا علی البشر لا افارقك قسم اس کی جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام آدمیوں سے برگزیدہ کیا میں تجھے نہ چھوڑوں گا یہودی بولا واللہ خدا نے انھیں تمام بشر سے افضل نہ کیا امیر المومنین نے اسے تپانچہ مارا۔ وہ بارگاہِ رسالت میں نالشی آیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عمر تم اس تپانچہ کے بدلے اسے راضی کردو (یعنی ذمی ہے) اور ہاں اے یہودی آدم صفی اللہ ابراہیم خلیل اللہ نوح نجی اللہ موسیٰ کلیم اللہ عیسیٰ روح اللہ ہیں و انا حبیب اللہ اور میں اللہ کا پیارا ہوں۔ ہاں اے یہودی اللہ نے اپنے دو ناموں پر میری اُمت کے نام رکھے اللہ سلام ہے اور میری امت کا نام مسلمین رکھا اور اللہ مومن ہے اور میری اُمت کو مومنین لقب دیا۔ ہاں اے یہودی تم زمانے میں پہلے ہو و نحن الآخرون السابقون یوم القیامۃ اور ہم زمانے میں بعد اور روزِ قیامت میں سب سے پہلے ہیں ہاں ہاں جنت حرام ہے انبیاء پر جب تک میں اس میں جلوہ افروز نہ ہوں اور حرام ہے امتوں پر جب تک میری امت نہ داخل ہو صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیہم وسلم۔

## دریائے رحمت

بیہقی شعب الایمان میں ابو قلابہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: انما بعثت فاتحا وخاتما میں بھیجا گیا دریائے رحمت کھولتا اور نبوت و رسالت ختم کرتا ہوا۔

Marfat.com

## آخرینِ بعثت

ابن ابی حاتم و بغوی و ثعلبی تفاسیر اور ابو اسحٰق جوزجانی تاریخ اور ابو نعیم دلائل میں بطریق عدیدہ عن قتادہ عن الحسن عن ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسنداً اور ابن سعد طبقات اور ابن لال مکارم الاخلاق میں قتادہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آیہ کریمہ واذ اخذنا من النبیین میثاقھم ومنك ومن نوح وابراھیم وموسٰی وعیسی بن مریم کی تفسیر میں فرمایا کنت اول النبیین فی الخلق واٰخرھم فی البعث میں سب نبیوں سے پہلے پیدا ہوا اور سب کے بعد بھیجا گیا۔ قتادہ نے کہا فبدا بہ قبلھم اسی لیے رب العزت تبارک وتعالیٰ نے آیہ کریمہ میں انبیائے سابقین سے پہلے حضور پُر نور کا نام پاک لیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**تذییل:** ابو سہل قطان اپنے امالی میں سہل بن صالح ہمدانی سے راوی ہیں نے حضرت سیدنا امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو سب انبیاء کے بعد مبعوث ہوئے حضور کو سب پر تقدم کیونکر ہوا فرمایا ان اللہ تعالیٰ لما اخذ من بنی اٰدم من ظھورھم ذریاتھم واشھدھم علٰی انفسھم الست بربکم کان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول من قال بلٰی ولذٰلك صار یتقدم الانبیاء وھو اٰخر من بعث جب اللہ تعالیٰ نے آدمیوں کی پیٹھوں سے اُن کی اولادیں روز میثاق نکالیں اور انہیں خود اُن پر گواہ بنا کے فرمایا کیا میں تمہارا رب نہیں تو سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلمہ بلٰی عرض کیا کہ ہاں کیوں نہیں۔ اس وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب انبیاء پر تقدم ہوا حالانکہ حضور سب کے بعد مبعوث ہوئے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## حضرت فاروق کا طریقِ ندا وخطاب بعد از وصال

شفا شریف امام قاضی عیاض و احیاء العلوم امام حجۃ الاسلام و مدخل امام ابن الحاج و اقتباس الانوار علامہ ابو عبداللہ محمد بن علی رشاطی و شرح البردہ ابو العباس قصار و مواہب لدنیہ امام قسطلانی وغیرہا کتب معتمدین میں ہے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد وفات حضور سید الکائنات علیہ افضل الصلوات والتحیات جو فضائل عالیہ حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کو ندا وخطاب کر کے

Marfat.com

عرض کیے ہیں انھیں میں گزارش کرتے ہیں بابی انت و امی یا رسول الله لقد بلغ من فضیلتك عند الله ان بعثك اخر الانبیاء وذکرك فی اولهم فقال و اذ اخذنا من النبیین میثاقهم و منك و من نوح الآیۃ یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان حضور کی فضیلت اللہ عزوجل کی بارگاہ میں اس حد کو پہنچی کہ حضور کو تمام انبیاء کے بعد بھیجا اور ان سب سے پہلے ذکر فرمایا کہ فرماتا ہے اور یاد کر جب ہم نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا اور تجھ سے اے محبوب اور نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ بن مریم سے علیہم الصلاۃ والسلام۔

علامہ محمد بن احمد بن محمد بن محمد بن ابی بکر بن مرزوق تلمسانی شرح شفا شریف میں

## حضرت جبرائیل سلام کہتے ہیں

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جبریل نے حاضر ہو کر مجھے یوں سلام کیا السلام علیك یا ظاهر السلام علیك یا باطن میں نے فرمایا اے جبریل یہ صفات تو اللہ عزوجل کی ہیں کہ اسی کو لائق ہیں مجھ سے مخلوق کی کیونکر ہو سکتی ہیں جبریلؑ نے عرض کی اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور کو ان صفات سے فضیلت دی اور تمام انبیاء و مرسلین پر ان سے خصوصیت بخشی اپنے نام و وصف سے حضور کے نام و وصف مشتق فرمائے وسماك بالاول لانك اول الانبیاء خلقا و سماك بالاخر لانك اخر الانبیاء فی العصر وخاتم الانبیاء الی اخر الامم حضور کا اول نام رکھا کہ حضور سب انبیاء سے آفرینش میں مقدم ہیں اور حضور کا آخر نام رکھا کہ حضور سب پیغمبروں سے زمانے میں مؤخر و خاتم الانبیاء و نبی امت آخرین ہیں۔ باطن نام رکھا کہ اس نے اپنے نام پاک کے ساتھ حضور کا نام نامی سنہرے نور سے ساق عرش پر آفرینش آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے دو ہزار برس پہلے ابد تک لکھا پھر مجھے حضور پر درود بھیجنے کا حکم دیا میں نے حضور پر ہزار سال درود بھیجی اور ہزار سال بھیجی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو مبعوث کیا خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور جگمگاتا سورج۔ حضور کو ظاہر نام عطا فرمایا کہ اس نے حضور کو تمام دینوں پر ظہور و غلبہ دیا اور حضور کی شریعت و فضیلت کو تمام اہل سموات وارض پر ظاہر و آشکارا کیا تو کوئی ایسا نہ رہا جس نے حضور پر درود

Marfat.com

درود نہ بھیجی ہو اللہ حضور پر درود بھیجے فربك محمود وانت محمّد و ربك الاوّل والآخر والظاھر والباطن وانت الاول والآخر والظاھر والباطن پس حضور کا رب محمود ہے اور حضور محمد حضور کا رب اول و آخر و ظاہر و باطن ہے اور حضور اوّل و آخر و ظاہر و باطن ہیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

الحمد للہ الذی فضلنی علی جمیع النبیین حتی فی اسمی وصفتی سب خوبیاں اللہ عزوجل کو جس نے مجھے تمام انبیاء پر فضیلت دی یہاں تک کہ میرے نام و صفت میں ذکرہ القاری فی شرح الشفاء فقال قد روی التلمسانی عن ابن عباس الخ اقول ظاھرہ انہ اخرجہ بسندہ فان الاسناد ماخوذ فی مفھوم الروایۃ کما قالہ الزرقانی فی شرح المواھب ولعل الظاھر ان فیہ تجرید او المراد اورد و ذکر اللہ تعالیٰ اعلم۔

# نوع اخر خصوص نصوص ختم نبوّت

صحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، فضلت علی الانبیاء بست اعطیت جوامع الکلم ونصرت بالرعب واحلت لی الغنائم وجعلت لی الارض مسجدا وطھورا وارسلت الی الخلق کافۃ وختم بی النبیون میں تمام انبیاء پر چھ وجہ سے فضیلت دیا گیا مجھے جامع باتیں عطا ہوئیں اور مخالفوں کے دل میں میرا رعب ڈالنے سے میری مدد کی گئی اور میرے لیے غنیمتیں حلال ہوئیں اور میرے لیے زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ قرار دی گئی اور میں تمام جہان سب ماسوی اللہ کا رسول ہوا اور مجھ سے انبیاء ختم کیے گئے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**خاتم النبیین** دارمی اپنی سنن میں بسند صحیح اور بخاری تاریخ اور طبرانی اوسط اور بیہقی سنن میں اور ابو نعیم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا قائد المرسلین ولا فخر وانا خاتم النبیین ولا فخر وانا شافع و

Marfat.com

ومشفع ولا فخر۔

میں تمام پیغمبروں کا خاتم ہوں اور بطور فخر نہیں کہتا اور میں سب سے پہلا شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلا شفاعت قبول کیا گیا ہوں اور بر وجہ فخر ارشاد نہیں کرتا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احمد و حاکم و بیہقی و ابن حبان عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انی مکتوب عند اللہ فی ام الکتاب لخاتم النبیین و ان ادم لمنجدل فی طینتہ بیشک بالیقین میں اللہ کے حضور لوح محفوظ میں خاتم النبیین لکھا تھا اور ہنوز آدم اپنی مٹی میں پڑے تھے ؎

آدم سروتن بآب و گل داشت
کو حکم بملکِ جان و دل داشت

## لوح محفوظ پر شہادت ختم نبوت

مواہب لدنیہ و مطالع المسرات میں ہے خرج مسلم فی صحیحہ من حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ قال ان اللہ عز وجل کتب مقادیر الخلق قبل ان یخلق السمٰوٰت و الارض بخمسین الف سنۃ فکان عرشہ علی الماء ومن جملۃ ما کتب فی الذکر وھو ام الکتاب ان محمدا خاتم النبیین۔

یعنی صحیح مسلم شریف میں حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ عزوجل نے زمین و آسمان کی آفرینش سے پچاس ہزار برس پہلے خلق کی تقدیر لکھی اور اس کا عرش پانی پر تھا منجملہ ان تحریرات کے لوح محفوظ میں لکھا بیشک محمد خاتم النبیین ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم قال بعد ھذا فی المواھب وعن العرباض بن ساریہ فذکر الحدیث المذکور انفا وقال بعدہ فی المطالع وغیر ذالک من الاحادیث اھ وقال الزرقانی

Marfat.com

بعد قوله ان محمدا خاتم النبيين فان قيل الحديث يفيد سبق العرش على التقدير وعلى كتابة محمد خاتم النبيين الخ فافادوا جميعا انه تمامه حديث واحد مخرج هكذا فى صحيح مسلم والعبد الضعيف راجع الصحيح من كتاب القدر فلم يجد فيه الا الى قوله وكان عرشه على الماء وبهذا القدر عزاه له فى المشكوٰة والجامع الصغير والكبير وغيرها فالله اعلم۔

## عمارتِ نبوّت کی آخری اینٹ

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حضرت جابر بن عبداللہ اور احمد ... شیخین حضرت ابوہریرہ اور احمد و مسلم حضرت ابو سعید خدری اور احمد و ترمذی حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بالفاظ متناسبہ و معانی متقاربہ راوی حضور خاتم المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مثلى ومثل الانبياء كمثل قصر احسن بنيانه ترك منه موضع لبنة فطاف به النظار يتعجبون من حسن بنيانه الا موضع تلك اللبنة فكنت انا سددت موضع اللبنة ختم بي البنيان وختم بي الرسل وفى لفظ للشيخين فانا اللبنة وانا خاتم النبيين۔

میری اور تمام انبیاء کی کہاوت ایسی ہے جیسے ایک محل نہایت خوب بنایا گیا اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی رہی دیکھنے والے اس کے آس پاس پھرتے اور اس کی خوبی تعمیر سے تعجب کرتے مگر وہی ایک اینٹ کی جگہ کہ نگاہوں میں کھٹکتی ہے، میں نے تشریف لا کر وہ جگہ بند کی مجھ سے یہ عمارت پوری کی گئی مجھ سے رسولوں کی انتہا ہوئی میں عمارت نبوت کی وہ پچھلی اینٹ ہوں میں تمام انبیاء کا خاتم ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام ترمذی حکیم عارف باللہ محمد بن علی نوادر الاصول میں سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اول الرسل آدم و آخرهم محمد سب رسولوں میں پہلے آدم علیہ الصلاۃ

Marfat.com

والسلام ہیں اور سب میں پچھلے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

## سوسمار کی گواہی

طبرانی معجم اوسط و معجم صغیر اور ابن عدی کامل اور حاکم کتاب المعجزات اور بیہقی و ابونعیم کتابیں دلائل النبوۃ اور ابن عساکر تاریخ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجمع اصحاب میں تشریف فرما تھے کہ ایک بادیہ نشین قبیلہ بنی سلیم کا آیا سوسمار شکار کر کے لایا تھا وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ڈال دیا اور بولا قسم ہے لات و عزیٰ کی وہ شخص آپ پر ایمان نہ لائے گا جب تک یہ سوسمار ایمان نہ لائے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس جانور کو پکارا وہ فصیح زبان روشن بیان عربی میں بولا جسے سب حاضرین نے خوب سنا اور سمجھا لبیک وسعدیک یا زین من وافی یوم القیٰمۃ میں خدمت و بندگی میں حاضر ہوں اے تمام حاضرین مجمع محشر کی زینت حضور نے فرمایا: من تعبد تیرا معبود کون ہے؟ عرض کی الذی فی السماء عرشہ وفی الارض سلطانہ وفی البحر سبیلہ وفی الجنۃ رحمتہ وفی النار عذابہ وہ جس کا عرش آسمان میں اور سلطنت زمین میں اور راہ سمندر میں اور رحمت جنت میں اور عذاب نار میں فرمایا فمن انا بھلا میں کون ہوں عرض کی انت رسول رب العلمین و خاتم النبیین قد افلح من صدقک وقد خاب من کذبک حضور پروردگار عالم کے رسول ہیں اور رسولوں کے خاتم جس نے حضور کی تصدیق کی وہ مراد کو پہنچا اور جس نے نہ مانا نامراد رہا ۔

اعرابی نے کہا اب آنکھوں دیکھے کے بعد کیا شبہ ہے خدا کی قسم میں جس وقت حاضر ہوا حضور سے زیادہ اس شخص کو دشمن کوئی نہ تھا اور اب حضور مجھے اپنے باپ اور اپنی جان سے زیادہ محبوب ہیں اشھد ان لا الہ الا اللہ و انک رسول اللہ یہ مختصر ہے اور حدیث میں اس سے زیادہ کلام اطیب و اکثر ۔

یہ حدیث امیر المومنین مولیٰ علی و ام المومنین عائشہ صدیقہ و حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی روایات سے بھی آئی کما فی الجامع الکبیر و

Marfat.com

الخصائص الکبری و لم اقف علی الفاظهم فان اشتملت جمیعا علی لفظ خاتم النبیین کانت اربعة احادیث۔

**تذییل:** ترمذی حدیث طویل حلیہ اقدس میں امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی کہ انہوں نے فرمایا: بین کتفیه خاتم النبوة و هو خاتم النبیین حضور کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے اور حضور خاتم النبیین ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔

**تذییل:** طبرانی معجم اور ابونعیم عوالی سعید بن منصور میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے درود شریف کا ایک صیغہ بلیغہ راوی جس میں فرماتے ہیں اجعل شرائف صلاتك و نوامی برکاتك و رأفة تحننك علی محمد عبدك و رسولك الخاتم لما سبق و الفاتح لما اغلق الٰہی اپنی بزرگ دردیں اور بڑھتی برکتیں اور رحمت کی مہر نازل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کہ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں گزروں کے خاتم اور مشکلوں کے کھولنے والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**نوع اخر** نبوت گئی، نبوت منقطع ہوئی جب سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبوت ملی کسی دوسرے کو نہیں مل سکتی۔

**ولانبی بعدی** صحیح بخاری شریف میں مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: کانت بنو اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلما هلك نبی خلفه نبی و لا نبی بعدی انبیاء بنی اسرائیل کی سیاست فرماتے جب ایک نبی تشریف لے جاتا دوسرا اس کے بعد آتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احمد و ترمذی و حاکم بسند صحیح برشرط صحیح مسلم کما قاله الحاکم و اقره الناقدون حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

---

ف نوع چہارم نبوت منقطع ہوئی اب کوئی نبی نہیں ہوسکتا۔

Marfat.com

وسلم فرماتے ہیں: ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی بیشک رسالت ونبوت ختم ہوگئی اب میرے بعد نہ کوئی رسول نہ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم۔

صحیح بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لم یبق من النبوۃ الا المبشرات الرؤیا الصالحۃ نبوت سے کچھ باقی نہ رہا صرف بشارتیں باقی ہیں اچھی خوابیں۔

طبرانی معجم کبیر میں حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند صحیح راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ذھبت النبوۃ فلا نبوۃ بعدی الا المبشرات الرّؤیا یراھا الرجل او ترٰی لہٗ۔ نبوت گئی اب میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں ہیں اچھا خواب کہ انسان آپ دیکھے یا اس کے لیے دیکھا جائے۔

احمد وابنائے ماجہ وخزیمہ وحبان حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بسند حسن راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ذھبت النبوۃ و بقیت المبشرات نبوت ہوگئی اور بشارتیں باقی ہیں۔

صحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مرض مبارک میں جس میں وصال اقدس واقع ہوا پردہ اٹھایا سر انور پر پٹی بندھی تھی لوگ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے صف بستہ تھے حضور نے ارشاد فرمایا:

یا ایھا الناس انہ لم یبق من مبشرات النبوۃ الا الرؤیا الصالحۃ یراھا المسلم او ترٰی لہ اے لوگو نبوت کی بشارتوں سے کچھ نہ رہا مگر اچھا خواب کہ مسلمان دیکھے یا اس کے لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

## اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضرت عمر ہوتے

احمد وترمذی وحاکم بتصحیح ورویانی و طبرانی و ابو یعلیٰ حضرت عقبہ بن عامر اور طبرانی وابن عساکر اور خطیب کتاب

Marfat.com

رواۃ مالک ہیں حضرت عبداللہ بن عمر اور طبرانی حضرت عصمہ بن مالک و حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

**تذییل:** صحیح بخاری شریف میں اسمٰعیل بن ابی خالد سے ہے قلت لعبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما رأیت ابراھیم ابن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال مات صغیرا ولو قضی ان یکون بعد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی عاش ابنہ ابراھیم۔ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا آپ نے حضرت ابراہیم صاحبزادۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تھا فرمایا ان کا بچپن میں انتقال ہوا اور اگر مقدر ہوتا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہو تو حضور کے صاحبزادے ابراہیم زندہ رہتے مگر حضور کے بعد نبی نہیں۔ امام احمد کی روایت انہیں سے یوں ہے میں نے حضرت ابن ابی اوفی کو فرماتے سنا لو کان بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی ما مات ابنہ ابراھیم اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہوتا حضور کے صاحبزادے ابراہیم انتقال نہ فرماتے۔

**تذییل:** امام ابو عمر ابن عبدالبر بطریق اسمٰعیل بن عبدالرحمن سدی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انہوں نے فرمایا:

کان ابراھیم قد ملأ المھد ولو عاش لکان نبیا لکن لم یکن لیبقی فان نبیکم آخر الانبیاء۔ حضرت ابراہیم اتنے ہو گئے تھے کہ ان کا جسم مبارک گہوارے کو بھر دیتا اگر زندہ رہتے نبی ہوتے مگر زندہ نہ رہ سکتے تھے کہ تمہارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخر الانبیاء ہیں۔

**فائدہ:** اس کی اصل متعدد احادیث مرفوعہ سے ہے ماوردی حضرت انس اور ابن عساکر حضرات جابر بن عبداللہ و عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لو عاش ابراھیم لکان

---

فی حدیث لو عاش ابراھیم لکان نبیا والبحث علیہ

Marfat.com

صدیقا نبیا اگر ابراہیم زندہ رہتا تو صدیق و پیغمبر ہوتا و بہا انجلی ما اشتبہ علی الامام النووی معجلا لنا شانہ وسعۃ عرفانہ اما ما قال الامام ابوعمر بن عبد البر لا ادری ما ھذا فقد کان ابن نوح غیر نبی و لو لم یلد النبی الا نبیا کان کل احد نبیا لانھم ولد نوح قال اللہ تعالٰی وجعلنا ذریتہ ھم الباقین ۝ فاجابوا عنہ بان الشرطیۃ لا یلزمھا الوقوع اقول نعم لکنھا لا شک تفید الملازمۃ فان کانت مبینۃ علی ان ابن نبی لا یکون الا نبیا لزم ما الزم ابوعمرو و لا مغزی الحق فی الجواب ما اقول من عدم صحۃ قیاس الانبیاء السابقین و بینھم علی نبینا سید المرسلین و نبیہ صلی اللہ تعالٰی علیہ و علیھم وسلم فلو استحق ابنہ بعدہ النبوۃ لا یلزم منہ استحقاق ابناء الانبیاء جمیعا ھکذا رأیتنی کتبت علی ھامش نسختی التیسیر ثم رایت العلامۃ العلیا القاری ذکر مثلہ فی الموضوعات الکبیر فللہ الحمد وقد اخرج الدیلمی عن انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نحن اھل بیت لا یقاس بنا احد علی انی اقول لا نسلم ان الحدیث یحکم بالنبوۃ بل انبأ عما کامن فی جوھر ابراھیم من خصائل الانبیاء و خلال المرسلین بحیث لو لم ینسد باب النبوۃ لنالھا تفضلا من اللہ تعالٰی لا استحقاقا منہ فان النبوۃ لا یستحقھا احد من قبل ذات لکن اللہ تعالٰی یصطفی من عبادہ من تم وکمل صورۃ و معنی و نسبا وحسبا و بلغ الغایۃ القصوی من کل خیر اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ فاذن الحدیث علی وزان ما مر لو کان بعدی نبی لکان عمر و اللہ تعالٰی اعلم۔

**نوع اخر** بعد طلوع آفتاب عالمتاب خاتمیت صلوات اللہ تعالٰی وسلامہ علیہ وعلی آلہ الکرام جو کسی کے لیے ادعائے نبوت کرے دجال کذاب مستحق لعنت وعذاب ہے۔

امام بخاری حضرت ابوہریرہ اور احمد و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی وھذا حدیث ثوبان رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انہ سیکون فی امتی کذابون ثلثون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی و لفظ البخاری دجالون کذابون قریبا من ثلثین عنقریب اس امت میں قریب تیس کے دجال کذاب نکلیں گے ہر ایک ادعا کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**کذاب اور دجال** امام احمد وطبرانی وضیا حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں فی امتی کذابون ودجالون سبعۃ وعشرون منھم اربعۃ نسوۃ وانی خاتم النبیین لا نبی بعدی میری امت دعوت میں (کہ مومن وکافر سب کو شامل ہے) ستائیس کذاب دجال ہوں گے اُن میں چار عورتیں ہیں حالانکہ میں خاتم الانبیاء ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**جھوٹے مدعیان نبوت** ابن عساکر علاء بن زیاد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لا تقوم الساعۃ حتی یخرج ثلثون دجالون کذابون کلھم یزعم انہ نبی الحدیث قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ تیس دجال کذاب مدعی نبوت نکلیں۔

**تذییل** ابویعلی مسند میں بسند حسن حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لا تقوم الساعۃ حتی یخرج ثلثون کذابون منھم مسیلمۃ والعنسی والمختار قیامت نہ آنے گی جب تک کہ تیس کذاب نکلیں اُن میں سے مسیلمہ اور اسود عنسی ومختار ثقفی ہے اخذھم اللہ تعالیٰ۔ الحمد للہ بفضلہ تعالیٰ یہ تینوں خبیث کُشتے کی شیران اسلام کے ہاتھ سے مارے گئے۔ اسود مردود خود زمانۂ اقدس اور مسیلمہ ملعون زمانۂ خلافت حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں

---

ف نوٹ: بتم حضور کے بعد جو کسی کو نبوت ملنی مانے دجال کذاب ہے۔

Marfat.com

وللہ الحمد۔

## حضرت علیؓ اور ختم نبوت

نوع آخر۔ خاص امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے بارے میں متواتر حدیثیں ہیں کہ نبوت ختم ہوئی نبوت میں ان کا کچھ حصہ نہیں۔

امام احمد مسند اور بخاری و مسلم و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ صحاح ابن ابی شیبہ سنن ابن جریر تہذیب الآثار میں بطریق عدیدہ کثیرہ سیدنا سعد بن ابی وقاص اور حاکم بتصحیح اسناد مستدرک اور طبرانی معجم کبیر و وسیط اور ابوبکر مطوّلی فوائد میں اور ابن مردویہ مطولاً اور بزار بطریق عبداللہ بن ابی بکر عن حکیم بن جبیر عن الحسن بن سعد مولیٰ علی اور ابن عساکر بطریق عبداللہ بن محمد بن عقیل عن ابیہ عن جدہ عقیل امیرالمومنین مولیٰ علی اور احمد و حاکم و طبرانی و عقیلی حضرت عبداللہ بن عباس اور احمد حضرت امیر معاویہ اور احمد و بزار و ابوجعفر بن محمد طبری و ابوبکر مطیری حضرت ابوسعید خدری اور ترمذی بافادہ تحسین حضرت جابر بن عبداللہ سے مسنداً اور حضرت ابوہریرہ سے تعلیقاً اور طبرانی کبیر اور خطیب کتاب المتفق والمتفرق میں حضرت عبداللہ بن عمر اور ابونعیم فضائل الصحابہ میں حضرت سعید بن زید اور طبرانی کبیر میں حضرات براء بن عازب و زید بن ارقم و حبشی بن جنادہ و جابر بن سمرہ و مالک بن حویرث و حضرت ام المومنین ام سلمہ زوجہ امیرالمومنین علی حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے راوی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کو تشریف لے جاتے وقت امیرالمومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو مدینے میں چھوڑا امیرالمومنین نے عرض کی یارسول اللہ حضور مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں فرمایا اما ترضی ان تکون منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ

---

نوع ششم۔ خاص مولیٰ علی کے باب میں متواتر حدیثیں کہ نبوت ختم ہوگئی نبوت میں ان کا حصہ نہیں۔

لہ مسیلمہ خبیث کے قاتل وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جنہوں نے زمانۂ کفر میں سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا وہ فرمایا کرتے قتلت خیر الناس وشر الناس میں نے بہتر شخص کو شہید کیا پھر سب سے بدتر کو مارا۔

Marfat.com

غیر انہ لا نبی بعدی یعنی کیا تم اس پر راضی نہیں کہ تم یہاں میری نیابت میں ایسے رہو جیسے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جب اپنے رب سے کلام کے لیے حاضر ہوئے ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی نیابت میں چھوڑ گئے تھے ہاں یہ فرق ہے کہ ہارون نبی تھے میں جب سے نبی ہوا دوسرے کے لیے نبوت نہیں۔

مسند و مستدرک میں حدیث ابن عباس یوں ہے: الا ترضی ان تکون بمنزلۃ ہارون من موسیٰ الا انک لست بنبی کیا تم راضی نہیں کہ بمنزلہ ہارون کے ہو موسیٰ سے مگر یہ کہ تم نبی نہیں۔

حضرت اسماء کی حدیث اس طرح ہے: قالت ھبط جبریل علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یا محمد ان ربک یقرئک السلام و یقول لک علی منک بمنزلۃ ھارون من موسیٰ لکن لا نبی بعدک جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی حضور کا رب حضور کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے علی تمہاری نیابت میں ایسا ہے جیسا موسیٰ کے لیے ہارون مگر تمہارے بعد کوئی نبی نہیں صلی اللہ علیک و بارک وسلم۔

مسند امام احمد میں حدیث امیر معویہ رضی اللہ عنہ یوں ہے کسی نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا فرمایا اسأل عنہا علیا فہو اعلم مولیٰ علی سے پوچھو وہ اعلم ہیں سائل نے کہا: یا امیر المومنین مجھے آپ کا جواب ان کے جواب سے زیادہ محبوب ہے فرمایا: بئسما قلت لقد کرھت رجلا کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعزہ بالعلم عزا ولقد قال لہ انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی وکان عمر اذا اشکل علیہ شیئ اخذ منہ تو نے سخت بری بات کی ایسے کو ناپسند کیا جس کے علم کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عزت فرماتے تھے اور بیشک حضور نے ان سے کہا تجھے مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ علیہما الصلوٰۃ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب کسی بات میں شبہ پڑتا ان سے حاصل کرتے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

Marfat.com

ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یا علی اخصمك بالنبوۃ و لا نبوۃ بعدی اے علی میں مناصب جلیلہ وخصائص کثیرہ جزیلۂ نبوت میں تجھ پر غالب ہوں اور میرے بعد نبوت اصلا نہیں۔

## حضرت علی کی عبادت

ابن ابی عاصم اور ابن جریر بافادۂ تصحیح اور طبرانی اوسط اور ابن شاہین کتاب السنہ میں

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی میں بیمار تھا خدمت اقدس حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا حضور نے مجھے اپنی جگہ کھڑا کیا اور خود نماز میں مشغول ہوئے۔ ردائے مبارک کا آنچل مجھ پر ڈال دیا پھر بعد نماز فرمایا برئت یا ابن ابی طالب فلا بأس علیك ما سألت اللہ لی شیئا للا سألت لك مثلہ ولا سألت اللہ شیئا الا اعطانیہ غیر انہ قیل لی انہ لا نبی بعدك اے ابن ابی طالب تم اچھے ہوگئے تم پر کچھ تکلیف نہیں میں نے اللہ عزوجل سے جو کچھ اپنے لیے مانگا تمہارے لیے بھی اس کی مانند سوال کیا اور میں نے جو کچھ چاہا رب عزوجل نے مجھے عطا فرمایا مگر مجھ سے یہ فرمایا گیا کہ تمہارے بعد کوئی نبی نہیں مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں میں اسی وقت ایسا تندرست ہوگیا گویا بیمار ہی نہ تھا۔

**تنبیہ:** اقول و باللہ التوفیق یہ حدیث حضرت امیر المومنین کے لیے مرتبہ صدیقیت کا حصول بتاتی ہے۔ صدیقیت ایک مرتبہ تلو نبوت ہے کہ اس کے اور نبوت کے بیچ میں کوئی مرتبہ نہیں مگر ایک مقام ادق واخفی کہ نصیبہ حضرت صدیق اکبر اکرم واتقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے تو اجناس وانواع واصناف فضائل وکمالات وبلندی درجات میں خصائص وملزومات نبوت کے سوا صدیقین ہر عطیہ بہیہ کے لائق واہل ہیں۔ اگرچہ باہم ان میں تفاوت وتفاضل کثیر ووافر ہو۔

آخر نہ دیکھا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ابن جمیل ونائب جلیل حضور پرنور سید الاسیاد فرد افراد غوث اعظم غیاث اکرم غیاث عالم محبوب سبحانی مطلوب

Marfat.com

ربانی سیدنا و مولانا ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کل ولی علی قدم نبی وانا علیٰ قدم جدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وما رفع المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قدما الا وضعت انا قدمی فی الموضع الذی رفع قدمہ منہ الا ان یکون قدما من اقدام النبوۃ فانہ لا سبیل ان ینالہ غیر نبی ہر ولی ایک نبی کے قدم پر ہوتا ہے اور میں اپنے جد اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدم پاک پر ہوں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاں سے قدم اٹھایا میں نے اسی جگہ قدم رکھا مگر نبوت کے قدم کہ ان کی طرف غیر نبی کو اصلا راہ نہیں رواہ الامام الاجل ابو الحسن علی السطنو فی قدس سرہ فی بہجۃ الاسرار فقال اخبرنا ابو محمد سالم بن علی بن عبد اللہ بن سنان الدمیاطی المصری المولد بالقاہرۃ سنۃ ۶۷۱ احدی وسبعین وستمائۃ قال اخبرنا الشیخ القدوۃ شہاب الدین ابو حفص عمر بن عبد اللہ السہروردی ببغداد سنۃ ۶۲۴ اربع وعشرین وستمائۃ قال سمعت الشیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول علی الکرسی بمدرستہ فذکرہ۔

بالجملہ مادون نبوت پر فائز ہونا تفرد کی دلیل نہ حجت تفضیل کہ وہ صدہا میں مشترک اور فی نفسہ مشکک ہر غوث و صدیق اُس میں شریک اور اُن پر بشدت مقول بالتشکیک بلکہ خود حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: من اتاہ ملک الموت وھو یطلب العلم کان بینہ وبین الانبیاء درجۃ واحدۃ درجۃ النبوۃ جس کے پاس ملک الموت آئیں اور وہ طلب علم میں ہو اُس میں اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام میں صرف ایک درجے کا فرق ہو کہ درجۂ نبوت ہے رواہ ابن النجار عن انس رضی اللہ تعالے عنہ۔ دوسری حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کاد حملۃ القرآن ان یکونوا انبیاء الا انہ لا یوحیٰ الیہم۔ قریب ہے حاملان قرآن انبیاء ہوں مگر یہ کہ اُن کی طرف وحی نہیں آتی رواہ الدیلمی فی حدیث عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما تو اُس کے امثال سے حضرات خلفائے ثلثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر امیر المومنین

Marfat.com

مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی تفضیل کا وہم نہیں ہو سکتا۔

**ابوبکر صدیق صدیقِ اکبر ہیں** علماء فرماتے ہیں ابوبکر صدیق صدیق اکبر ہیں اور علی مرتضیٰ صدیق اصغر۔ صدیق اکبر کا مقام اعلیٰ صدیقیت سے بلند و بالا ہے۔ نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں ہے:

اما تخصیص ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فلانہ الصدیق الاکبر الذی سبق الناس کلھم لتصدیقہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و لم یصدر منہ غیرہ قط وکذا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فانہ یسمی الصدیق الاصغر الذی لم یتلبس بکفر قط و لم یسجد لغیر اللہ مع صغرہ وکون ابیہ علی غیر الملۃ ولذا خص بقول علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ حضرت خاتم الولایہ المحمدیۃ فی زمانہ بحر الحقائق ولسان القوم بجنانہ و بیانہ سیدی شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نفعنا اللہ فی الدارین بفیضانہ فتوحات مکیہ شریفہ میں فرماتے ہیں:

فلو فقد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی ذلک الوطن وحضرہ ابوبکر لقام فی ذلک المقام الذی اقیم فیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ لیس ثم اعلیٰ منہ یحجبہ عن ذلک فھو صادق ذلک الوقت وحکیمہ و ما سواہ تحت حکمہ (ثم قال) وھذا المقام الذی اثبتنا بین الصدیقیۃ و نبوۃ التشریع و فوق الصدیقیۃ فی المنزلۃ عند اللہ والمشار الیہ بالسر الذی وقر فی صدر ابی بکر فضل بہ الصدیقین اذحصل لہ فی قلبہ ما لیس فی شرط الصدیقیۃ ولا من لوازمھا فلا ن بین ابی بکر و بین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجل لانہ صاحب الصدیقیۃ وصاحب سر۔

یعنی اگر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس موطن میں تشریف نہ رکھتے ہوں اور صدیق اکبر حاضر ہوں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام پر صدیق قیام کرینگے کہ وہاں صدیق سے اعلیٰ کوئی نہیں جو انھیں اس سے روکے وُہ اس وقت کے صادق و

Marfat.com

حکیم ہیں اور جو ان کے سوا ہیں سب ان کے زیر حکم۔ یہ مقام جو ہم نے ثابت کیا صدیقیت اور نبوت شریعت کے بیچ میں ہے یہ مقام قربت فردوں کے لیے ہے۔ اللہ کے نزدیک نبوت شریعت سے نیچا اور صدیقیت سے مرتبے میں بالا ہے اُسی کی طرف اس راز سے اشارہ ہے جو سینۂ صدیق میں متمکن ہوا جس کے باعث وہ تمام صدیقوں سے افضل قرار پائے کہ ان کے قلب میں وہ راز الٰہی حاصل ہوا جو نہ صدیقیت کی شرط ہے نہ اس کے لوازم سے تو ابوبکر صدیق اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان کوئی شخص نہیں کہ وہ تو صدیقیت والے بھی ہیں اور صاحب راز بھی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

**تذییل:** بعض احادیث علویہ مبطلۂ دعوے غلویہ۔

## مولا علیؓ کی نگاہ میں مقامِ صدیقِ اکبرؓ

صحیح بخاری شریف میں امام محمد بن حنفیہ صاحبزادہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ہے قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابوبکر قال قلت ثم من قال ثم عمر ثم خشیت ان اقول ثم فیقول عثمان فقلت ثم انت یا ابت فقال ما انا الا رجل من المسلمین میں نے اپنے والد ماجد مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے بہتر کون ہے فرمایا ابوبکر میں نے کہا پھر کون، فرمایا: پھر عمر پھر مجھے خوف ہوا کہ کہیں میں کہوں پھر کون تو فرما دیں عثمان۔ اس لیے میں نے سبقت کر کے کہا اے باپ میرے پھر آپ فرمایا میں تو نہیں مگر ایک مرد مسلمانوں میں سے ورواہ ایضا ابن ابی عاصم وخشیش وابونعیم فی حلیۃ الاولیاء۔

طبرانی معجم اوسط میں حکم بن زفر سے راوی جب امیر المومنین مولیٰ علی کے سامنے لوگ ابوبکر صدیق کا ذکر کرتے امیر المومنین فرماتے:

السباق یذکرون السابق یذکرون والذی نفسی بیدہ ما استبقنا الی خیر قط الا سبقنا الیہ ابوبکر بڑی سبقت والے کا ذکر کر رہے ہیں کمال پیشی لے جانے والے کا تذکرہ کرتے ہیں قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جب

Marfat.com

ہم نے کسی خیر میں پہنچنا چاہی ہے ابوبکر ہم سب پر سبقت لے گئے ہیں۔

## حضرت صدیق کے بارے میں حضرت علی کی رائے

ابوالقاسم طلحی و ابن ابی عاصم و ابن شاہین والالکائی سب اپنی اپنی کتاب السنہ میں اور عشاری فضائل صدیق اور اصبہانی کتاب الحجہ اور ابن عساکر تاریخ دمشق میں راوی امیر المومنین کو خبر پہنچی کچھ لوگ انھیں ابوبکر و عمر سے افضل بتاتے ہیں۔ منبر پر تشریف لے گئے حمد و ثنائے الٰہی کے بعد فرمایا:

ایہا الناس بلغنی ان اقواما یفضلونی علی ابی بکر وعمر و لو کنت تقدمت فیہ لعاقبت فیہ فمن سمعتہ بعد ہذا الیوم یقول ہذا فہو مفتر علیہ حد المفتری خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ابو بکر ثم عمر زاد غیر الطلحی ثم احدثنا بعضہم احداثا یقضی اللہ فیہا ما یشاء۔

اے لوگو! مجھے خبر پہنچی کہ کچھ لوگ مجھے ابوبکر و عمر پر فضیلت دیتے ہیں اگر میں پہلے متنبہ کر چکا ہوتا تو اب سزا دیتا آج کے بعد جسے ایسا کہتا سنوں گا وہ مفتری ہے اس پر مفتری کی حد آئے گی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے بہتر ابوبکر ہیں پھر عمر پھر ان کے بعد ہم سے کچھ نئے امور واقع ہوئے کہ خدا ان میں جو چاہے گا حکم فرمائے گا۔

امام ابوعمر ابن عبد البر استیعاب میں حکم بن حجل سے اور امام ابوالحسن دارقطنی سنن میں روایت کرتے ہیں امیر المومنین مولا علی فرماتے ہیں: لا اجد احدا فضلنی علی ابی بکر وعمر الا جلدتہ حد المفتری میں جسے پاؤں گا کہ ابوبکر و عمر پر مجھے تفضیل دیتا ہے اسے مفتری کی حد اسی کوڑے لگاؤں گا۔

ابن عساکر بطریق الزہری عن عبد اللہ بن کثیر راوی امیر المومنین فرماتے ہیں لا یفضلنی احد علی ابی بکر وعمر الا جلدتہ جلدا وجیعا جو مجھے ابوبکر و عمر سے افضل کہے گا اسے دردناک کوڑے لگاؤں گا۔

Marfat.com

امام احمد و مسدد و مسند اور عدنی ما تین اور ابو عبید کتاب الغریب اور نعیم بن حماد فتن اور خثیمہ بن سلیمان طرابلسی فضائل الصحابہ اور حاکم مستدرک اور خطیب تلخیص المتشابہ میں راوی امیر المومنین فرماتے ہیں:

سبق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصلی ابوبکر وثلث عمر ثم خطبتنا فتنۃ ویعفوا اللہ عمن یشاء وللخطیب وغیرہ فہو ما شاء اللہ زاد ہو فمن فضلنی علی ابی بکر وعمر فعلیہ حد المفتری من الجلد واسقاط الشہادۃ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبقت لے گئے اور ان کے دوسرے ابوبکر اور تیسرے عمر ہوئے پھر ہمیں فتنے نے مضطرب کیا اور خدا جسے چاہے معاف فرمائے گا یا فرمایا جو خدا نے چاہا وہ ہوا تو جو مجھے ابوبکر و عمر پر فضیلت دے اس پر مفتری کی حد واجب ہے۔ اسی کوڑے لگائے جائیں اور گواہی کبھی نہ سنی جائے۔

ابو طالب عشاری بطریق الحسن بن کثیر عن ابیہ راوی ایک شخص نے امیر المومنین مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی آپ خیر الناس ہیں فرمایا تو نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہا نہ فرمایا ابوبکر کو دیکھا کہا نہ فرمایا عمر کو دیکھا کہا نہ فرمایا:

اما انک لو قلت انک رأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لقتلتک ولو قلت رأیت ابا بکر وعمر لحددتک سن لے اگر تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیکھنے کا اقرار کرتا اور پھر مجھے خیر الناس کہتا تو میں تجھے قتل کرتا اور اگر تو ابوبکر و عمر کو دیکھے ہوتا اور مجھے افضل بتاتا تو تجھے حد لگاتا۔

ابن عساکر سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا:

لا یفضلنی احد علی ابی بکر وعمر الا وقد انکر حقی وحق اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو مجھے ابوبکر و عمر پر تفضیل دے گا وہ میرے اور تمام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق کا منکر ہوگا۔

Marfat.com

## حضرت شیخین اوّلین جنّتی ہیں

ابو طالب عشاری اور اصبہانی کتاب الحجۃ میں عبد خیر سے راوی ہیں نے امیر المومنین مولیٰ علی سے عرض کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے جنت میں کون جائے گا فرمایا ابوبکر وعمر۔ میں نے عرض کی یا امیر المومنین کیا وہ دونوں آپ سے پہلے جنت میں جائیں گے فرمایا:

ای والذی فلق الحبۃ وبرأ النسمۃ انھما لیاکلان من ثمارھا ویرویان من مائھا ویتکئان علی فراشھا وانا موقوف بالحساب ہاں قسم اس کی جس نے بیج کو چیر کر پیڑ اگایا اور آدمی کو اپنی قدرت سے تصویر فرمایا بیشک وہ دونوں جنت کے پھل کھائیں گے۔ اس کے پانی سے سیراب ہوں گے اُس کی مسندوں پر آرام کریں گے اور میں ابھی حساب میں کھڑا ہوں گا۔

## خیر الناس بعد رسول اللہ

ابوذر ہروی و دارقطنی وغیرہما حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں نے امیر المومنین سے عرض کی

یاخیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوبکر وعمر ٹھہرو اے ابو جحیفہ کیا میں تمہیں نہ بتادوں کہ خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون ہے ابوبکر وعمر۔

## افضل الناس بعد رسول اللہ

ابونعیم حلیہ اور ابن شاہین کتاب السنۃ اور ابن عساکر تاریخ میں عمرو بن حریث سے راوی ہیں نے امیر المومنین مولیٰ علی کو منبر پہ فرماتے سنا:

افضل الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوبکر وعمر وعثمان وفی لفظ ثم عمر ثم عثمان۔ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر پھر عثمان۔

## مولود ازکیٰ فی الاسلام

ابن عساکر بطریق سعد ابن طریف اصبغ بن نباتہ سے راوی قال قلت لعلی یا امیر المومنین من خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابوبکر قلت ثم من قال

Marfat.com

عمر قلت ثم من قال عثمان قلت ثم من قال انا۔ رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعینی ھاتین والا فعمیتا و باذنی ھاتین والا فصمتا یقول ما ولد فی الاسلام مولود ازکی ولا اطہر ولا افضل من ابی بکر ثم عمر۔ ہیں نے مولیٰ علی سے عرض کی یا امیر المومنین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل کون ہے فرمایا ابوبکر ہیں نے کہا پھر کون فرمایا عمر کہا پھر کون فرمایا عثمان کہا پھر کون فرمایا ہیں ہیں نے ان آنکھوں سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ورنہ یہ آنکھیں پھوٹ جائیں اور ان کانوں سے فرماتے سُنا ورنہ بہرے ہو جائیں حضور فرماتے تھے اسلام میں کوئی شخص ایسا پیدا نہ ہوا جو ابوبکر پھر عمر سے زیادہ ستھرا زیادہ پاکیزہ زیادہ فضیلت والا ہو۔

ابوطالب عشاری فضائل الصدیق میں راوی امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

وھل انا الاحسنۃ من حسنات ابی بکر میں کون ہوں مگر ابوبکر کی نیکیوں سے ایک نیکی۔

## سیدنا صدیق کی سبقت کی چہار وجوہات

خثیمہ طرابلسی و ابن عساکر ابوالزناد سے راوی ایک شخص نے مولیٰ علی سے عرض کی یا امیر المومنین کیا بات ہوئی کہ مہاجرین و انصار نے ابوبکر کو تقدیم دی حالانکہ آپ کے مناقب بیشتر اور اسلام و سوابق بیشتر فرمایا اگر مسلمان کے لیے خدا کی پناہ نہ ہوتی تو میں تجھے قتل کر دیتا افسوس تجھ پر ابوبکر چار وجہ سے مجھ پر سبقت لے گئے۔ افشائے اسلام میں مجھ سے پہلے ہجرت میں مجھ سے سابق صحبت غار میں انھیں کا حصہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امامت کے لیے انھیں کو مقدم فرمایا ویحک ان اللہ ذم الناس کلھم ومدح ابابکر فقال الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ الاٰیۃ افسوس تجھ پر بیشک اللہ تعالیٰ نے سب کی مذمت کی اور ابوبکر کی مدح فرمائی کہ ارشاد فرماتا ہے اگر تم اس نبی کی مدد نہ کرو تو اللہ تعالیٰ نے اس کی مدد فرمائی جب کافروں نے اسے مکے سے باہر کیا دوسرا اُن دو کا جب وُہ غار میں تھے جب اپنے یار سے فرماتا تھا غم نہ کھا اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"

Marfat.com

## حضرت صدیق کا تقدم

خطیب بغدادی و ابن عساکر اور دیلمی مسند الفردوس اور عشاری فضائل الصدیق میں امیر المومنین مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

سألت اللہ ثلثا ان یقدمك فابی علی الا تقدیم ابی بکر اے علی میں نے اللہ عزوجل سے تین بار سوال کیا کہ تجھے تقدیم دے اللہ تعالیٰ نے نہ مانا مگر ابوبکر کو مقدم رکھنا۔

## حضرت علی کی مدح افراط و تفریط کا شکار

عبداللہ بن احمد زوائد مسند میں اور ابو یعلی دو ورقی و حاکم و ابن ابی عاصم و ابن شاہین امیر المومنین مولی علی کرم اللہ وجہہ سے راوی کہ انہوں نے فرمایا:

دعانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یا علی ان فیك من عیسیٰ مثلا ابغضته الیهود حتی بهتوا امه و احبته النصاری حتی انزلوه بالمنزلة التی لیس بها و قال علی الا وانی یهلك فی رجلان محب مطری یقرظنی بما لیس فی و مبغض مفتر یحمله شنآنی علی ان یبهتنی الا وانی لست بنبی و لا یوحی الی ولکنی اعمل بکتاب اللہ و سنة نبیه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ما استطعت فما امرتکم به بطاعة اللہ فحق علیکم طاعتی فیما احببتم او کرهتم او بمعصیة انا وغیری فلا طاعة لاحد فی معصیة اللہ انما الطاعة فی المعروف۔ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلا کر ارشاد فرمایا اے علی تجھ میں ایک کہاوت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح ہے۔ یہود نے ان سے دشمنی کی یہاں تک کہ ان کی ماں پر بہتان باندھا اور نصاریٰ ان کے دوست بنے یہاں تک کہ جو مرتبہ ان کا نہ تھا وہاں جا اتارا مولی علی فرماتے ہیں سن لو میرے معاملے میں دو شخص ہلاک ہوں گے ایک دوست میری تعریف میں حد سے بڑھنے والا جو میرا وُہ مرتبہ بتائے گا جو مجھ میں نہیں اور ایک دشمن مفتری جسے میری عداوت اس پر باعث ہوگی کہ مجھ پر تہمت اٹھائے سن لو میں نہ تو نبی ہوں نہ مجھ پر وحی آتی ہے میں تو جہاں تک ہو سکے اللہ عزوجل کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ تعالیٰ کی سنت پر عمل کرتا ہوں تو میں جب تمہیں اطاعت الٰہی کا حکم دوں تو میری فرماں برداری تم پر لازم ہے چاہے تمہیں پسند ہو خواہ ناگوار اور اگر معصیت کا

Marfat.com

حکم دوں ہیں یا کوئی تو اللہ کی نافرمانی ہیں کسی کی اطاعت نہیں اطاعت تو مشروع باتوں ہیں ہے

ابن عساکر سالم بن ابی الجعد سے راوی قال قلت لمحمد بن الحنفیۃ

## افضل الایمان

هل كان ابوبكر اول القوم اسلاما قال لا قلت فبما علا ابوبكر وسبق حتى لا يذكر احد غير ابى بكر قال لانه كان افضلهم اسلاما حين اسلم حتى لحق بربه ہیں نے امام محمد بن حنفیہ صاحبزادہ مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے اسلام لائے تھے فرمایا نہ۔ میں نے کہا پھر کس وجہ سے ابوبکر سب پر بلند و سابق ہوئے کہ اُن کے سوا کوئی دوسرے کا ذکر ہی نہیں کرتا فرمایا اس لیے کہ وُہ جب سے مسلمان ہُوئے اور جب تک اپنے رب عزوجل کے پاس گئے ان کا ایمان سب سے افضل رہا۔

## شیخین کی افضلیت

امام دارقطنی جندب اسدی سے راوی ان محمد بن عبد اللہ بن الحسن اتاه قوم من اهل الكوفة والجزيرة فسالوه عن ابى بكر وعمر فالتفت الى فقال انظر الى اهل بلادك يسألونى عن ابى بكر وعمر لهما افضل عندى من على۔

یعنی امام نفس زکیہ محمد عبد اللہ محض ابن امام حسن مثنیٰ ابن امام حسن مجتبیٰ ابن مولا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجوہہم کے پاس اہل کوفہ و جزیرہ سے کچھ لوگوں نے حاضر ہو کر ابوبکر صدیق وعمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارے میں سوال کیا امام نے میری طرف التفات کر کے فرمایا اپنے وطن والوں کو دیکھو مجھ سے ابوبکر وعمر کے باب میں سوال کرتے ہیں بیشک وہ دونوں میرے نزدیک علی سے افضل ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

## رافضی اور خارجی نظریات

حافظ عمر بن شبہ سیدنا امام زید شہید ابن امام زین العابدین ابن امام حسین شہید کربلا ابن مولیٰ مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی انھوں نے رافضیوں سے فرمایا۔ انطلقت الخوارج فبرئت ممن دون ابى بكر وعمر ولم يستطيعوا ان يقولوا فيهما شيئا وانطلقتم انتم فطفرتم فوق ذلك فبرئتم منهما فمن بقى فو الله ما بقى احد الا برئتم منه۔

Marfat.com

خارجیوں نے جل کر تو انھیں سے برات کی جو ابوبکر و عمر سے نیچے ہیں یعنی عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم مگر ابوبکر و عمر کی شان میں کچھ نہ کہہ سکے اور اے رافضیو تم نے اُن سے اوپر جست کی کہ خود ابوبکر و عمر سے برائت کر بیٹھے تو اب کون رہ گیا خدا کی قسم کوئی باقی نہ رہا جس سے تم نے تبرا نہ کیا۔

**رافضی کی سزا** دارقطنی فضیل بن مرزوق سے راوی قال قلت لعمر بن علی بن الحسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم افیکم امام تفترض طاعتہ تعرفون ذلك لہ من لم یعرف ذلك لہ فمات مات میتۃ جاھلیۃ فقال لا واللہ ماذلك فینا من قال ھذا فھو کاذب فقلت انھم یقولون ان ھذہ المنزلۃ کانت لعلی ثم للحسن ثم للحسین قال قاتلھم اللہ ویلھم ما ھذا من الدین واللہ ما ھؤلاء الا متاٰکلین بنا ھذا مختصر۔

میں نے امام زین العابدین کے صاحبزادے امام باقر کے بھائی امام عمر بن علی سے پوچھا آپ میں کوئی ایسا امام ہے جس کی طاعت فرض ہو آپ اس کا یہ حق پہچانتے ہیں جو اسے بے پہچانے مرجائے جاہلیت کی موت مرے فرمایا خدا کی قسم ہم میں کوئی ایسا نہیں جو ایسا کہے جھوٹا ہے میں نے کہا رافضی تو کہتے ہیں یہ مرتبہ مولیٰ علی کا تھا پھر امام حسن پھر امام حسین کو ملا فرمایا اللہ رافضیوں کو قتل کرے خرابی ہو اُن کے لیے یہ کیا دین ہے خدا کی قسم یہ لوگ نہیں مگر ہمارا نام لے کر دنیا کمانے والے والعیاذ باللہ عزوجل۔

**نصوص ختم نبوت** یہاں تک سو احادیث فقیر نے لکھیں اور چاہا کہ اسی پر بس کرے پھر خیال آیا کہ ذکر پاک امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہے، دس حدیثیں اور شامل ہوں کہ نام مبارک مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عدد حاصل ہوں۔ نظر کروں تو فیضان روح مبارک امیر المومنین سے تذییلات میں دس حدیثیں خود ہی گزر چکی ہیں تذییل بعد حدیث ۲۵ ایک و بعد ۲۹ تین و بعد ۴۲ ایک و بعد ۴۸ و ۵۰ دو دو و بعد ۶۲ ایک یہ مقصود تو یوں حاصل تھا مگر از انجا کہ وضع رسالہ نصوص ختم نبوت میں ہے اور ۱۰۱ سے ۱۱۰ تک بیس حدیثیں اس مطلب کو دوسرے طرز سے ادا کرتی تھیں لہٰذا خاص مقصود کی بیس حدیثوں کا اضافہ ہی مناسب

Marfat.com

نظر آیا کہ خود اصل مرام پر سو حدیثوں کا عدد کامل اور اصول مرویات ایک سو بیس ہو کر ستین چہل حدیث کا فضل حاصل ہو۔

## ارشادات انبیاء وعلمائے کتب سابقہ

حاکم صحیح مستدرک میں وہب بن منبہ سے وہ حضرت عبداللہ بن عباس اور سات دیگر صحابۂ کرام سے کہ سب اہل بدر تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں بے شک اللہ عزوجل روز قیامت اوروں سے پہلے نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوم کو بلا کر فرمائے گا تم نے نوح کو کیا جواب دیا وہ کہیں گے نوح نے نہ ہمیں تیری طرف بلایا نہ تیرا کوئی حکم پہنچایا نہ کچھ نصیحت کی نہ ہاں یا نہ کا کوئی حکم سنایا نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام عرض کریں گے:

دعوتہم یا رب دعاءً فاشیا فی الاولین والآخرین امۃ بعد امۃ حتی انتہی الی آخر النبیین احمد فانتسخہ وقرأہ وامن بہ وصدقہ الٰہی میں نے انہیں ایسی دعوت کی جس کی خبر یکے بعد دیگرے سب اگلوں پچھلوں میں پھیل گئی یہاں تک کہ سب سے پچھلے نبی احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی انھوں نے اسے لکھا اور پڑھا اور اس پر ایمان لائے اور اس کی تصدیق فرمائی حق سبحانہ وتعالیٰ فرمائے گا احمد وامت احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلاؤ

فیاتی رسول اللہ وامتہ یسعی نورہم بین ایدیہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت حاضر آئیں گے یوں کہ ان کے نور ان کے آگے جولان کرتے ہوں گے نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے شہادت ادا کریں گے الحدیث وقد اختصرناہ۔

دارقطنی غرائب امام مالک اور بیہقی دلائل اور خطیب رواۃ مالک میں بطرق عدیدہ عن مالک بن انس عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ابن ابی الدنیا اور بیہقی و ابونعیم دلائل میں بطریق ابن لہیعۃ عن مالک بن الازہر عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ابونعیم دلائل میں من طریق یحیی بن ابراہیم بن ابی قتیلۃ عن بن اسلم عن ابیہ اسلم مولیٰ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور معاذ بن المثنی زوائد مسند مسدد میں بطریق منصور بن دینار عن عبد اللہ بن ابی الہذیل اور بروجہ آخر واقدی مغازی میں عن

Marfat.com

عبدالعزیز بن عمر بن جعونۃ بن نضلۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن جریر تاریخ اور باوردی کتاب الصحابہ میں بطریق ابی معروف عبد اللہ بن معروف عن ابی عبد الرحمٰن الانصاری عن محمد بن حسین بن علی بن ابی طالب اور ابن ابی الدنیا امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی وھذا حدیث معاذ وفیہ صریح النص علی مرادنا وما زدنا من الطریق الاوّل ادرنا حولہ ھلالین۔

**زریب بن برثملا کی شہادت** سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نضلہ بن عمرو انصاری کو تین سو مہاجرین وانصار کے ساتھ تاراج حلوان عراق کے لیے بھیجا یہ قیدی اور غنیمتیں لیے آتے تھے ایک پہاڑ کے دامن میں شام ہوئی نضلہ نے اذان کہی جب کہا اللہ اکبر اللہ اکبر پہاڑ سے آواز آئی اور صورت نہ دکھائی دی کہ کوئی کہتا ہے کبرت کبیرا یا نضلۃ تم نے کبیر کی بڑائی کی اے نضلہ۔ جب کہا اشھد ان لا الٰہ الا اللہ جواب آیا اخلصت یا نضلۃ اخلاصًا نضلہ تم نے خالص توحید کی جب کہا اشھد ان محمد رسول اللہ آواز آئی نبی بعث لانبی بعدہ ھوالنذیر وھوالذی بشرنا بہ عیسیٰ بن مریم وعلی راس امتہ تقوم الساعۃ۔ یہ نبی ہیں کہ مبعوث ہوئے ان کے بعد کوئی نبی نہیں یہی ڈر سنانے والے ہیں یہی ہیں جن کی بشارت ہمیں عیسیٰ بن مریم علیہم الصلوٰۃ والسلام نے دی تھی انھیں کی امت کے سر پر قیامت قائم ہوگی جب کہا حی علی الصلوٰۃ جواب آیا فریضۃ[1] فرضت (طوبی لمن مشی الیھا وواظب علیھا) نماز ایک فرض ہے کہ بندوں پر رکھا گیا خوبی وشادمانی اس کے لیے جو اس کی طرف چلے اور اس کی پابندی رکھے جب کہا حی علی الفلاح آواز آئی افلح من اتاھا وواظب علیھا (افلح[2] من اجاب محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم) مراد کو پہنچا

---

[1] ھکذا فی السابع وفی الطریق الثانی عند البیھقی فی الصلاۃ قال کلمۃ مقبولۃ وفی الفلاح قال البقاء لامۃ احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعکس ابن ابی الدنیا فذکر الصلاۃ البقاء لامۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وفی الفلاح کلمۃ مقبولۃ ۱۲ منہ [2] زاد الخطیب وھو البقاء لامتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۱۲ منہ

Marfat.com

جو نماز کے لیے آیا اور اس پر مداومت کی مراد کو پہنچا جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کی جب کہا فقد قامت الصلاۃ جواب آیا البقاء لامۃ محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وعلی رؤسہا تقوم الساعۃ بقا ہے امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اور انھیں کے سروں پر قیامت ہو گی (جب کہا اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ آواز آئی اخلصت الاخلاص کلہ یا نضلۃ فحرم اللہ بہا جسدک علی النار اے نضلہ تم نے پورا اخلاص کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے سبب تمھارا بدن دوزخ پر حرام فرما دیا) نماز کے بعد نضلہ کھڑے ہوئے اور کہا اے اچھے پاکیزہ خوب کلام والے ہم نے تمھاری بات سنی تم فرشتے ہو یا کوئی سیاح یا جن۔ ظاہر ہو کر ہم سے بات کرو کہ ہم اللہ عزوجل اور اس کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (اور امیر المومنین عمر) کے سفیر ہیں اس کہنے پر پہاڑ سے ایک بوڑھے شخص نمودار ہوئے سپید مو و راز ریش سر ایک چکی کے برابر۔ سپید اون کی ایک چادر اوڑھے ایک باندھے اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ حاضرین نے جواب دیا اور نضلہ نے پوچھا اللہ تم پر رحم کرے تم کون ہو کہا میں زریب بن برثملا ہوں بندۂ صالح عیسیٰ بن مریم علیہم الصلاۃ والسلام کا وصی ہوں انھوں نے میرے لیے دعا فرمائی تھی کہ میں ان کے نزول تک باقی رہوں (زاد فی الطریق الثانی) پھر ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہاں ہیں کہا انتقال فرمایا اس پر وہ پیر بزرگ بشدت روئے پھر کہا ان کے بعد کون ہوا کہا ابوبکر کہا وہ کہاں ہیں کہا انتقال ہوا کہا پھر کون بیٹھا کہا عمر کہا امیر المومنین عمر سے میرا سلام کہو اور کہا کہ ثبات و سداد و آسانی پر عمل رکھیے کہ وقت قریب آلگا ہے، پھر علامات قرب قیامت اور بہت کلمات وعظ و حکمت کہے اور غائب ہو گئے۔

جب امیر المومنین کو خبر پہنچی سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام فرمان جاری فرمایا کہ خود اس پہاڑ کے نیچے جا ٹھیرئیے (اور وہ ملیں تو انھیں میرا سلام کہیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی تھی کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا ایک وصی عراق کے اس پہاڑ میں منزل گزین ہے) سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (چار ہزار مہاجرین و انصار کے ساتھ) اس پہاڑ کو گئے چالیس دن ٹھہرے پنجگانہ اذانیں کہیں مگر جواب نہ تھا آخر واپس آئے۔

Marfat.com

## شام کے نصرانی ختم نبوّت کی شہادت دیتے ہیں

طبرانی معجم کبیر میں سیدنا بلال رضی اللہ تعالٰے عنہ سے راوی ہیں زمانہ جاہلیت میں ملک شام کو تجارت کے لیے گیا تھا ملک کے اسی کنارے پر اہل کتاب سے ایک شخص مجھے ملا پوچھا کیا تمھارے یہاں کسی شخص نے نبوت کا دعوٰی کیا ہے ہم نے کہا ہاں کہا تم ان کی صورت دیکھو تو پہچان لوگے میں نے کہا ہاں وہ ہمیں ایک مکان میں لے گیا جس میں تصاویر تھیں وہاں نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی صورت کریمہ مجھے نظر نہ آئی اتنے میں ایک اور کتابی آکر بولا کس شغل میں ہو ہم نے حال کہا وہ ہمیں اپنے گھر لے گیا وہاں جاتے ہی حضور پُرنور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تصویر منیر مجھے نظر آئی اور دیکھا کہ ایک شخص حضور کے پیچھے حضور کے قدم مبارک کو پکڑے ہوئے ہے میں نے کہا یہ دُوسرا کون ہے وہ کتابی بولا:

انہ لم یکن نبی الا بعدہ نبی الا ھذا فانہ لا نبی بعدہ وھذا الخلیفۃ بعدہ بیشک کوئی نبی ایسا نہ ہوا جس کے بعد نبی نہ ہو سوا اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں اور یہ دوسرا اُن کے بعد خلیفہ ہے۔ اُسے جو میں دیکھوں تو ابوبکر صدیق کی تصویر تھی رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

## بادشاہ روم کے دربار میں ذکرِ مصطفٰے

تذییل اوّل: ابن عساکر بطریق قاضی معافی بن زکریا حضرت عبادہ بن صامت اور بیہقی و ابونعیم بطریق حضرت ابوامامہ باہلی حضرت ہشام بن عاص سے راوی رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے ہمیں بادشاہ روم ہرقل کے پاس بھیجا اور ہم اس کے شہ نشین کے نزدیک پہنچے وہاں سواریاں بٹھائیں اور کہا لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر اللہ جانتا ہے یہ کہتے ہی اس کا شہ نشین ایسا ہلنے لگا جیسے ہوا کے جھونکوں میں کھجور۔ اُس نے کہلا بھیجا یہ تمھیں حق نہیں پہنچتا کہ شہروں میں اپنے دین کا اعلان کرو پھر ہمیں بلایا ہم گئے وہ سُرخ کپڑے پہنے سرخ مسند پر بیٹھا تھا آس پاس ہر چیز سُرخ تھی اس کے اراکین دربار اُس کے ساتھ تھے ہم نے سلام نہ کیا اور ایک گوشے میں بیٹھ گئے وُہ ہنس کر بولا تم آپس میں جیسا ایک دُوسرے کو سلام کرتے ہو مجھے کیوں نہ کیا ہم نے کہا ہم تجھے اس سلام کے قابل نہیں سمجھتے اور جس مجرے پر تو

Marfat.com

راضی ہوتا ہے وہ ہمیں روا نہیں کہ کسی کے بیے بجا لائیں پھر اس نے پوچھا سب سے بڑا کلمہ تمھارے یہاں کیا ہے ہم نے کہا لا الٰہ الا اللہ خدا گواہ ہے یہ کہتے ہی بادشاہ کے بدن پر لرزہ پڑ گیا پھر آنکھیں کھول کر غور سے ہمیں دیکھا اور کہا یہی وہ کلمہ ہے جو تم نے میرے شہ نشین کے نیچے اترتے وقت کہا تھا ہم نے کہا ہاں کہا جب اپنے گھروں میں اسے کہتے ہو تو کیا تمھاری چھتیں بھی اس طرح کانپنے لگتی ہیں ہم نے کہا خدا کی قسم یہ تو ہم نے نہیں دیکھا اور اس میں خدا کی کوئی حکمت ہے بولا سچی بات خوب ہوتی ہے سن لو خدا کی قسم مجھے آرزو تھی کاش میرا آدھا ملک نکل جاتا اور تم یہ کلمہ جس چیز کے پاس کہتے وہ لرزنے لگتی ہم نے کہا یہ کیوں کہا یوں ہوتا تو کام آسان تھا اور اس وقت لائق تھا کہ یہ زلزلہ شان نبوت سے نہ ہو بلکہ کوئی انسانی شعبدہ ہو (یعنی اللہ تعالیٰ ایسے معجزات ہر وقت ظاہر نہیں فرماتا بلکہ عالم اسباب میں شان نبوت کو بھی غالباً مجرائے عادت کے مطابق رکھتا ہے ولوجعلنہ ملکا لجعلنہ رجلا وللبسنا علیھم ما یلبسون ۝ ولہذا انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کے جہادوں میں بھی جنگ دو سرداروں کا مضمون رہتا ہے الحرب بیننا و بینہ سجال ینال منا وننال منہ رواہ الشیخان عن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ لہذا جب ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہرقل کو خبر دی ہے کہ لڑائی میں کبھی ہم بھی اُن پر غالب آتے ہیں ہرقل نے کہا ھذا اٰیۃ النبوۃ یہ نبوت کی نشانی ہے رواہ البزاز وابو نعیم عن دحیۃ الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

## تصرف اولیا اور مظلومیت حسین

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ بعض جہال ضعیف الایمان اس پر شک کرنے لگتے ہیں اور اسی قبیل سے جاہل وہابیوں کا اعتراض کہ اولیا، اگر اللہ کی طرف سے کچھ قدرت رکھتے تو امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کیوں ایسی مظلومی کے ساتھ شہید ہو جاتے۔ ایک اشارے میں یزید پلید کے لشکر کو کیوں نہ غارت فرما دیا مگر یہ سفہا نہیں جانتے کہ ان کی قدرت جو انہیں اُن کے رب نے عطا فرمائی رضا و تسلیم و عبدیت کے ساتھ ہے نہ کہ معاذ اللہ جباری و سرکشی و خودسری کے ساتھ مقوقس بادشاہ مصر نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے امتحاناً پوچھا کہ جب تم انھیں نبی کہتے ہو تو انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک فرما دیا جب

Marfat.com

انھوں نے اُن سے اُن کا شہر مکہ چھڑایا تھا حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو رسول اللہ نہیں مانتا انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک کر دیا جب انہوں نے انھیں پکڑا اور سُولی دینے کا ارادہ کیا تھا مقوقس بولا انت الحکیم الذی جاء من عند الحکیم تم حکیم ہو کہ حکیم کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے آئے رواہ البیہقی عن حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیر یہ تو فائدہ زائدہ تھا حدیث سابق کی طرف عود کریں )

## ہرقل کے پاس انبیاء کی تصاویر

پھر ہرقل نے ہمیں باعزاز و اکرام ایک مکان میں اتارا دونوں وقت عزت کی مہمانیاں بھیجتا ایک رات ہمیں پھر بُلا بھیجا ہم گئے اس وقت اکیلا بالکل تنہا بیٹھا تھا ایک بڑا صندوقچہ زرنگار منگا کر کھولا اُس میں چھوٹے چھوٹے خانے تھے ہر خانے پر دروازہ لگا تھا اُس نے ایک خانہ کھول کر سیاہ ریشم کا کپڑا طے کیا ہوا نکالا اُسے کھولا تو اس میں ایک سُرخ تصویر تھی۔ مرد فراخ چشم بزرگ سرین کہ ایسے خوب صورت بدن میں ایسی لمبی گردن کبھی نہ دیکھی تھی۔ سر کے بال نہایت کثیر (بے ریش دو گیسو غایت حسن و جمال میں) ہرقل بولا انھیں پہچانتے ہو ہم نے کہا نہ۔ کہا یہ آدم ہیں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پھر وہ تصویر رکھ کر دُوسرا خانہ کھولا اُس میں سے ایک سیاہ ریشم کا کپڑا نکالا اُس میں خوب گورے رنگ کی تصویر تھی مرد بسیار موئے سر مانند موئے قبطیاں فراخ چشم کشادہ سینہ، بزرگ سر (آنکھیں سُرخ داڑھی خوبصورت ) پُوچھا انھیں جانتے ہو ہم نے کہا نہ۔ کہا یہ نوح ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر اسے رکھ کر اور خانہ کھولا، اس میں سے حریر سبز کا ٹکڑا نکالا اس میں نہایت گورے رنگ کی ایک تصویر تھی۔ مرد خوب چہرہ خوش چشم دراز بینی (کشادہ پیشانی) رخسارے کُھلتے ہوئے سر پر نشانِ پیری ریش مبارک سپید نورانی تصویر کی یہ حالت ہے کہ گویا جان رکھتی ہے سانس لے رہی ہے (مسکرا رہی ہے) کہا ان سے واقف ہو ہم نے کہا نہ کہا یہ ابراھیم ہیں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم۔ پھر اسے رکھ کر ایک اور خانہ کھولا اس میں سے سبز ریشم کا پارچہ نکالا اسے جو ہم نظر کریں تو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر منیر تھی بولا انھیں پہچانتے ہو ہم رونے لگے

Marfat.com

اور کہا یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ وہ بولا نمہیں اپنے دین کی قسم یہ محمد ہیں ہم نے کہا ہاں ہمیں اپنے دین کی قسم یہ حضور کی تصویر پاک ہے گویا ہم حضور کو حالت حیات دنیوی میں دیکھ رہے ہیں اسے سنتے ہی وہ اچھل پڑا بے حواس ہو گیا سیدھا کھڑا ہوا پھر بیٹھ گیا دیر تک دم بخود رہا پھر ہماری طرف نظر اٹھا کر بولا اما انہ اخر البیوت ولکنی عجلتہ لا نظر ماعند کم سنئے ہو یہ خانہ سب خانوں کے بعد تھا مگر میں نے جلدی کرکے دکھایا کہ دیکھوں تمہارے پاس اس باب میں کیا ہے یعنی اگر ترتیب وار دکھاتا آتا تو احتمال تھا کہ تصویر حضرت مسیح کے بعد دکھانے پر تم خواہ مخواہ کہہ دو کہ یہ ہمارے نبی کی تصویر ہے اس لیے میں نے ترتیب قطع کرکے اسے پیش کیا کہ اگر یہ وہی نبی موعود ہیں تو تم ضرور پہچان لوگے بحمد اللہ تعالیٰ ایسا ہی ہوا اور یہی دیکھ کر اس حرمان نصیب کے دل میں درد اٹھا کہ حواس جاتے رہے اٹھا بیٹھا دم بخود رہا واللہ متم نورہ ولو کرہ الکفرون ٥ والحمد للہ رب العلمین ٥ ہمارا مطلب تو بحمد اللہ تعالیٰ یہیں پورا ہو گیا کہ یہ خانہ سب خانوں کے بعد ہے اس کے بعد حدیث میں اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی تصاویر کریمہ کا ذکر ہے حلیہ ہائے منورہ پر اطلاع مسلمین کے لیے اس کا خلاصہ بھی مناسب یہاں تک کہ دونوں حدیثیں متفق تھیں۔ ترجمہ مختصر احدیث عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تھا جو لفظ حدیث ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھائے خطوط ہلالی میں تھے اب حدیث ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتم و ازید ہے کہ اس میں پانچ انبیاء لوط و اسحٰق و یعقوب و اسمٰعیل و یوسف علیہم الصلاۃ والسلام کا ذکر زیادہ ہے لہٰذا اس سے اخذ کریں اور مضمون حدیث عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں زائد ہو اسے خطوط ہلالی میں بڑھائیں فرماتے ہیں پھر اس نے ایک اور خانہ کھولا حریر سیاہ پر ایک تصویر گندمی رنگ سانولی نکالی دیگر حدیث عبادہ میں گورا رنگ ہے مرد و مخول خوش شکل گھونگر والے بال آنکھیں جانب

---

لہ الحمد للہ حدیثیں ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں ابو یعلیٰ و ابن عساکر نے بطریق یحییٰ بن ابی عمرو الشیبانی عن ابی صالح عن ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حدیث معراج مبارک میں موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا حلیہ روایت کیا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا و اما موسٰی فضخم آدم طوال کانہ من رجال
(باقی صفحہ آئندہ)

Marfat.com

باطن مائل نیز نظر ترش رو دانت باہم چڑھے ہونٹ سمٹا جیسے کوئی حالت غضب میں ہو ہم سے کہا انھیں پہچانتے ہو یہ **موسیٰ** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اور اُن کے پہلو میں ایک اور تصویر تھی صورت اُن سے ملتی مگر سر میں خوب تیل پڑا ہوا پیشانی کشادہ پتلیاں جانب بینی مائل و سر مبارک مدور گول، کہا انھیں جانتے ہو یہ **ھارون** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر اور خانہ کھول کر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی مرد گندم گوں سر کے بال سیدھے قد میانہ چہرے سے آثار غضب نمایاں کہا یہ **لوط** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر اور خانے سے حریر سپید پر ایک تصویر نکالی گورا رنگ جس میں سرخی جھلکتی ناک اونچی رخسارے ہلکے چہرہ خوب صورت کہا یہ **اسحٰق** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی صورت صورت اسحٰق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مشابہ تھی مگر لب زیریں پر ایک تل تھا کہا یہ **یعقوب** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر حریر سیاہ پر ایک تصویر نکالی رنگ گورا چہرہ حسین، ناک بلند قامت خوب صورت چہرے پر نور درخشاں اور اس میں آثار خشوع نمایاں رنگ میں سرخی کی جھلک تاباں کہا یہ تمھارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جد کریم **اسمٰعیل** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی کہ صورت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مشابہ تھی چہرہ گویا آفتاب تھا کہا یہ **یوسف** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی سرخ رنگ باریک ساقین آنکھیں کم کھلی ہوئیں جیسے کسی کو روشنی میں چوندھ لگے پیٹ اُبھرا ہوا قد میانہ تلوار حمائل کیے مگر حدیث عبادہ میں اس کے عوض یوں ہے حریر سبز پر گوری تصویر جس کے عضو عضو سے نزاکت و دلکشی ٹپکتی ساق و سرین خوب گول، کہا یہ **داؤد** علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی فربہ سرین پاؤں میں طول گھوڑے

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

شنوۃ کثیر الشعر غائر العینین متراکب الاسنان مقلص الشفۃ خارج اللثۃ عابس اور یہیں سے ترجیح حدیث صحیح ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظاہر ہوئی کہ گندمی رنگ بتایا تھا ۱۲ منہ

؎ یہ اس سالہا سال کے گریۂ خوف الٰہی کا اثر تھا جس کے باعث رخسارہ انور پر دو خط سیاہ بن گئے تھے۔

Marfat.com

پر سوار (جس کے ہر طرف لگے تھے گردن[1] دبی ہوئی پشت کوتاہ گورا رنگ) کہا یہ سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام ہیں (اور یہ پردار گھوڑا جس کے ہر جانب پر ہیں ہوا ہے کہ انہیں اٹھائے ہوئے ہے) پھر حریر سیاہ پر ایک گوری تصویر نکالی مرد جوان داڑھی نہایت سیاہ سر کے بال کثیر چہرہ خوب صورت (آنکھیں حسین اعضا متناسب[2]) کہا یہ عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام ہیں۔ ہم نے کہا یہ تصویریں تیرے پاس کہاں سے آئیں ہمیں یقین ہے کہ یہ ضرور سچی تصاویر ہیں کہ ہم نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر کریم مطابق پائی کہا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب عز وجل سے عرض کی تھی کہ میری اولاد کے انبیاء مجھے دکھا دے حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے ان پر تصاویر انبیاء اتاریں کہ مغرب شمس کے پاس خزانۂ آدم علیہ الصلاۃ والسلام میں تھیں ذوالقرنین نے وہاں سے نکال کر دانیال علیہ الصلاۃ والسلام کو دیں (انھوں نے پارچہ ہائے حریر پر اتاریں کہ یہ بعینہا وہی چلی آتی ہیں) سُن لو خدا کی قسم مجھے آرزو تھی کاش میرا نفس ترک سلطنت کو گوارا کرتا اور میں مرتے دم تک تم میں کسی ایسے کا بندہ بنتا جو غلاموں کے ساتھ نہایت سخت برتاؤ رکھتا (مگر کیا کروں نفس راضی نہیں ہوتا) پھر ہمیں عمدہ جائزے دے کر رخصت کیا (اور ہمارے ساتھ آدمی کر کے سرحد اسلام تک پہنچا دیا) ہم نے آکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حال عرض کیا صدیق روئے اور فرمایا مسکین اگر اللہ اُس کا بھلا چاہتا وہ ایسا ہی کرتا ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ یہ اور یہودی اپنے یہاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پاتے ہیں۔

## مقوقس کے دربار میں فرمانِ نبوی

تذییل دوم: امام واقدی اور ابو القاسم بن عبد الحکم فتوح مصر میں بطریق ابان بن صالح راوی جب حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمان اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

---

[1] حدیث مذکور ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں حلیہ سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام یوں ہے قد میانہ سے زاید دراز سے کم سینہ چوڑا خون کی سرخی بدن پر جھلکتی بال عمدہ ان کی سیاہی سرخی مائل ۱۲ منہ

[2] فائدہ: یہ نفیس جلیل حدیث طویل جس کا خلاصہ اختصار کے ساتھ یہیں وزنی میں بیان ہوا بحمد اللہ صحیح ہے امام حافظ عماد الدین بن کثیر پھر امام خاتم الحفاظ سیوطی نے فرمایا: ھذا حدیث جید الاسناد ورجالہ ثقات ۱۲ منہ

Marfat.com

وسلم لے کر مقوقس نصرانی بادشاہ مصر و اسکندریہ کے پاس تشریف لے گئے اس نے ان سے دریافت کیا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس بات کی طرف بلاتے ہیں انھوں نے فرمایا توحید و نماز پنجگانہ و روزۂ رمضان و حج و وفائے عہد پھر اس نے حضور کا حلیہ پوچھا انھوں نے باختصار بیان کیا وہ بولا قد بقیت اشیاء لم تذکرھا فی عینیہ حمرۃ قلما تفارقہ و بین کتفیہ خاتم النبوۃ الخ ابھی اور باتیں باقی رہیں کہ تم نے نہ بیان کیں ان کی آنکھوں میں سرخ ڈورے ہیں کہ کم کسی وقت جدا ہوتے ہوں اور ان کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اور صفات کر یہ بیان کر کے بولا وقد کنت اعلم ان نبیا قد بقی وقد کنت اظن مخرجہ بالشام وھناک کانت تخرج الانبیاء من قبلہ فاراہ قد خرج فی ارض العرب فی ارض جھد و بؤس والقبط لا تطاوعنی فی اتباعہ و سیظھر علی البلاد الخ مجھے یقیناً معلوم تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور مجھے گمان تھا کہ وہ شام میں ظاہر ہوگا کہ اگلے انبیاء نے وہاں ظہور کیا اب میں دیکھتا ہوں کہ انھوں نے عرب میں ظہور فرمایا محنت و مشقت کی زمین میں اور قبطی ان کی پیروی میں میری نہ مانیں گے عنقریب وہ ان شہروں پر غلبہ پائیں گے۔

تتمہ حدیث ابو القاسم نے بطریق ہشام بن اسحق وغیرہ اور ابن سعد نے طبقات میں بطریق محمد بن عمر بن واقد اون کے شیوخ سے روایت کیا کہ مقوقس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی مضمون کی عرضی لکھی کہ قد علمت ان نبیا بقی وکنت اظن انہ یخرج بالشام وقد اکرمنک رسولک و بعثت الیک بھدیۃ مجھے یقین تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور میرے گمان میں وہ شام سے ظہور کرتا اور میں نے حضور کے قاصد کا اعزاز کیا اور حضور کے لیے نذر حاضر کرتا ہوں۔

## عبداللہ بن سلام کا واقعۂ ایمان

تذییل سوم: بیہقی دلائل میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چرچا سنا اور حضور کے صفت و نام و ہیئات اور جن جن باتوں کی ہم حضور کے لیے توقع کر رہے تھے سب پہچان لیں تو میں نے خاموشی کے

Marfat.com

ساتھ اسے دل میں رکھا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے مجھے خبر رونق افروزی پہنچی میں نے تکبیر کہی میری پھوپی بولی اگر تم موسیٰ بن عمران علیہ الصلاۃ والسلام کا آنا سنتے تو اس سے زیادہ کیا کرتے میں نے کہا اے پھوپی خدا کی قسم وہ موسیٰ بن عمران کے بھائی ہیں جس بات پر موسیٰ بھیجے گئے تھے اسی پر یہ بھی مبعوث ہوئے ہیں وہ بولی یا ابن اخی اھو النبی الذی کنا نخبربہ انہ یبعث مع الساعۃ اے میرے بھتیجے کیا یہ وہ نبی ہیں جن کی ہم خبر دیے جاتے تھے کہ وہ قیامت کے ساتھ مبعوث ہوں گے میں نے کہا ہاں الحدیث۔

خطیب وابن عساکر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا احمد و محمد والحاشر والمقفی والخاتم میں احمد ہوں اور محمد اور تمام جہان کو حشر دینے والا اور سب انبیاء کے پیچھے آنے والا اور نبوت ختم فرمانے والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

**ہجرت حضرت عباس** ابویعلی وطبرانی وشاشی وابونعیم فضائل الصحابہ میں اور ابن عساکر وابن النجار حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موصولاً اور رویانی وابن عساکر محمد بن شہاب زہری سے مرسلاً راوی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما عم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں (مکہ معظمہ سے) عرضی حاضر کی کہ مجھے اذن عطا ہو تو ہجرت کر کے (مدینہ طیبہ) حاضر ہوں۔ اس کے جواب میں حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمان نافذ فرمایا:

یاعم اقم مکانک الذی انت فیہ فان اللہ یختم بک الھجرۃ کما ختم بی النبوۃ۔ اے چچا اطمینان سے رہو کہ تم ہجرت میں خاتم المہاجرین ہونے والے ہو جس طرح میں نبوت میں خاتم النبیین ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام اجل فقیہ محدث ابو اللیث سمرقندی تنبیہ الغافلین میں فرماتے ہیں،

حدثنا ابوبکر محمد بن احمد ثنا ابوعمران ثنا عبدالرحمٰن ثنا داؤد ثنا

Marfat.com

عباس بن الکثیر عن عبید خبیر عن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب سورۃ اذا جاء نصر اللہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض وصال شریف میں نازل ہوئی حضور فوراً برآمد ہوئے پنجشنبہ کا دن تھا منبر پر جلوس فرمایا بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ مدینے میں ندا کر دو لوگو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت سننے چلو یہ آواز سنتے ہی سب چھوٹے بڑے جمع ہوئے گھروں کے دروازے ویسے ہی کھلے چھوڑ دیئے یہاں تک کہ کواریاں پردوں سے نکل آئیں حد یہ کہ مسجد شریف حاضرین پر تنگ ہوئی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمارہے ہیں اپنے پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو اپنے پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو پھر حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم منبر پر قیام فرما کر حمد و ثنائے الٰہی بجا لائے انبیاء علیہم الصلٰوۃ والسلام پر درود بھیجی پھر ارشاد ہوا انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ھاشم العربی الحرمی المکی لانبی بعدی الحدیث میں محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم عربی صاحب حرم محترم و مکہ معظمہ ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ھذا مختصر۔

## مدینہ طیبہ میں حضور کی تشریف آوری

اللہ اللہ ایک وہ دن تھا کہ مدینہ طیبہ میں حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی دھوم ہے۔ زمین و آسمان میں خیر مقدم کی صدائیں گونج رہی ہیں۔ خوشی و شادمانی ہے کہ در و دیوار سے ٹپکی پڑتی ہے مدینے کے ایک ایک بچے کا دمکتا چہرہ انار دانہ ہورہا ہے باچھیں کھلی جاتی ہیں دل ہیں کہ سینوں میں نہیں سماتے سینوں پر جامے تنگ جاموں میں قبائے گل کا رنگ نور ہے کہ جھما جھم برس رہا ہے فرش سے عرش تک نور کا بقعہ بنا ہے پردہ نشین کواریاں شوق دیدار محبوب کردگار میں گاتی ہوئی باہر آئی ہیں کہ ؎

طلع البدر علینا من ثنیات الوداع

وجب الشکر علینا ما دعا للہِ داع

بنی النجار کی لڑکیاں کوچے کوچے محو لغمہ سرائی ہیں کہ ؎

نحن جوارٍ من بنی النجار

یا حبذا محمد من جار

Marfat.com

ایک دن آج ہے کہ اس محبوب کی رخصت ہے مجلس آخری وصیت ہے مجمع تو آج بھی وہی ہے بچوں سے بوڑھوں تک مردوں سے پردہ نشینوں تک سب کا ہجوم ہے ندائے بلال سنتے ہی چھوٹے بڑے سینوں سے دل کی طرح بے تابانہ نکلے ہیں شہر بھر نے مکانوں کے دروازے کھلے چھوڑ دیے ہیں دل کملائے چہرے مرجھائے دن کی روشنی دھیمی پڑ گئی کہ آفتاب جہان تاب کی وداع نزدیک ہے آسمان پژمردہ زمین افسردہ جدھر دیکھو سناٹے کا عالم اتنا ازدحام اور ہُو کا مقام، آخری نگاہیں اس محبوب کے روئے حق نما تک کس حسرت و یاس کے ساتھ جاتی اور ضعف نومیدی سے ہلکان ہوکر بیخودانہ قدموں پر گر جاتی ہیں ذرا رب لب بند مگر دل کے دھوئیں سے یہ صدا بلند ہے

كنت السواد لناظري

فعمى عليك الناظر

من شاء بعدك فليمت

فعليك كنت احاذر

اللہ کا محبوب، امت کا راعی کس پیار کی نظر سے اپنی پالی ہوئی بکریوں کو دیکھتا اور محبت بھرے دل سے انھیں حافظ حقیقی کے سپرد کر رہا ہے شان رحمت کو ان کی جدائی کا غم بھی ہے اور فوج فوج امنڈتے ہوئے آنے کی خوشی بھی کہ محنت ٹھکانے لگی جس خدمت کو ملک الحق نے بھیجا تھا باحسن الوجوہ انجام کو پہنچی۔

نوح کی ساڑھے نوسو برس ودسخت مشقت اور صرف پچاس شخصوں کو ہدایت۔ یہاں بیس تئیس ہی سال ہیں بحمد اللہ یہ روز افزوں کثرت۔ کنیز و غلام جوق جوق آ رہے ہیں جگہ بار بار تنگ ہوئی جاتی ہے۔ دفعہ دفعہ ارشاد ہوتا ہے آنے والوں کو جگہ دو۔ آنے والوں کو جگہ دو۔

اس عام دعوت پر جب یہ مجمع ہو لیا ہے سلطان عالم نے منبر اکرم پر قیام کیا ہے بعد حمد و صلاۃ اپنے نسب و نام و قوم و مقام و فضائل عظام کا بیان ارشاد ہوا ہے۔ مسلمانو! خدا را پھر مجلس میلاد اور کیا ہے وہی دعوت عام وہی مجمع تام وہی منبر و قیام وہی بیان فضائل سید الانام علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والسلام مجلس میلاد اور کس شے کا نام مگر نجدی صاحبوں کو ذکر محبوب مٹانے

Marfat.com

سے کام و ربنا الرحمٰن المستعان وبہ الاعتصام وعلیہ التکلان۔

**چار پائے کلام کرتے ہیں** ابن حبان و ابن عساکر حضرت ابو منظور اور ابو نعیم بروجہ آخر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حب خیبر فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دراز گوش سیاہ رنگ دیکھا اس سے کلام فرمایا وہ جانور بھی کلم میں آیا ارشاد ہوا تیرا کیا نام ہے عرض کی یزید بیٹا شہاب کا اللہ تعالیٰ نے میرے دادا کی نسل سے ساٹھ دراز گوش پیدا کیے کلھم لا یرکبہ الا نبی اُن سب پر انبیا سوار ہوا کیے وقد کنت اتوقعك ان ترکبنی لم یبق من نسل جدی غیری ولا من الانبیاء غیرك مجھے یقینی توقع تھی کہ حضور مجھے اپنی سواری سے مشرف فرمائیں گے کہ اب اُس نسل میں سوا میرے اور انبیاء میں سوا حضور کے کوئی باقی نہیں۔ میں پہلے ایک یہودی کے پاس تھا اُسے قصداً گرا دیا کرتا وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا نام یعفور رکھا جسے بلانا چاہتے اُسے بھیج دیتے چوکھٹ پر سر مارتا جب صاحب خانہ باہر آتا اُسے اشارے سے بتاتا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں، جب حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا وہ مفارقت کی تاب نہ لایا ابو الہیثم بن التیہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کوئیں میں گر کر مر گیا۔

هذا حديث ابی منظور ہ و نحوہ عن معاذ باختصار غير انہ ذكر مكان الاباء ثلثة اخوة واسمہ مكان يزيد عمر او قال كلنا ركبنا الانبياء انا اصغرهم وكنت لك الحديث قلت و لا عليك من دندنة العلامة ابن الجوزی كعادتہ عليہ ولا من تحامل ابن دحية على حديث الضب المار سابقًا فليس فيهما ما ينكر شرعا ولا فی سندهما كذاب ولا وضاع ولا متهم بہ فانی يا تيهما الموضع وهذا امام الشان العسقلانی قد اقتصر فی حديث ابی منظور على تضعيفہ ولہ شاهد من حديث معاذ كما ترى لاجرم ان قال الزرقانی نهايتہ الضعف لا الوضع وقال هو والقسطلانی فی حديث الضب معجزاتہ صلی اللہ تعالیٰ عليہ وسلم فيها ما هو ابلغ من هذا وليس فيہ ما ينكر شرعا خصوصا وقد رواہ

Marfat.com

الائمة) الحفاظ الکبار کابن عدی وتلمیذہ الحاکم وتلمیذہ البیہقی وھو لا یروی موضوعا والدارقطنی وناھیک بہ (فنہا بینہ الضعف لا الوضع کما زعم کیف وللحدیث ابن عمر طریق اخر لیس فیہ السلمی رواہ ابو نعیم وورد مثلہ من حدیث عائشۃ وابی ھریرۃ عند غیرھما اھ قلت وقد اورد کلا الحدیثین الامام خاتم الحفاظ فی الخصائص الکبری وقد قال فی خطبتہا نزھتہ عن الاخبار الموضوعۃ وما یرد اھ قلت وعزو الزرقانی حدیث الضب لا بن عمر تبع فیہ الماتن اعنی الامام القسطلانی صاحب المواھب وسبقہما الدمیری فی حیاۃ الحیوان الکبری لکن الذی رأیت فی الخصائص الکبری والجامع الکبیر للامام الجلیل الجلال السیوطی ھو عزوہ لامیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کما قدمت وقد اوردہ فی الجامع فی مسند عمر فزیادۃ لفظ الابن اما وقع سھوا اویکون الحدیث من طریق ابن عمر عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فیصح العزو الی کل وان کان الاولی ذکر المنتہی ویحتمل علی بُعد ان یکون عن کل منہما فاذن یکون مرویا عن ستۃ من الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم واللہ تعالیٰ اعلم۔

**میرے بعد کوئی نبی نہیں** سعید بن منصور و امام احمد و ابن مردویہ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لا نبوۃ بعدی الا المبشرات الرؤیا الصالحۃ میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں ہیں اچھا خواب۔

احمد و خطیب اور بیہقی شعب الایمان میں اس کے قریب ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لا یبقی بعدی من النبوۃ شیئ الا المبشرات الرؤیا الصالحۃ یراھا العبد اوتری لہ میرے بعد نبوت سے کچھ باقی نہ رہے گا مگر بشارتیں اچھا خواب کہ بندہ آپ دیکھے یا اس کے لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

Marfat.com

تمیس کذاب ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف میں عبید بن عمرو لیثی اور طبرانی کبیر میں نعیم بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لا تقوم الساعۃ حتی یخرج ثلثون کذابا کلھم یزعم انہ نبی زاد عبید قبل یوم القیمۃ۔ قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ اس سے پہلے تیس کذاب نکلیں ہر ایک اپنے آپ کو نبی کہتا ہو اقول و انما اخرناھما الی التذییل بخلاف عین اللفظ المتقدم فی الحدیث الثانی والستین لان فی تتمتہ ان من قال نافعلوا بہ کذا وکذا وھذا العموم انما تم لاجل ختم النبوۃ اذ لوجاز ان یکون بعدہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی صادق لما ساغ الامر المذکور بالعموم وان کان یاتی ایضا ثلثون او الوف من الکذابین بل کان یجب اقامۃ امارۃ تمییز الصادق من الکاذب والامر بالایقاع بمن ھو کاذب منھم لا غیر کما لا یخفی والی اللہ المشتکی من ضعفنا فی ھذا الزمان الکثیر فجارہ القلیل انصارہ الغالب کفارہ المبین عوارہ وقد ظھر الاٰن بعض ھؤلاء الدجالین الکذابین فلو اراد اللہ باحدھم شیئا یطیروا بالمسلم والمسلم انما حدث وما احدث فانا للہ وانا الیہ راجعون لکن الاحتراس کان اسلم للمسلم وانفی للفساد فاحببنا الاقتصار علی القدر المراد واللہ المستعان وعلیہ التکلان ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

علی بمنزلہ ہارون ہیں خطیب حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انما علی بمنزلۃ ھارون من موسی الا انہ لا نبی بعدی علی ایسا ہے جیسا موسیٰ سے ہارون کہ بھائی بھی اور نائب بھی، مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

امام احمد مناقب امیر المومنین علی میں مختصراً اور بغوی و طبرانی اپنی معاجیم باوردی معرفت ابن عدی کامل ابو احمد حاکم کُنٰی میں بطریق امام بخاری ابن عساکر تاریخ میں سب زید بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل مواخات صحابہ میں راوی وھذا حدیث احمد جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باہم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

Marfat.com

میں بھائی چارا کیا امیرالمومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کی میری جان نکل گئی اور پیٹھ ٹوٹ گئی یہ دیکھ کر حضور نے اصحاب کے ساتھ کیا جو میرے ساتھ نہ کیا یہ اگر مجھ سے کسی ناراضی کے سبب ہے تو حضور ہی کے لیے منانا اور عزت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا والذی بعثنی با لحق ما اخرتك الا لنفسی ، انت منی بمنزلۃ ھارون من موسٰی غیر انہ لا نبی بعدی قسم اس کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا میں نے تمہیں خاص اپنے لیے رکھ چھوڑا ہے تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارون موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں تم میرے بھائی اور وارث ہو امیرالمومنین نے عرض کی مجھے حضور سے کیا میراث ملے گی فرمایا جو اگلے انبیاء کو ملی عرض کی انھیں کیا ملی تھی فرمایا خدا کی کتاب اور نبی کی سنت اور تم میرے ساتھ جنت میں میری صاحبزادی کے ساتھ میرے محل میں ہو گے اور تم میرے بھائی اور رفیق ہو۔

ابن عساکر بطریق[1] عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن ابیہ عن جدہ عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا خدا کی قسم میں تمہیں دو جہت سے دوست رکھتا ہوں ایک تو قرابت دوسرے یہ کہ ابوطالب کو تم سے محبت تھی۔ اے جعفر تمہارے اخلاق میرے اخلاق کریمہ مشابہ ہیں۔

واما انت یا علی فانت منی بمنزلۃ ھارون من موسٰی غیر انی لا نبی بعدی۔ تم اے علی مجھ سے ایسے ہو جیسے موسیٰ سے ہارون مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم آمین۔

الحمدللہ یہ چہل حدیث کا عدد تو کامل ہوا جن میں چراسی حدیثیں مرفوع تھیں اور ستره

---

[1] فی نسخۃ کنز العمال المطبوعۃ عن عبد اللہ بن عقیل عن ابیہ عن جدہ عقیل وھو خطاء وھو صوابہ عبد اللہ بن محمد بن عقیل عبد اللہ تابعی صدوق من رجال الاربعۃ ماخلا النسائی قال الذھبی حدیثہ فی مرتبۃ الحسن وابوہ تابعی مقبول رجال ابن ماجہ ۱۲ منہ۔

Marfat.com

تذییلات علاوہ دس پہلے گزری تھیں سات[1] اس تکمیل میں بڑھیں۔ ان سترہ میں بھی پانچ مرفوع نہیں توجملہ مرفوعات یعنی وہ حدیثیں جو خود حضور پُرنور خاتم النبیین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے مروی حضور کے ارشاد و تقریر کی طرف منتہی ہیں نواسی ہوئیں لہٰذا چاہا کہ ایک حدیث مرفوع اور شامل ہو کہ نوّے احادیث مرفوعہ کا عدد کامل ہو نیز ان اللہ وتر یحب الوتر کا فضل حاصل ہو۔

## میں آخری نبی اور میری امت آخری امت ہے

بیہقی سنن میں حضرت ابن زمل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل روایا ہیں راوی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد نماز صبح پاؤں بدلنے سے پہلے ستر بار فرماتے سبحان اللہ و بحمدہ و استغفر اللہ ان اللہ کان توابا پھر فرماتے یہ ستر سات سو کے برابر ہیں نرا بے خیر ہے جو ایک دن میں سات سو سے زیادہ گناہ کرے (یعنی ہر نیکی کم از کم دس ہے من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا تو یہ ستر کلمے سات سو نیکیاں ہوئے اور ہر نیکی کم از کم ایک بدی کو محو کرتی ہے ان الحسنات یذھبن السیات تو اس کے پڑھنے والے کے نیکیاں ہی غالب رہیں گی مگر وہ کہ دن میں سات سو گناہ سے زیادہ کرے اور ایسا سخت ہی بے خیر ہو گا وحسبنا اللہ و نعم الوکیل)۔

پھر لوگوں کی طرف منہ کرکے تشریف رکھتے اور اچھا خواب حضور کو خوش آتا دریافت فرماتے کسی نے کچھ دیکھا ہے ابن زمل نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے فرمایا بھلائی پاؤ اور برائی سے بچو ہمیں اچھا اور ہمارے دشمنوں پر بُرا رب العلمین کے لیے ساری خوبیاں ہیں خواب بیان کرو۔ انھوں نے عرض کی میں نے دیکھا کہ سب لوگ ایک وسیع نرم بے نہایت راستے پر بیچ شارع عام میں چل رہے ہیں ناگہاں اس راہ کے لبوں پر خوبصورت سبزہ زار نظر آیا کہ ایسا کبھی نہ دیکھا تھا اس کا لہلہاتا سبزہ چمک رہا ہے شادابی کا پانی ٹپک رہا ہے

---

[1] بعد حدیث ۱۰۔ تذییل اول دو حدیث عبادہ بن صامت و ہشام بن عاص و تذییل دوم دو حدیث حاطب و شیوخ واقدی و تذییل سوم حدیث ابن سلام و بعد حدیث ۱۱ دو حدیث عبید و نعیم رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۱۲ منہ۔

Marfat.com

اس میں ہر قسم کی گھاس ہے پہلا ہجوم آیا جب اس سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور سواریاں سیدھے راستے پر ڈالے چلے گئے ادھر اُدھر اصلا نہ پھرے اس مرغزار کی طرف کچھ التفات نہ کیا پھر دوسرا اہلا آیا کہ پہلوں سے کئی گونہ زائد تھا جب سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی راہ پر چلے مگر کوئی کوئی اس چراگاہ میں چرانے بھی لگا اور کسی نے چلتے میں ایک مٹھا لے لیا پھر روانہ ہوئے پھر عام ازدحام آیا جب یہ سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور بولے یہ منزل سب سے اچھی ہے یہ ادھر اُدھر پڑگئے میں ماجرا دیکھ کر سیدھا راہ پڑ لیا، جب سبزہ زار سے گزر گیا تو دیکھا کہ سات زینے کا ایک منبر ہے اور حضور اُس کے سب سے اونچے درجے پر جلوہ فرما ہیں حضور کے آگے ایک سال خوردہ لاغر ناقہ ہے حضور اس کے پیچھے تشریف لیے جاتے ہیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ راہ نرم و وسیع وہ ہدایت ہے جس پر میں تمہیں لایا اور تم اس پر قائم ہو اور وہ سبزہ زار دنیا اور اس کے عیش کی تازگی ہے میں اور میرے صحابہ تو چلے گئے کہ دنیا سے اصلا علاقہ نہ رکھا نہ اُسے ہم سے تعلق ہوا نہ ہم نے اسے چاہا نہ اس نے ہمیں چاہا پھر دوسرا ہجوم ہمارے بعد آیا وہ ہم سے کئی گنا زیادہ ہے ان میں سے کسی نے چرایا کسی نے گھاس کا مٹھا لیا اور نجات پا گئے پھر بڑا ہجوم آیا وہ سبزہ زار میں دہنے بائیں پڑگئے تو انا للہ وانا الیہ راجعون ○ اور اے ابن زمل تم اچھی راہ پہ چلتے رہو گے یہاں تک کہ مجھ سے ملو اور وہ سات زینے کا منبر جس کے درجۂ اعلیٰ پر مجھے دیکھا یہ جہان ہے اس کی عمر سات ہزار برس کی ہے اور میں اخیر ہزار میں ہوں واما الناقۃ التی رایت ورایتنی اتبعھا فھی الساعۃ علینا تقوم لا نبی بعدی ولا امۃ بعد امتی اور وہ ناقہ جس کے پیچھے مجھے جاتا دیکھا قیامت ہے ہمارے ہی زمانے میں آئے گی نہ میرے بعد کوئی نبی نہ میری امت کے بعد کوئی امت صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیٰ امتک اجمعین وبارک وسلم واٰخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین۔

تسجیل جمیلہ: بحمد اللہ ہیں احادیث علویہ کے علاوہ خاص مقصود محمود ختم نبوت پر یہ ایک سو ایک حدیثیں ہیں اور مع تذییلات ایک سو اٹھارہ جن میں نوے مرفوع ہیں اور اُن کے رواۃ واصحاب اکثر ہیں۔

Marfat.com

صحابہ وتابعین جن میں صرف گیارہ تابعی

## گیارہ تابعی

۱۔ امام اجل محمد باقر

۲۔ سعد بن ثابت
۳۔ ابن شہاب زہری
۴۔ عامر شعبی
۵۔ عبداللہ بن ابی الہذیل
۶۔ علاء بن زیاد
۷۔ ابو قلابہ
۸۔ کعب احبار
۹۔ مجاہد مکی
۱۰۔ محمد بن کعب قرظی
۱۱۔ وہب بن منبہ

باقی ساٹھ صحابی ازاں جملہ اکاون صحابہ خاص اصول مرویات ہیں

## اکاون صحابہ

۱۲۔ ابی بن کعب

۱۳۔ ابو امامہ باہلی
۱۴۔ انس بن مالک
۱۵۔ اسماء بنت عمیس
۱۶۔ براء بن عازب
۱۷۔ بلال مؤذن
۱۸۔ ثوبان مولی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
۱۹۔ جابر بن سمرہ
۲۰۔ جابر بن عبداللہ
۲۱۔ جبیر بن مطعم
۲۲۔ حبشی بن جنادہ
۲۳۔ حذیفہ بن اسید
۲۴۔ حذیفہ بن الیمان
۲۵۔ حسان بن ثابت
۲۶۔ حویصہ بن مسعود
۲۷۔ ابوذر
۲۸۔ ابن زمل
۲۹۔ زیاد بن لبید
۳۰۔ زید بن ارقم
۳۱۔ زید بن ابی اوفے
۳۲۔ سعد بن ابی وقاص
۳۳۔ سعید بن زید
۳۴۔ ابو سعید خدری
۳۵۔ سلمان فارسی
۳۶۔ سہل بن سعد
۳۷۔ ام المومنین ام سلمہ
۳۸۔ ابو الطفیل عامر بن ربیعہ
۳۹۔ عامر بن ربیعہ
۴۰۔ عبداللہ بن عباس

Marfat.com

۴۱ - عبداللہ بن عمر
۴۲ - عبدالرحمن بن غنم
۴۳ - عدی بن ربیعہ
۴۴ - عرباض بن ساریہ
۴۵ - عصمہ بن مالک
۴۶ - عقبہ بن عامر
۴۷ - عقیل بن ابی طالب
۴۸ - امیرالمومنین علی
۴۹ - امیرالمومنین عمر
۵۰ - عوف بن مالک اشجعی
۵۱ - ام المومنین صدیقہ
۵۲ - ام کرز
۵۳ - مالک بن حویرث
۵۴ - مالک بن سنان والدابی سعید خدری
۵۵ - محمد بن عدی بن ربیعہ
۵۶ - معاذ بن جبل
۵۷ - امیر معاویہ
۵۸ - مغیرہ بن شعبہ
۵۹ - ابن ام مکتوم
۶۰ - ابو منظور
۶۱ - ابو موسیٰ اشعری
۶۲ - ابو ہریرہ اور

## نو صحابی

تذییلات ہیں ۶۳ - حاطب بن ابی بلتعہ
۶۴ - عبداللہ ابن ابی اوفے
۶۵ - عبداللہ بن زبیر
۶۶ - عبداللہ بن سلام
۶۷ - عبداللہ بن عمرو بن عاص
۶۸ - عبادہ بن صامت
۶۹ - عبید بن عمرو لیثی
۷۰ - نعیم بن مسعود
۷۱ - ہشام بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

## ختم نبوت پر دیوبندی عقیدہ

ان احادیث کثیرہ وافرہ شہیرہ متواترہ میں صرف گیارہ حدیثیں وہ ہیں جن میں فقط نبوت کا انہیں الفاظ موجودہ قرآن عظیم سے ذکر ہے جن میں آج کل کے بعض ضُلاّل قاسمان کفر وضلال نے تحریف معنوی کی اور معاذ اللہ حضور کے بعد اور نبوتوں کی نیو جمانے کو خاتمیت بمعنی نبوت بالذات لی یعنی معنی خاتم النبیین صرف اس قدر رہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی بالذات ہیں اور انبیا نبی بالعرض باقی زمانے ہیں تمام انبیا کے بعد ہونا حضور کے بعد اور کسی کو نبوت ملنی ممتنع ہونا یہ معنی ختم نبوت نہیں اور صاف لکھ دیا کہ حضور کے بعد بھی

Marfat.com

کسی کو نبوت مل جائے تو ختمِ نبوت کے اصلا منافی نہیں اُس کے رسالۂ ضلالت مقالہ کا خلاصہ عبارت یہ ہے :

**قاسم نانوتوی کا عقیدہ** "عوام کے خیال میں تو رسول اللہ کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ سب میں آخر نبی ہیں مگر اہلِ فہم پر روشن کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں پھر مقام مدح میں ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین فرمانا کیونکر صحیح ہو سکتا بلکہ موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر ختم ہو جاتا ہے۔ اسی طور پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاتمیت کو تصور فرمایئے آپ موصوف بوصفِ نبوت بالذات ہیں اور نبی موصوف بالعرض ابن معنی جو میں نے عرض کیا آپ کا خاتم ہونا انبیائے گزشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا بلکہ بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور کوئی نبی ہو جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی بھی کوئی نبی پیدا ہو تو بھی خاتمیتِ[1] محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے اھ ملتقطاً"

مسلمانو دیکھا اس ملعون ناپاک شیطانی قول نے ختمِ نبوت کی کیسی جڑ کاٹ دی خاتمیت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ والتحیۃ کہ وہ تاویل گڑھی کہ خاتمیت خود ہی ختم کر دی صاف لکھ دیا کہ اگر حضور خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ والثنا کے زمانے میں بلکہ حضور کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو ختمِ نبوت کے کچھ منافی نہیں اللہ اللہ جس کفر ملعون کے موجد کو خود قرآن عظیم کا وخاتم النبیین فرمانا نافع نہ ہُوا کما قال تعالیٰ وننزل من القراٰن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظلمین الا خسارا ۝ اتارتے ہیں ہم اس قرآن سے وُہ چیز کہ مسلمانوں کے لیے شفا و رحمت ہے اور ظالموں کو اس سے کچھ نہیں بڑھتا سوا زیان کے۔ اُسے احادیث میں خاتم النبیین فرمانا کیا کام دے سکتا ہے فبای حدیث

---

[1] یعنی تحذیر الناس ۱۲

Marfat.com

بعدہ یومنون ٥ قرآن کے بعد اور کون سی حدیث پر ایمان لائیں گے۔

## صحابہ کرام اور ختم نبوّت

فقیر غفرلہ المولی القدیر نے ان احادیث کثیرہ میں صرف گیارہ حدیثیں ایسی لکھیں جن میں تنہا ختم نبوت کا ذکر ہے باقی نوے احادیث اور اکثر تذییلات اُن پر علاوہ سو سے زائد حدیثیں وہی جمع کیں کہ بالتصریح حضور کا اسی معنے پر خاتم ہونا بتا رہی ہیں جسے وُہ گمراہ ضال عوام کا خیال جانتا ہے اور اس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے لیے کوئی تعریف نہیں مانتا۔ صحابہ کرام و تابعین عظام کے ارشادات کہ تذییلوں میں گزرے مثلاً امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سب انبیاء کے بعد بھیجا انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا قول تمھارے نبی آخر الانبیاء ہیں۔ عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد کہ اُن کے بعد کوئی نبی نہیں۔ امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول کہ وہ سب انبیا کے بعد بھیجے گئے انھیں تو یہ گمراہ کب سنے گا کہ ونا اسی وسوسۂ الخناس میں صاف بخود بھی بتایا گیا ہے کہ وہ سلف صالح کے خلاف چلا ہے اور اس کا عذر یوں پیش کیا کہ:

"اگر بوجہ کہ اتفاقی بڑوں کا فہم کسی مضمون تک نہ پہنچا تو اُن کی شان میں کیا نقصان آگیا اور کسی طفل ناداں نے کوئی ٹھکانے کی بات کہہ دی تو کیا وہ عظیم الشان ہوگیا"

مگر آنکھیں کھول کر خود محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی متواتر حدیثیں دیکھیے کہ:

۱۔ میں عاقب ہوں جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔

۲۔ میں سب انبیا میں آخر نبی ہوں۔

۳۔ میں تمام انبیا کے بعد آیا۔

۴۔ تمہیں پچھلے ہیں۔

۵۔ میں سب پیغمبروں کے بعد بھیجا گیا۔

۶۔ قصر نبوت میں جو ایک اینٹ کی جگہ تھی مجھ سے کامل کی گئی۔

Marfat.com

۷۔ میں آخرالانبیا ہوں۔

۸۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

۹۔ رسالت و نبوت منقطع ہوگئی اب نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔

۱۰۔ نبوت میں سے اب کچھ نہ رہا سوا اچھے خواب کے۔

۱۱۔ میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔

۱۲۔ میرے بعد دجال کذاب ادعائے نبوت کریں گے۔

۱۳۔ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

۱۴۔ نہ میری اُمت کے بعد کوئی اُمت۔

ادھر علمائے کتب سابقہ اللہ و رسل جل جلالہٗ و صلی اللہ تعالیٰ علیہم وسلم کے ارشادات سُن سُن کر شہادات ادا کریں گے کہ:

۱۔ احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہوں گے اُن کے بعد کوئی نبی نہیں۔

۲۔ ان کے سوا کوئی نبی باقی نہیں۔

۳۔ وہ آخرالانبیا ہیں۔

ادھر ملئکہ و انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کی صدائیں آرہی ہیں کہ:

۴۔ وہ پسین پیغمبراں ہیں۔

۵۔ وہ آخر مرسلاں ہیں۔

خود حضرت عزت عزت عزتہ سے ارشادات جانفزا و دل نواز آرہے ہیں کہ:

۶۔ محمد ہی اوّل و آخر ہے۔

---

لہ نیز تذییلات میں مقوقس کی دو حدیثیں گزریں کہ ایک نبی باقی تھے وہ عرب میں ظاہر ہوئے۔ ہرقل کی دو حدیثیں کہ یہ خانہ آخرالبیوت تھا۔ عبداللہ بن سلام کی حدیث کہ وہ قیامت کے ساتھ مبعوث ہوئے۔ ایک حبر کا قول کہ وہ اُمت آخرہ کے نبی ہیں۔ بلکہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کی عرض کہ حضور سب پیغمبروں سے زمانے میں متاخر ہیں۔

Marfat.com

۷۔ اُس کی امت مرتبے میں سب سے اگلی اور زمانے میں سب سے پچھلی۔

۸۔ وہ سب انبیا کے پیچھے آیا۔

۹۔ اے محبوب میں نے تجھے آخر النبیین کیا۔

۱۰۔ اے محبوب میں نے تجھے سب انبیا سے پہلے بنایا اور سب کے بعد بھیجا۔

۱۱۔ محمد آخر الانبیا ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مگر یہ ضال مضل محرف قرآن مغیر ایمان ہے کہ نہ ملئکہ کی سُنے نہ انبیا کی نہ مصطفےٰ کی مانے نہ اُن کے خدا کی سب طرف سے ایک کان گونگا ایک بہرا ایک دیدہ اندھا ایک پھوٹا۔ اپنی ہی ہانک لگائے جاتا ہے کہ یہ سب نافہمی کے اوہام خیالات عوام ہیں آخر الانبیاء ہونے میں فضیلت ہی کیا ہے انا للہ وانا الیہ رجعون ○

کذلک یطبع اللہ علی کل قلب متکبر جبار ○ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب ○

ہاں ان نوّے حدیثوں میں تین حدیثیں صرف بلفظ خاتمیت بھی ہیں دو حدیث سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ اے چچا جس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نبوت ختم کی تم پر ہجرت کو ختم فرمائے گا۔ جیسے میں خاتم النبیین ہُوا تم خاتم المہاجرین ہو گے شاید وُہ گمراہ یہاں بھی کہہ دے کہ تمام مہاجرین کرام مہاجر بالعرض تھے حضرت عباس مہاجر بالذات ہوئے۔ ایک اور حدیث الٰہی جل وعلا کہ میں ان کی کتاب پر کتابوں کو ختم کروں گا اور ان کے دین وشریعت پر ادیان شرائع کو۔

او گمراہ اب یہاں بھی کہہ دے کہ اور دین دین بالعرض تھے یہ دین دین بالذات ہے توریت وانجیل وزبور اللہ تعالیٰ کے کلام بالعرض تھے قرآن کلام بالذات ہے مگر ہے یہ کہ:

من لم یجعل اللہ لہ نورا فمالہ من نور ○ نسأل اللہ العفو والعافیۃ ونعوذ بہ من الحور بعد الکور والکفر بعد الایمان والضلال بعد الھدی ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولانا محمد اخر المرسلین وخاتم النبیین واٰلہ وصحبہ اجمعین والحمد للہ رب العلمین۔

Marfat.com

## دیوبندی اور شیعہ عقائد میں مماثلت

الحمد للہ کہ بیان اپنے منتہیٰ کو پہنچا اور حق کا وضوح ذروۂ اعلیٰ کو۔ احادیث متواترہ سے اصل مقصد یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاتم النبیین اور اہلبیت کرام کا نبوت و رسالت سے بے علاقہ ہونا تو بروجہ تواتر قطعی خود ہی روشن و آشکارا ہوا اور اس کے ساتھ طائفۂ نا لفہ وہابیہ فاسقیہ کہ خاتم النبیین کو بمعنے آخر النبیین نہ ماننا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اور نبی ہونے سے ختم نبوت میں نقصان نہ جاننا اس کے کفر خفی و نفاق جلی کا بھی بفضلہ تعالےٰ خوب اظہار ہوا اور ساتھ لگے رافضیوں کے چھوٹے بھائی حضرات تفضیلیہ کی بھی شامت آئی۔ اسد الغالب کی بارگاہ سے اسی کوڑوں کی سزا پائی۔ ان چھوٹے مبتدعوں کا رد یہاں محض تبعاً و استطراداً مذکور ورنہ ان کے ابطال مشرب ضلال سے قرآن عظیم و احادیث مرفوعہ و اقوال اہلبیت و صحابہ و ارشادات امیر المومنین علی مرتضیٰ و اولیائے کرام و علمائے اعلام و دلائل شرعیہ اصلیہ و فرعیہ کے دفتر معمور جس کی تفصیل جلیل و تحقیق جزیل فقیر غفر اللہ تعالےٰ لہ کی کتاب مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین ۱۲ میں مسطور ہے۔

## منکرانِ ختم نبوت پر علمائے اسلام کی گرفت

اب بتوفیقہ تعالےٰ تکفیر منکران ختم نبوت میں بعض نصوص ائمہ کرام لکھ کر بقیہ سوال کی طرف عنان گردانی منظور ہے۔

### علامہ تورپشتی

(نص ۱) امام علامہ شہاب الدین فضل اللہ بن حسین تورپشتی حنفی معتمد فی المعتقد میں فرماتے ہیں:

" بحمد اللہ ایں مسئلہ در اسلامیان روشن تر ازان ست کہ آنرا بکشف و بیان حاجت افتد اما ایں مقدار از قرآن از ترس آں یاد کردیم کہ مبادا از ندیقے جاہلے را در شبہتے اندازد و بسیار باشد کہ ظاہر نبا زند کردن و بدیں طریقہا پائے در نہند کہ خدائے تعالےٰ برہمہ چیز قادر ست کسے قدرت اورا منکر نیست اما چوں ایزد تعالیٰ از چیزے خبر دہد کہ چنیں خواہد بودن یا نخواہد بودن جز چناں نباشد

Marfat.com

کہ خدائے تعالٰے ازاں خبر دہد و خدا سے خبر داد کہ بعد از وے نبی دیگر نباشد
و منکر ایں مسئلہ کسے تواند بود کہ اصلا در نبوت او معتقد نباشد کہ اگر برسالت او
معترف بودے وے را در ہر چہ ازاں خبر داوے صادق دانستے و بہماں حجتہا کہ از
طریق تواتر رسالت او پیش ما بداں درست شدہ است ایں نیز درست شد
کہ وے بازپسیں پیغمبراں ست در زماں او و تا قیامت بعد از وے ہیچ نبی نباشد
ہر کہ دریں بشک ست در آں نیز بشک ست و آنکس کہ گوید کہ بعد از وے نبی دیگر
بود یا ہست یا خواہد بود و آنکس کہ گوید کہ امکان دارد کہ باشد کافر ست اینست
شرط درستی ایمان بخاتم انبیا محمد مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

**امام ابن حجر مکی** (نص ۳۰۲) امام ابن حجر مکی شافعی خیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان میں فرماتے ہیں:

تنبا فی زمنہ رضی اللہ تعالٰی عنہ رجل فقال امھلونی حتی اتی بعلامۃ فقال من طلب منہ علامۃ کفر لانہ بطلبہ ذلک مکذب لقول النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لا نبی بعدی۔

امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کے زمانے میں ایک مدعی نبوت نے کہا مجھے مہلت دو کہ کوئی نشانی دکھاؤں امام ہمام نے فرمایا جو اس سے نشانی مانگے گا کافر ہو جائے گا کہ وہ اس مانگنے کے سبب مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ارشاد قطعی و متواتر ضروری دینی کی تکذیب کرتا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

**فتاوٰی ہندیہ** (نص ۳۰۳تا) فتاوٰی خلاصہ و فصول عمادیہ و جامع الفصولین و فتاوٰی ہندیہ وغیرہا میں ہے واللفظ للعمادی قال انا رسول اللہ او قال بالفارسیۃ من پیغمبرم یرید بہ من پیغام می برم یکفر ولو انہ حین قال ھذہ المقالۃ طلب غیرہ منہ المعجزۃ قیل یکفر الطالب والمتأخرون من المشائخ قالوا ان کان غرض الطالب تعجیزہ وافتضاحہ لا یکفر۔

یعنی اگر کوئی شخص کہے میں اللہ کا رسول ہوں یا فارسی میں کہے میں پیغمبر ہوں کافر

Marfat.com

ہوجائے گا اگرچہ مراد یہ لے کہ ہیں کسی کا پیغام پہنچانے والا ایلچی ہوں اور اگر اس کہنے والے سے کوئی معجزہ مانگے تو کہا گیا یہ بھی مطلقاً کافر ہے اور مشائخ متاخرین نے فرمایا اگر اسے عاجز و رسوا کرنے کی غرض سے معجزہ طلب کیا تو کافر نہ ہوگا ورنہ ختم میں شک لانے کے سبب یہ بھی کافر ہوجائے گا۔

(نص ۹۸) اعلام بقواطع الاسلام میں ہے واضح

**اعلام بقواطع الاسلام** تکفیر مدعی النبوۃ ویظھر کفر من طلب منہ معجزۃ لانہ بطلبہ لھا منہ مجوز لصدقہ مع استحالتہ المعلومۃ من الدین بالضرورۃ نعم ان اراد بذلک تسفیہ وبیان کذبہ فلا کفر۔

مدعی نبوت کی تکفیر تو خود ہی روشن ہے اور جو اس سے معجزہ مانگے اُس کا بھی کفر ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس مانگنے میں اُس مدعی کا صدق محتمل مان رہا ہے حالانکہ دین متین سے بالضرورۃ معلوم ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد دُوسرا نبی ممکن نہیں ہاں اگر اس طلب سے اُسے احمق بنانا اُس کا جھوٹ ظاہر کرنا مقصود ہو تو کفر نہیں۔

(نص ۱۰۰) اُسی میں ہے ومن ذلک (ای المکفرات) ایضا تکذیب نبی او نسبۃ تعمد کذب الیہ او محاربتہ او سبہ او الاستخفاف و مثل ذلک کما قال الحلیمی ما لو تمنی فی زمن نبینا او بعدہ ان لو کان نبیا فیکفر فی جمیع ذلک والظاھر انہ لا فرق بین تمنی ذلک باللسان او القلب اھ مختصرا۔

انھیں باتوں میں جو معاذ اللہ آدمی کو کافر کردیتی ہیں کسی نبی کو جھٹلانا یا اس کی طرف قصداً جھوٹ بولنے کی نسبت کرنا یا نبی سے لڑنا یا اُسے بُرا کہنا اُس کی شان میں گستاخی کا مرتکب ہونا اور بتصریح امام حلیمی انھیں کفریات کی مثل ہے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی شخص کا تمنا کرنا کہ کسی طرح سے نبی ہوجاتا، ان صورتوں میں کافر ہوجائے گا اور ظاہر یہ ہے کہ اس میں کچھ فرق نہیں وہ تمنا زبان سے یا صرف دل میں۔ سبحان اللہ جب مجرد تمنا پر کافر ہوتا ہے تو کسی کی نسبت ادعائے نبوت کس درجہ کا کفر خبیث ہوگا والعیاذ باللہ رب العلمین۔

Marfat.com

(نص ے ۱۱ تا ۱۴) یتیمۃ الدہر پھر ہندیہ میں بعض ائمہ حنفیہ سے اور اشباہ والنظائر وغیرہا میں ہے:

واللفظ لہا اذا لم یعرف ان محمدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم آخر الانبیا فلیس بمسلم لانہ من الضروریات۔

جب نہ پہچانے کہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تمام انبیا علیہم الصلاۃ والسلام سے پچھلے نبی ہیں تو مسلمان نہیں کہ یہ ضروریات دین سے ہے۔

**طائفہ قاسمیہ** مولٰی سبحنہ وتعالٰی ہزاران ہزار جزا ہائے خیر وکرم ورضوان ائمہ کرامت فرمائے ہمارے علمائے کرام کو اُن سے کس نے کہہ دیا تھا کہ صدہا برس بعد وہابیہ میں ایک طائفہ حائفہ قاسمیہ ہونے والا ہے کہ اگرچہ براہ نفاق وفریب کہ عوام مسلمین بھڑک نہ جائیں بظاہر لفظ خاتم النبیین کا اقرار کرے گا مگر اس کے معنے آخر الانبیاء ہونے سے صاف انکار کرے گا اس معنی کو خیال عوام و ناقابل مدح قرار دے گا۔ اسی دن کے لیے اُن اجلۂ کرام نے لفظ اشہر و اعرف ومکتوب فی المصحف اعنی خاتم النبیین کے عوض مسئلہ بلفظ آخر الانبیاء تحریر فرمایا کہ جو حضور کو سب سے پچھلا نبی نہ مانے مسلمان نہیں یعنی ختم نبوت اسی معنی پر داخل ضروریات دین ہے۔ یہی مراد رب العٰلمین ہے اسی ضروری دین وارشاد الٰہ العالمین کو یہ گمراہ معاذ اللہ عامی خیال بتاتے ہیں مہمل ومختل ٹھہراتے ہیں قاتلہم اللہ انی یوفکون بحمد اللہ یہ کرامت علمائے کرام امت ہے فجزاہم اللہ المثوبات الفاخرۃ و نفعنا ببرکاتہم فی الدنیا والآخرۃ آمین۔

**فتاوٰی تاتارخانیہ** تاتارخانیہ پھر عالمگیریہ میں ہے:

رجل قال لآخر من فرشتہ توام فی موضع کذا اعینک علی امرک فقد قیل انہ لا یکفر وکذا اذا قال مطلقا انا ملک بخلاف ما اذا قال انا نبی۔

یعنی ایک نے دوسرے سے کہا میں تیرا فرشتہ ہوں فلاں جگہ تیرے کام میں مدد کروں گا اس پر تو بعض نے بیشک کہا کافر نہ ہوگا یوہیں اگر مطلقا کہا میں فرشتہ ہوں فلاں جگہ تیرے کام میں مدد کروں گا اس پر تو بعض نے بے شک کہا کافر نہ ہوگا یوہیں اگر مطلقاً کہا میں فرشتہ ہوں

Marfat.com

بخلاف دعوت نبوت کہ بالاجماع کفر ہے یہ حکم عام ہے کہ مدعی زمانۂ اقدس میں ہو مثل ابن صیاد و مسیلمہ و اسود خواہ بعد کما تقدم وسیاتی ۔

**شفا قاضی عیاض** شفا شریف امام قاضی عیاض مالکی اور اس کی شرح نسیم الریاض للعلامۃ الشہاب الخفاجی میں ہے :

( وکذلك یکفر من ادعی نبوۃ احد مع نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ) ای فی زمنہ کمسیلمۃ الکذاب و الاسود العنسی ( او ) ادعی ( نبوۃ احد بعدہ ) فانہ خاتم النبیین بنص القراٰن والحدیث فہذا تکذیب اللہ ورسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ( کالعیسویۃ ) وھم طائفۃ ( من الیہود ) نسبوا لعیسی بن اسحٰق الیہودی ادعی النبوۃ فی زمن مروان الحمار وتبعہ کثیر من الیہود وکان من مذہبہ تجویز حدوث النبوۃ بعد نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم ( وکاکثر الرافضۃ القائلین بمشارکۃ علی فی الرسالۃ للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و بعدہ کالبزیغیۃ والبیانیۃ منہم ) وھم اکفر من النصاری واشد ضررا منہم لانہم بحسب الصورۃ مسلمون ویلتبس امرھم علی العوام ( فہؤلاء ) کلھم ( کفار مکذبون للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخبر انہ خاتم النبیین و انہ ارسل کافۃ للناس واجمعت الامۃ علی ان ھذا الکلام علی ظاہرہ و ان مفہومہ المراد منہ دون تاویل و لا تخصیص فلا شك فی کفر ھؤلاء الطوائف کلھا قطعا اجماعا و سمعا ) اھ مختصرا ۔

یعنی اسی طرح وہ بھی کافر ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں کسی کی نبوت کا ادعا کرے جیسے مسیلمہ کذاب و اسود عنسی یا حضور کے بعد کسی کی نبوت مانے اس لیے کہ قرآن وحدیث میں حضور کے خاتم النبیین ہونے کی نص صریح ہے تو یہ شخص اللہ و رسول کو جھٹلاتا ہے جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسے یہود کا ایک طائفہ عیسویہ کہ عیسیٰ بن اسحٰق یہودی کی طرف منسوب ہے ۔ اس نے مروان الحمار کے زمانے میں ادعائے نبوت کیا تھا اور بہت یہود اس کے تابع ہو گئے ۔ اس کا مذہب تھا کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد نئی نبوت

Marfat.com

ممکن ہے اور جیسے بہت رافضی کہ مولی علی کو رسالت میں نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا شریک اور حضور کے بعد انھیں نبی کہتے ہیں اور جیسے رافضیوں کے دو فرقے بزلیعیہ و بیانیہ ان لوگوں کا کفر نصاری سے بڑھ کر ہے اور ان سے زائد ان کا ضرر کہ یہ صورت میں مسلمان ہیں ان سے عوام دھوکے میں پڑ جاتے ہیں یہ سب کے سب کنار ہیں نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والے اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے خبر دی کہ حضور خاتم النبیین ہیں اور خبر دی کہ حضور کے بعد کوئی نبی نہیں اور اپنے رب عزوجل سے خبر دی کہ وہ حضور کو خاتم النبیین اور تمام جہان کی طرف رسول بتاتا ہے اور امت نے اجماع کیا کہ یہ آیات واحادیث اپنے ظاہر پر ہیں جو کچھ ان سے مفہوم ہوتا ہے خدا اور رسول کی یہی مراد ہے نہ ان میں کچھ تاویل ہے نہ تخصیص تو کچھ شک نہیں کہ یہ سب طائفے بحکم اجماع امت و بحکم حدیث و آیت بالیقین کافر ہیں۔

## منکران ختم نبوت کے فرقے

الحمد للہ اس کلام رشید نے ولید پلید و رافض نجید و نا سعید عبدہ وا میرہ طریر کسی مردود و عنید کا تسمہ نہ رکھا واللہ الحجۃ السامیہ یہ فقرے آب زر سے لکھنے کے ہیں کہ ان خبیثوں کا کفر یہود و نصاری سے بڑھ کر اور کلمہ گویوں سے ان کا زائد ضرر والعیاذ باللہ العزیز الاکبر۔

وجیز امام کردری و مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے:

**مجمع الانہر** اما الایمان بسیدنا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فیجب بانہ رسولنا فی الحال وخاتم الانبیاء والرسل فاذا آمن بانہ رسول ولم یؤمن بانہ خاتم الانبیاء لا یکون مؤمنا۔

---

لہ اسی طرح طائفہ مرزائیہ متبعان غلام قادیانی کہ سب سے نا زد سے یہ بھی مرزا کو مرسل من اللہ کہتا ہے اور خود مرزا اپنے اوپر وحی اترنے کا مدعی ہے اپنے کلام کو کلام الٰہی و منزل من اللہ بتاتا ہے اور اسی کے سالہ ازالہ غلطی کا ازالہ سے منقول کہ اس میں نہ اتنا اپنے آپ کو نبی بلکہ بعض انبیاء سے افضل بتاتا ہے اس بارے میں ابھی چند روز ہوئے امرتسر سے سوال آیا تھا جس پر حضرت مصنف علامہ مدظلہ نے مدلل و مفصل فتوی تحریر فرمایا جسے کہ حسن بیان دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے جس کا نام السوء والعقاب ہے۔ واللہ الحمد۔ عفی عنہ مصحح۔ یہ فتوی اسی کتاب کے آخر میں دیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

ہمارے مولیٰ ہمارے سردار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یوں ایمان لانا فرض ہے کہ حضور اب بھی ہمارے رسول ہیں (نہ یہ کہ معاذ اللہ بعد وصال شریف حضور رسول نہ رہے یا حضور کے بعد اب اور کوئی ہمارا رسول ہو گیا) اور ایمان لانا فرض ہے کہ حضور تمام انبیا و مرسلین کے خاتم ہیں اگر حضور کے رسول ہونے پر ایمان لایا اور خاتم الانبیا ہونے پر ایمان نہ لایا تو مسلمان نہ ہوگا۔

یہاں رسالت پر ایمان مجازاً بنظر صورت بحسب ادعائے قائل بولا گیا ورنہ جو ختم نبوت پر ایمان نہ لایا قطعاً حضور کی رسالت ہی پر ایمان نہ لایا کہ رسول جانتا تو حضور جو کچھ اپنے رب جل جلالہ کے پاس سے لائے سب پر ایمان لاتا کما تقدم فی کلام الامام النور پشتی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

**علامہ یوسف اردبیلی** امام علامہ یوسف اردبیلی شافعی کتاب الانوار میں فرماتے ہیں:

من ادعی النبوۃ فی زماننا او صدق مدعیا لھا او اعتقد نبیا فی زمانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم او قبلہ من لم یکن نبیا کفر اھ ملخصا۔

جو ہمارے زمانے میں نبوت کا مدعی ہو یا دوسرے کسی مدعی کی تصدیق کرے یا حضور کے زمانے میں کسی کو نبی مانے یا حضور سے پہلے کسی غیر کو نبی جانے کافر ہو جائے۔

**امام غزالی** امام حجۃ الاسلام محمد محمد محمد غزالی کتاب الاقتصاد میں فرماتے ہیں:

ان الامۃ فھمت من ھذا اللفظ انہ افھم عدم نبی بعدہ ابدا و عدم رسول بعدہ ابدا و انہ لیس فیہ تاویل و لا تخصیص و من اولہ بتخصیص فکلامہ من انواع الھذیان لا یمنع الحکم بتکفیرہ لانہ مکذب لھذا النص الذی اجمعت الامۃ علی انہ غیر مؤول و لا مخصوص۔

یعنی تمام امت محمدیہ صاحبہا وعلیہا الصلاۃ والتحیۃ نے لفظ خاتم النبیین سے یہی سمجھا کہ وہ بتاتا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہ ہوگا حضور کے بعد کبھی کوئی رسول نہ ہوگا اور تمام امت نے یہی مانا کہ اس لفظ میں نہ کوئی تاویل ہے کہ آخر النبیین

Marfat.com

کے سوا خاتم النبیین کے کچھ اور معنی گڑھے نہ اس عموم میں کچھ تخصیص ہے کہ حضور کے ختم نبوت کو کسی زمانے یا زمین کے کسی طبقے سے خاص کیجیے اور جو اس میں تاویل و تخصیص کو راہ دے اس کی بات جنون یا نشے یا سرسام میں بہکنے بڑانے بکنے کے قبیل سے ہے اسے کافر کہنے سے کچھ ممانعت نہیں کہ وُہ آیت قرآن کی تکذیب کر رہا ہے جس میں اصلاً تاویل و تخصیص نہ ہونے پر امت مرحومہ کا اجماع ہو چکا ہے بحمد اللہ یہ عبارت بھی مثل عبارت شفا و نسیم تمام طوائف جدیدہ فاسمیہ و امیریہ خذلہم اللہ تعالیٰ کے ہذیانات کا رد جلیل و جلی ہے آٹھ آٹھ سو برس بعد آنے والے کافروں کا رد فرما گئے یہ ائمہ دین کی کرامت منجلی ہے۔

غنیۃ الطالبین شریف میں عقائد ملعونہ غلاۃ روافض کے بیان میں فرمایا:

**غنیۃ الطالبین** ادعت ایضا ان علیا نبی الی قولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لعنہم اللہ وملئکتہ وسائر خلقہ الی یوم الدین وقلع واباد خضراءھم ولا جعل منہم فی الارض دیارا فانہم بالغوا فی غلوھم ومرضوا علی الکفر وترکوا الاسلام وفارقوا الایمان وجحدوا الالہ والرسل والتنزیل فنعوذ باللہ ممن ذھب الی ھذہ المقالۃ۔

یعنی غالی رافضیوں کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ مولیٰ علی نبی ہیں اللہ اور اس کے فرشتے اور تمام مخلوق قیامت تک ان رافضیوں پر لعنت کریں اللہ ان کے درخت کی جڑ اکھیڑ کر پھینک دے تباہ کر دے زمین پر ان میں سے کوئی بسنے والا نہ رکھے کہ انھوں نے اپنا غلو حد سے گزار دیا کفر پر جم گئے اسلام چھوڑ بیٹھے ایمان سے جُدا ہُوئے اللہ و رسول و قرآن سب کے منکر ہو گئے ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اس سے جو ایسا مذہب رکھے الحمد للہ اللہ عزوجل نے یہ دعائے کریم مستجاب فرمائی غرابیہ وغیرہا ملعون طوائف کا نشان نہ رہا اب جو اس دار الفتن ہندیہ محن کی زمین میں فتنوں کی بوچھار کی گندہ بہاریں دو ایک حشرات الارض کہیں کہیں تازہ نکل پڑے وہ بھی بحمد اللہ تعالےٰ جلد جلد اپنے مقر سقر کو پہنچ گئے ایک آدھ کہیں باقی ہو تو وہ بھی قہر الٰہی سے الم نہلک الاولین ○ ثم نتبعھم الاٰخرین ○ کذٰلک نفعل بالمجرمین ○ کا منتظر ہے۔

Marfat.com

**تحفہ شرح منہاج** تحفہ شرح منہاج میں ہے:

او کذب رسولا او نبیا او نقصه بای منقص کان صغرا سمه مرید ا تحقیره او جوز نبوة احد بعد وجود نبینا صلی الله تعالٰی علیه وسلم وعیسٰی علیه الصلاۃ والسلام نبیٌ قبل فلا یرد۔

یعنی کافر ہے جو کسی نبی کی تکذیب کرے یا کسی طرح اس کی شان گھٹائے مثلاً بہ نیت توہین اُس کا نام چھوٹا کر کے لے یا ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد کسی کی نبوت ممکن مانے اور عیسٰی علیہ الصلاۃ والسلام تو حضور کی تشریف آوری سے پہلے نبی ہو چکے اُن سے اعتراض وارد نہ ہوگا۔

**شرح فرائد** عارف باللہ علامہ عبدالغنی نابلسی شرح الفرائد میں فرماتے ہیں:

فساد مذهبهم غنی عن البیان بشهادة العیان کیف وهو یؤدی الی تجویز مع نبینا صلی الله تعالٰی علیه وسلم او بعده و ذلك یستلزم تکذیب القرآن اذ قد نص علی انه خاتم النبیین و آخر المرسلین وفی السنة انا العاقب لا نبی بعدی واجمعت الامة علی ابقاء هٰذا الکلام علی ظاهره وهٰذا احدی المسائل المشهورة التی کفرنا بها الفلاسفة لعنهم الله تعالٰی۔

فلاسفہ نے کہا تھا کہ نبوت کسب سے مل سکتی ہے آدمی ریاضتیں مجاہدے کرنے سے پا سکتا ہے۔ اس کے رد میں فرماتے ہیں کہ اُن کے مذہب کا بطلان محتاج بیان نہیں آنکھوں دیکھا باطل ہے اور کیوں نہ ہو اس کے نتیجے میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی نبی کا امکان نکلے گا اور یہ تکذیب قرآن کو مستلزم ہے قرآن عظیم نص فرما چکا کہ حضور خاتم النبیین و آخر المرسلین ہیں اور حدیث میں ہے میں پچھلا نبی ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں اور امت کا اجماع ہے کہ یہ کلام اسی معنے پر ہے جو اس کے ظاہر سے سمجھ میں آتے ہیں یہ ان مشہور مسئلوں میں سے ہے جن کے سبب ہم اہل اسلام نے فلاسفہ کو کافر کہا اللہ تعالٰی ان پر لعنت کرے۔

نقل هٰذین خاتم المحققین معین الحق المبین السیف المسلول مولانا

Marfat.com

فضل الرسول قدس سرہ فی المعتقد المنتقد۔

**مواہب شریف** مواہب شریف آخر نوع ثالث مقصد سادس میں امام ابن حبان صاحب صحیح مسمی بالتقاسیم والانواع سے نقل فرمایا:

من ذھب الی ان النبوۃ مکتسبۃ لا تنقطع او الی ان الولی افضل من النبی فھو زندیق الی اٰخرہ۔

جو اس طرف جائے کہ نبوت کسب سے مل سکتی ہے ختم نہ ہوگی یا کسی ولی کو کسی نبی سے افضل بتائے وہ زندیق بے دین ملحد و بریا ہے۔ علامہ زرقانی نے اس کی دلیل میں فرمایا:

لتکذیب القراٰن وخاتم النبیین۔

یہ شخص اس وجہ سے کافر ہوا کہ قرآن عظیم وختم نبوت کی تکذیب کرتا ہے۔

**امام نسفی** بحر الکلام امام نسفی پھر تفسیر روح البیان میں ہے:

صنف من الروافض قالوا ان الارض لا تخلو من نبی والنبوۃ صارت میراثا لعلی واولادہ وقال اھل السنۃ والجماعت لا نبی بعد نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لقولہ تعالیٰ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا نبی بعدی ومن قال بعد نبینا نبی یکفر لانہ انکر النص وکذلك لو شك فیہ اھ ببعض اختصار۔

رافضیوں کا ایک طائفہ کہتا ہے زمین نبی سے خالی نہیں ہوتی اور نبوت مولیٰ علی اور ان کی اولاد کے لیے میراث ہوگئی ہے اور اہل سنت وجماعت نے فرمایا ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہاں خدا کے رسول ہیں اور سب انبیا میں پچھلے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میرے بعد کوئی نبی نہیں تو جو حضور کے بعد کسی کو نبی مانے کافر ہے کہ قرآن عظیم ونص صریح کا منکر ہے یوہیں جسے ختم نبوت میں کچھ شک ہو وہ بھی کافر ہے۔

Marfat.com

تمہید ابوشکور سالمی میں ہے:

**تمہید ابوشکور سالمی** قالت الروافض ان العالم لا یکون خالیا من النبی قط وھذا کفر لان اللہ تعالیٰ قال وخاتم النبیین ومن ادعی النبوۃ فی زماننا فانہ یصیر کافرا ومن طلب منہ المعجزات فانہ یصیر کافرا لانہ شك فی النص ویجب الاعتقاد بانہ ماکان لاحد شرکۃ فی النبوۃ لمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بخلاف ماقالت الروافض ان علیا کان شریکا لمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی النبوۃ وھذا منھم کفر۔

رافضی کہتے ہیں دنیا نبی سے خالی نہ ہوگی اور یہ کفر ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے وخاتم النبیین اب جو دعویٰ نبوت کرے کافر ہے اور جو اس سے معجزہ مانگے وہ بھی کافر کہ اسے ارشاد الٰہی میں شک پیدا ہوا جب تو معجزہ مانگا اور اس کا اعتقاد فرض ہے کہ کوئی شخص نبوت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شریک نہ تھا بخلاف روافض کے کہ مولیٰ علی کو حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ شریکِ نبوت مانتے ہیں اور یہ اُن کا کفر ہے۔

بحر العلوم ملک العلماء مولانا عبد العلی محمد شرح سلم میں فرماتے ہیں:

**مولانا عبد العلی** "محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین وابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل الاصحاب والاولیاء وھاتان القضیتان مما یطلب بالبرھان فی علم الکلام والیقین المتعلق بھما یقین ثابت ضروری باق الی الابد ولیس الحکم فیھما علی امر کلی یجوز العقل تناول ھذا الحکم لغیر ھذین الشخصین والانکار ھذا مکابرۃ وکفر" محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام اولیاء سے افضل ہیں اور ان دونوں باتوں پر دلیل قطعی علم عقائد میں مذکور ہے اور ان پر یقین وہ جما ہوا ضروری یقین ہے جو ابد الآباد تک باقی رہے گا اور یہ خاتم النبیین اور افضل الانبیاء ہونا کسی امر کلی کے لیے ثابت نہیں کیا ہے کہ عقل ان دونوں ذات پاک کے سوا کسی اور کے لیے اس کا ثبوت ممکن مانے اور اس کا انکار ہٹ دھرمی اور کفر ہے۔

فیہ لف و نشر بالقلب یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے افضل الاولیاء ہونے سے

Marfat.com

انکار قرآن وسنت واجماع امت کے ساتھ مکابرہ ہے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الانبیا ہونے سے انکار کفر والعیاذ باللہ رب العلمین۔

**امام احمد قسطلانی** امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ مقصد سابع فصل اول پھر علامہ عبدالغنی نابلسی حدیقہ ندیہ باب اول فصل ثانی میں فرماتے ہیں:

العلم اللدنی نوعان لدنی رحمانی ولدنی شیطانی والمحك هو الوحی ولا وحی بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واما قصة موسی مع الخضر علیہما الصلاۃ والسلام فالتعلق بہا فی تجویز الاستغناء عن الوحی بالعلم اللدنی الحاد وکفر مخرج عن الاسلام موجب لاراقة الدم والفرق ان موسی علیہ الصلاۃ والسلام لم یکن مبعوثا الی الخضر ولم یکن الخضر مامورا بمتابعته ومحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی جمیع الثقلین فرسالته عامة للجن والانس فی کل زمان فمن ادعی انه مع محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کالخضر مع موسی علیہما الصلاۃ والسلام اوجوز ذلك لاحد من الامة فلیجدد اسلامه (لکفرہ بہذہ الدعوی) ولیشہد شہادۃ الحق (لیعود الی الاسلام) فانه مفارق لدین الاسلام بالکلیة فضلا عن ان یکون من خاصة اولیاء اللہ تعالیٰ وانما ہو من اولیاء الشیطن وخلفائه ونوابه (فی الضلال والاضلال) والعلم اللدنی الرحمانی ہو ثمرۃ العبودیه والمتابعة لہذا النبی الکریم علیہ ازکی الصلاۃ واتم التسلیم وبه یحصل الفہم فی الکتاب والسنة بامر یختص به صاحبه کما قال علی (امیر المومنین) وقد سئل (کما فی الصحیح وسنن النسائی) ہل خصکم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشیئ دون الناس (کما تزعم الشیعة) فقال لا الا فہما یؤتیه اللہ عبدا فی کتابه اھ مختصرا مزیدا ما بین الہلالین من شرح العلامة الزرقانی۔

یعنی علم لدنی دو قسم ہے رحمانی اور شیطانی اور ان کے پہچاننے کی معیار وحی ہے کہ جو اس کے مطابق ہے رحمانی ہے اور جو اس کے خلاف ہے شیطانی ہے) اور رسول اللہ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد وحی نہیں کہ کوئی کہے میرا یہ علم وحی جدید کے مطابق ہے) رہا خضر و موسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام کا قصہ (کہ خضر کے پاس وہ علم لدنی تھا جو موسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام کو معلوم نہ تھا) اسے یہاں دستاویز بنا کر علم لدنی کے سبب وحی کی پرواہ نہ رکھنا نری بے دینی وکفر ہے۔ اسلام سے نکال دینے والی بات ہے جس کے قائل کا قتل واجب اور فرق یہ ہے کہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام حضرت خضر کی طرف مبعوث نہ تھے نہ خضر کو ان کی پیروی کا حکم (کہ وہ تو خاص بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے تھے کان النبی یبعث الی قومہ خاصۃ) اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام جن وانس (بلکہ تمام ماسوائے اللہ) کی طرف مبعوث ہیں (وارسلت الی الخلق کافۃ) تو حضور کی رسالت ہر زمانے میں سب جن وانس کو شامل ہے تو جو مدعی ہو کہ وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نہ تھے یا امت میں کسی کے لیے یہ مرتبہ ممکن مانے وہ نئے سرے سے مسلمان ہو کہ اس قول کے باعث کافر ہو گیا مسلمان ہونے کے لیے کلمۂ شہادت پڑھے کہ وہ دین اسلام سے یک لخت جدا ہو گیا چہ جائے آنکہ اللہ عزوجل کے خاص اولیا سے ہو وہ تو شیطان کا ولی اور گمراہی و گمراہ گری میں ابلیس کا خلیفہ و نائب ہے علم لدنی رحمانی بندگی خدا و پیروی محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پھل ہے جس سے قرآن وحدیث میں ایک خاص سمجھ حاصل ہو جاتی ہے جس طرح صحیح بخاری وسنن نسائی میں ہے کہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے سوال ہوا کہ تم اہلبیت کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی خاص شے ایسی عطا فرمائی ہے جو اور لوگوں کو نہ دی جیسا رافضی گمان کرتے ہیں فرمایا نہ۔ مگر وہ سمجھ جو اللہ عزوجل نے اپنے بندوں کو قرآن عزیز میں عطا فرمائی رزقنا اللہ تعالیٰ بمنہ والائہ بفضل رحمتہ باولیائہ وصلی وسلم علی خاتم انبیائہ محمد وآلہ وصحبہ واحبائہ آمین۔

## سید کفریہ عقیدہ نہیں رکھ سکتا

ولید بلید خواہ کوئی پلید ختم نبوت کا ہر منکر عنید صراحۃً جاحد ہو یا تاویل کا مرید مطلقاً نفی کرے یا تخصیص بعید امیری قاسمی مشہدی مرید رافضی غالی وہابی شدید۔ سب صریح کافر مرتد طرید علیہم لعنۃ العزیز الحمید اور جو کافر ہو وہ قطعاً سید نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح تو اسے سید کہنا جائز۔

Marfat.com

**منافق کو سیّد نہ کہو** رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لا تقولوا للمنافق سید فانہ ان یکن سیدا فقد اسخطتم ربکم عز وجل۔

منافق کو سیّد نہ کہو کہ اگر وہ تمہارا سید ہو تو بیشک تم پر تمہارے رب عز وجل کا غضب ہو رواہ ابوداود النسائی بسند صحیح عن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت حاکم کے لفظ یہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا قال الرجل للمنافق یا سید فقد اغضب ربہ عز وجل جو کسی منافق کو اے سیّد کہے اُس نے اپنے رب عز وجل کا غضب اپنے اوپر لیا والعیاذ باللہ رب العلمین۔

پھر یہی نہیں کہ یہاں صرف اطلاق لفظ سے ممانعت شرعی اور نسب سیادت کا انتفائے حکمی ہو حاشا بلکہ واقع ہیں کافر اس نسل طیب و طاہر سے تھا ہی نہیں اگرچہ سید بنتا اور لوگوں میں براہ غلط سیّد کہلاتا ہو ائمۂ دین اولیائے کاملین علمائے عاملین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تصریح فرماتے ہیں کہ سادات کرام بحمد اللہ تعالیٰ خباثت کفر سے محفوظ و مصئون ہیں جو واقعی سید ہے اس سے کبھی کفر واقع نہ ہوگا قال اللہ تعالیٰ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا ۞ اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے نجاست دور رکھے اے نبی کے گھر والو اور تمہیں خوب پاک کر دے ستھرا کر کے۔

تمام فوائد اور بزار و ابو یعلی مسند اور طبرانی کبیر اور حاکم بافادہ تصحیح مستدرک میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان فاطمۃ احصنت فرجھا فحرمھا اللہ وذریتھا علی النار

بیشک فاطمہ نے اپنی حرمت نگاہ رکھی تو اللہ نے اسے اور اس کی ساری نسل کو آگ پر حرام کر دیا۔

**اہلبیت سے کوئی بھی جہنمی نہیں** ابو القاسم بن بشران اپنے امالی میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

Marfat.com

سالت ربی ان لا یدخل احدا من اھل بیتی النار فاعطانیھا میں نے اپنے رب عزوجل سے سوال کیا کہ میرے اہل بیت سے کسی کو دوزخ میں نہ ڈالے اس نے میری یہ مراد عطا فرمائی۔

## اہلبیت عذاب سے بری ہیں

طبرانی بسند صحیح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بتول رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا ان اللہ تعالیٰ غیر معذبك ولا ولدك۔ بیشک اللہ تعالیٰ نہ تجھے عذاب فرمائے گا نہ تیری اولاد کو۔

## حضرت فاطمہ کی وجہ تسمیہ

ابن عساکر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انما سمیت فاطمۃ لان اللہ فطمھا و ذریتھا عن النار یوم القیمۃ۔ فاطمہ اس لیے نام ہوا کہ اللہ عزوجل نے اُسے اور اس کی نسل کو روزِ قیامت آگ سے محفوظ فرمادیا۔

## اہلبیت آگ میں نہیں جا سکتے

قرطبی آیہ کریمہ ولسوف یعطیك ربك فترضی ○ کی تفسیر میں حضرت ترجمان القرآن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناقل کہ انھوں نے فرمایا:

رضا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان لا یدخل احد من اھل بیتہ النار یعنی اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راضی کر دینے کا وعدہ فرمایا اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا اس میں ہے کہ اُن کے اہل بیت سے کوئی دوزخ میں نہ جائے۔

نار دو قسم کی ہے نار تطہیر کہ مومن عاصی جس کا مستحق ہو اور نار خلود کافر کے لیے سب اہلبیت کرام میں حضرت امیر المومنین مرتضیٰ وحضرت بتول زہرا وحضرت سید مجتبیٰ وحضرت شہید کربلا صلی اللہ تعالیٰ علی سیدھم وعلیھم وبارک وسلم تو بالقطع والیقین ہر قسم سے ہمیشہ ہمیشہ محفوظ ہیں اس پر تو

---

لہ افادہ الھیثمی فی الصواعق حیث قال جاء بسند رواتہ ثقات انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لفاطمۃ فذکرہ ۱۲ منہ

Marfat.com

اجماع قائم اور نصوص متواترہ حاکم باقی نسل کریم تا قیام قیامت کے حق میں اگر بفضلہٖ تعالیٰ مطلق دخول سے محفوظی لیجیے اور یہی ظاہر لفظ سے متبادر اور اسی طرف کلمات اہل تحقیق ناظر جب تو مراد بہت ظاہر اور منع خلود مقصود جب بھی نفی کفر پر دلالت موجود۔

شرح المواہب للعلامۃ الزرقانی میں زیر حدیث مذکور انما سمیت فاطمۃ هی فاما هی وابناها فالمنع مطلق واما من عداهم فالممنوع عنهم نار الخلود وان الله تعالیٰ علیہ وعلیها وسلم اما ما رواہ ابو نعیم والخطیب ان علیا الرضا بن موسی الکاظم ابن جعفر الصادق سئل عن حدیث ان فاطمۃ احصنت فقال خاص بالحسن و الحسین وما نقلہ الاخباریون عنہ من توبیخہ لاخیہ زید حین خرج علی المامون وقولہ اغرك قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان فاطمۃ احصنت الحدیث ان هذا لمن خرج من بطنها لا لی ولا لك فهذا من باب التواضع وعدم الاغترار بالمناقب وان کثرت کما کان الصحابۃ المقطوع لهم بالجنۃ علی غایۃ من الخوف والمراقبۃ والا فلفظ الذریۃ لا یختص بمن خرج من بطنها فی لسان العرب ومن ذریتہ داؤد وسلیمٰن الایۃ وبینهم وبینہ قرون کثیرۃ فلا یرید ذلك مثل علی الرضا مع فصاحتہ ومعرفتہ لغۃ العرب علی ان التقلید بالطائع یبطل خصوصیۃ ذریتها ومحبیها الا ان یقال للہ تعذیب الطائع فالخصوصیۃ ان لا یعذبہ اکراما لها واللہ اعلم اھ مختصرا ورأیتنی کتبت علی هامش قولہ الا ان یقال ما نصہ۔ اقول ولا یجدی فان الوقوع ممنوع باجماع اهل السنۃ واما الامکان فثابت عند من یقول بہ الی خلاف ائمتنا الماتریدیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنهم فانهم یحیلونہ وقد تکلمت فی مسئلۃ علی هامش فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت لبحر العلوم بما یکفی ویشفی فانی احدنی فیها ارکن وامیل الی قول ساداتنا الاشعریۃ رحمهم اللہ تعالیٰ ورحمنا بهم جمیعا واللہ اعلم بالصواب فی کل باب۔

فتاوی حدیثیہ امام ابن حجر مکی میں ہے: اذا تقرر ذلك فمن علمت نسبتہ الی آل البیت النبوی والسر العلوی لا یخرجہ عن ذلك عظیم جنایتہ ولا عدم دیانتہ وصیانتہ

Marfat.com

ومن ثم قال بعض المحققین ماامثال الشریف الزانی او الشارب او السارق مثلا اذا اقمنا علیه الحد الا کامیر او سلطان تلطخت رجلاه بقذر فغسله عنهما بعض خدمه ولقد بر فی هٰذا المثال وحقق ولنیأمل قول الناس فی امثالهم الولد العاق لا یحرم المیراث نعم الکفر ان فرض وقوعه لاحد من اهل البیت والعیاذ بالله تعالیٰ هو الذی یقطع النسبة بین من وقع منه وبین شرفه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انما قلنا ان فرض لانی اکاد ان اجزم ان حقیقة الکفر لا تقع ممن علم اتصال نسبه الصحیح بتلك البضعة الکریمة حاشاهم الله عن ذلك وقد احال بعضهم وقوع نحو الزنا واللواط ممن علم شرفه فما ظنك بالکفر۔

## شیخ اکبر اور اہل بیت

امام الطریقۃ لسان الحقیقۃ شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوحات مکیہ باب ۲۹ میں فرماتے ہیں:

لما کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عبدا محضا قد طهره الله واهل بیته تطهیرا واذهب عنهم الرجس وهو کل ما یشینهم فهم المطهرون بل هم عین الطهارة فهٰذه الاٰیة تدل علی ان الله تعالیٰ قد شرك اهل البیت مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی قوله تعالیٰ لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر وای وسخ وقذر من الذنوب فطهر الله سبحانه نبیه صلی الله تعالیٰ علیه بالمغفرة مما هو ذنب بالنسبة الینا فدخل الشرفاء اولاد فاطمة کلهم رضی الله تعالیٰ عنهم ومن هو من اهل البیت مثل سلمان الفارسی رضی الله تعالیٰ عنه الی یوم القیٰمة فی حکم هذه الاٰیة من الغفران الی اٰخر ما افاد واجاد وثمه کلام طویل نفیس جلیل فعلیك به رزقنا الله العمل بما یحبه ویرضاه اٰمین۔

**بدعقیدہ سیّد؟** اگر کہیے بعض کٹر نیچری بیشمار اشد غالی رافضی بہت سے ملحد جھوٹے صوفی کچھ ہفت خاتم شش منزل والے وہابی غرض بکثرت کفار کہ صراحۃً منکرین ضروریات دین ہیں سیّد کہلاتے میر فلاں لکھے جاتے ہیں۔

اقول کہلانے سے واقعیت تک ہزاروں منزل ہیں نسب میں اگرچہ شہرت پر

Marfat.com

"فاعنت والناس امناء علی انسابھم مگر جب خلاف پر دلیل قائم ہو تو شہرت بے دلیل نامقبول وعلیل، اور خود اس کے کفر سے بڑھ کر نفی سیادت پر اور کیا دلیل در کار کافر نجس ہے۔ قال تعالیٰ انما المشرکون نجس اور سادات کرام طیب و طاہر قال تعالیٰ و یطھرکم تطھیرا اور نجس و طاہر باہم متباین ہیں کہ ایک شے پر معاً اُن کا صدق محال جب علمائے کرام تصریح فرما چکے کہ سید صحیح النسب سے کفر واقع نہ ہوگا اور یہ شخص صراحۃً کافر تو اس کا سید صحیح النسب نہ ہونا ضرورۃً ظاہر اب اگر اس نسب کریم سے انتساب پر کوئی سند معتمد نہ رکھتا ہو تو امر آسان ہے ہزاروں اپنی اغراض فاسدہ سے براہ دعوے سید بن بیٹھے ع

غلہ "تا ارزاں شود امسال سید می شوم

**رافضی سیّد** رافضی صاحبوں کے یہاں تو یہ بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ آج ایک رذیل سا رذیل دوسرے شہر یں جا کر رفض اختیار کرے کل ہی میر صاحب کا تمغا پائے تو خلاں کافر سے کیا دور ہے کہ خود بن بیٹھا ہو یا اس کے باپ دادا میں کسی نے ادعائے سیادت کیا اور جب سے یوہیں مشہور چلا آتا ہو اور اگر بالفرض کوئی سند بھی ہو تو اسی پر کیا دلیل ہے کہ یہ اسی خاندان کا ہے جس کی نسبت یہ شہادت" نامہ ہے علامہ محمد بن علی صبان مصری اسعاف الراغبین فی سیرۃ المصطفےٰ وفضائل اہل بیت الطاہرین میں فرماتے ہیں:

ومن این تحقق ذلك لقیام احتمال زوال بعض النساء وکذب بعض الاصول فی الانتساب۔

یہ وجوہ ہیں ورنہ حاشا للہ ہزار ہزار حاشا للہ نہ بطن پاک حضرت بتول زہرا میں معاذ اللہ کفر و کافری کی گنجائش نہ جسم اطہر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کوئی پارہ کتنے ہی بعد پر عیاذاً باللہ دخول نار کے لائق الحمد للہ یہ دو دلیل جلیل واجب التعویل

الحمد للہ یہ دو دلیل جلیل واجب التعویل ہیں کہ کوئی عقیدہ کفریہ رکھنے والا رافضی وہابی منسوب نیچری ہرگز سیّد صحیح النسب نہیں۔

Marfat.com

**دلیل اوّل** تین قیاس پر مشتمل:

۱۔ یہ شخص کافر ہے اور ہر کافر نجس۔ نتیجہ: یہ شخص نجس ہے۔

۲۔ ہر سید صحیح النسب طاہر ہے اور کوئی طاہر نجس نہیں۔ نتیجہ: کوئی سید صحیح النسب نجس نہیں۔

۳۔ اب یہ دونوں نتیجے ضم کیجیے یہ شخص نجس ہے اور کوئی سید صحیح النسب نجس نہیں۔

نتیجہ: یہ شخص سید صحیح النسب نہیں۔

قیاس اوّل کا صغریٰ مفروض اور کبریٰ منصوص اور دوم کا صغریٰ منصوص اور کبریٰ بدیہی تو نتیجہ قطعی۔

**دلیل دوم** قیاس مرکب یہ بھی تین قیاسوں کو متضمن یہ شخص کافر ہے اور ہر کافر مستحق نار۔

نتیجہ: یہ شخص مستحق نار ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا کوئی پارہ مستحق نار نہیں۔

نتیجہ: یہ شخص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا پارہ نہیں اور ہر سید صحیح النسب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا پارہ ہے۔

نتیجہ: یہ شخص سید صحیح النسب نہیں۔

پہلا کبریٰ منصوص قرآن اور دوسرا کا شاہد ہر مومن کا ایمان اور تیسرا عقلاً و فقہاً واضح البیان۔

والحمد للہ الکریم المنان والصلاۃ والسلام الاتمان الاکملان علی سیدنا ومولانا سید الانس والجان خاتم النبیین بنص الفرقان وعلیٰ آلہ وصحبہ وتابعیھم باحسان وعلینا معھم یا اللہ یا رحمٰن آمین آمین یا رؤف یا حنان سبحٰنک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک و اتوب الیک واللہ سبحٰنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

کتبہ

عفی عنہ محمد المصطفیٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

محمدی سنی حنفی قادری ۱۳۰۱ھ
عبد المصطفٰی احمد رضا خاں

## تقریظ جناب مولانا شیخ احمد مکی مدرس مکہ معظمہ دام مجدہ

الحمد لله الذی جعلنا من ذوی العقول ومنحنا بالرضا والقبول نسأله الصلاة والسلام كما ينبغی لجلال عظمة قدر نبينا وسيدنا محمد صلی الله تعالی عليه وسلم خاتم الانبياء وسيد كل رسول اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له المنزه عن الكذب والافول والصلاة والسلام علی سيدنا محمد خاتم انبيائه واشرف رسله المبعوث الی كافة الخلق والی الاسود والاحمر هو الشافع المشفع فی المحشر صلی الله تعالی عليه وعلی آله واصحابه المصابيح الغرر وعلی الائمة المجتهدين الی يوم اليقين اما بعد فقد نورت جفنی باثمد هذا الجواب فيا طرب من جواب اسب لا يأتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه بل هدايه مهداة الی الحق والصواب وكيف لا وهو للبحر الطمطام والحبر الفهام قدوة الفقهاء والمحدثين وزبدة الكملاء والمفسرين رياض البلغاء المتكلمين ومركز الفصحاء الماهرين جامع المتون وشارح الفنون التقی النقی نعمان الزمان مولانا الحاج الحافظ القاری الشيخ احمد رضا خاں لا زالت شموس افاضته علی العالمين مشرقة وصمصام اجوبته لاعناق الملحدين قاطعة جزاه الله عنا وعن المسلمين خير الجزاء وجمع الله شمله مع الاوتاد والنجباء فلعمری ان هذا الجواب لا يقبله الا ذو قلب سليم ولا يخوض فيه بالباطل الا الملحد الزنديق الرجيم كما قيل ؎

الحمد لله ان الحق قد ظهرا — الا علی اكمه لا يعرف القمرا

Marfat.com

من فاضل نال من ابائہ الشرفا　　اروی سحاب نداہ الجن والبشرا

والحق ان من یضلل اللہ فلا ھادی لہ ومن یھدہ فلا مضل لہ اللھم


اجعلنا متصفین بالافعال کما جعلتنا واصفین بالاقوال وارضنا وارض


عنا بجاہ سیدنا محمد والاٰل واحفظنا عن زیغ الزائغین ومن ھمزات


الشیاطین واٰخردعوانا ان الحمد للہ رب العلمین نمقہ ببنانہ الراجی

عفوربہ الحفی الباری احمد المکی الچشتی الصابری الامدادی المدرس

بالمدرسۃ الاحمدیۃ الواقعۃ فی مکۃ المحمیۃ سنہ ۱۳۱۷ھ






# فتوےٰ دربارۂ خاتم النبیین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## نقل فتوائے علمائے کرام شہر بدایوں

—— سوال ——

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص اپنا

Marfat.com

عقیدہ بایں طور رکھتا ہے کہ حضرات علی و فاطمہ و حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو انبیا و رسول کہنا ثابت ہے اور اپنے زعم میں اس کا ثبوت حدیثوں سے بتاتا ہے اور ان حضرات اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مرتبہ قرآن مجید کے برابر ہے ایسا عقیدہ رکھنے والا مسلمان سنت و جماعت اولیار کاملین سے ہے یا رافضی غالی کافر اولیائے شیاطین سے ہے بینوا توجروا۔

الجواب واللہ الملہم للصواب

حضرات اہل بیت کرام کو جو انبیا و رسل کہتا ہے یہ قول اس کا مستلزم کفر صریح ہے اور ادعا اس کے ثبوت کا احادیث سے کذب محض ہے۔ ایسا عقیدہ رکھنے والا ہرگز اہل سنت اور اولیائے کاملین میں سے نہیں ہو سکتا ہے بلکہ بموجب تصریحات کتب عقائد و فقہ و حدیث کے کافر و اولیاء شیاطین سے ہے چنانکہ تصریح اس کی عامہ کتب میں مانند معتمد علامہ تورپشتی و شفار قاضی عیاض و زواجر ابن حجر و فتاوی عالمگیری میں موجود ہے فقط واللہ اعلم

صح الجواب
حررہ الفقیر عبد القادر عفی عنہ

عبد المقتدر
مطیع الرسول
۱۲ ۸۹

المجیب مصیب
کتبہ محمد عبد القیوم القادری

# نقل فتوائے علمائے لاہور و حیدر آباد دکن و دہلی و کانپور

الجواب وهو الموفق للصواب

مندرجہ بالا عقیدہ اہل سنت و جماعت کا نہیں ہے جناب رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عالم ظہور میں تشریف لانے کے بعد کسی اور شخص کو خواہ وہ ذکور میں سے ہو یا اناث میں از سر نو نبوت کا منصب نہیں دیا گیا اور نہ رسالت کا جو شخص حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عالم ظہور میں تشریف لانے کے بعد کسی اور کے لیے از سر نو منصب نبوت اور رسالت دیے جانے کا یا اس پر تبلیغی وحی و الہام یقینی کے نازل ہونے کا قائل اور معتقد ہو وہ نہ صرف دائرۂ اہلسنت و جماعت سے علیحدہ بلکہ دائرہ اسلام سے خارج ہے قال القاضی عیاض فی کتابہ الشفا فی تعریف حقوق المصطفیٰ وکذلک من ادعی نبوۃ احد مع نبینا علیہ

Marfat.com

الصلاۃ والسلام او بعدہ کالعیسویۃ من الیہود القائلین بتخصیص رسالتہ الی العرب وکالخرمیۃ القائلین بمشارکۃ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی الرسالۃ للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وکذالک کل امام عند ھٰؤلاء یقوم مقامہ فی النبوۃ والحجۃ والبزیغیۃ والبیانیۃ منہم القائلین بنبوۃ بزیغ وبیان واشباہ ھٰؤلاء ومن ادعی النبوۃ لنفسہ اوجوز اکتسابہا والبلوغ بصفاء القلب الی مرتبتہا کالفلاسفۃ وغلاۃ المتصوفۃ وکذلک من ادعی انہ یوحی الیہ وان لم یدع النبوۃ او انہ یصعد الی السماء ویدخل الجنۃ ویاکل من اثمارہا ویعانق الحور العین فہٰؤلاء کلہم کفار مکذبون للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ اخبر انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ولا نبی بعدہ واخبر عن اللہ تعالیٰ انہ علیہ السلام خاتم النبیین وانہ ارسل کافۃ للناس واجمعت الامۃ علی حمل ھٰذا الکلام علی ظاہرہ وان مفہومہ المراد بہ دون تاویل ولا تخصیص فلا شک فی کفر ھٰؤلاء الطوائف کلہا قطعا اجماعا وسمعا۔ ص۳۶۲

شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کتاب تحفہ اثنا عشریہ میں فرماتے ہیں:

"عقیدہ دہم آنکہ آنجناب خاتم النبیین ست لا نبی بعدہٗ جمیع فرق اسلامیہ بہمیں قائل اند الا چند فرقہ از شیعہ مثل خطابیہ ومعمریہ ومنصوریہ واسحاقیہ ومفضلیہ وسبعیہ کہ بے پردہ مخالفت ایں عقیدہ دارند" ص۱۸۱

لیکن اس میں شک نہیں کہ حضرت علی و حضرت زہرا و حضرات حسنین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے محامد و فضائل سے کتب حدیث بھری ہوئی ہیں اور ان کی جناب میں کسی قسم کی سوء ادبی کا خیال بھی سخت باعث وبال و نکال ہے قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعلی کرم اللہ وجہہ انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی متفق علیہ مشکوٰۃ شریف ص۵۶۳ عن ام سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یحب علیا منافق ولا یبغضہ مؤمن رواہ احمد والترمذی وقال ھٰذا حدیث حسن غریب اسنادا مشکوٰۃ شریف ص۵۶۴ وعن المسور بن المخرمۃ ان رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال فاطمۃ بضعۃ منی فمن اغضبہا اغضبنی وفی روایۃ یریبنی ما رابہا ویؤذینی ما اذاہا متفق علیہ مشکوٰۃ شریف ص۵۶۸ وعن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ رواہ الترمذی مشکوٰۃ شریف ص۵۷۰ وعن زید بن ارقم ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لعلی وفاطمۃ والحسن والحسین انا حرب لمن حاربہم وسلم لمن سالمہم رواہ الترمذی مشکوٰۃ شریف ص۵۶۹ عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال ان فیک من عیسیٰ مثلا ابغضتہ الیہود حتی بہتوا امہ واحبتہ النصاریٰ حتی انزلوہ بالمنزل الذی لیس بہ الا انہ یہلک فی اثنان محب یقرظنی بما لیس فی ومبغض یحملہ شنآنی علی ان یبہتنی الا انی لست بنبی ولا یوحی الی ولکنی اعمل بکتاب اللہ وسنۃ نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما استطعت فما امرتکم من طاعۃ اللہ فحق علیکم طاعتی فیما احببتم وکرہتم مسند امام احمد ج ۱ ص۱۶۰ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

کتبہ العبد المذنب المفتی محمد عبداللہ عفی عنہ

الجواب صحیح
عبداللہ مدرس ثانی مدرسہ نعمانیہ لاہور

الجواب صحیح
محمد اسمٰعیل عفی عنہ مدرس اول مدرسہ حمیدیہ لاہور انارکلی

الجواب صحیح
غلام احمد مدرس اول مدرسہ نعمانیہ لاہور

الجواب صحیح
غلام محمد دوم مدرس حمیدیہ

الجواب صحیح
محمد ذاکر بگوی مدرس اول مدرسہ حمیدیہ

الجواب صحیح
فقیر غلام محمد بگوی عفی عنہ امام مسجد شاہی لاہور

ہذا الجواب صحیح
محمد حسین عفی عنہ

الجواب صحیح
محمد عبدالرشید دہلوی عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
قاضی نور الحسن معین ناظم انجمن مستشار العلماء لاہور

الجواب صحیح
کتبہ القاضی ظفر الدین احمد عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح
احمد حسن عفی عنہ کانپوری استاذ قاضی سراج الدین پالن پوری

Marfat.com

اصاب من اجاب

دلِ مرتضیٰ جانِ احمد حسن ۱۳ ۱۴

محمد لطف اللہ ۸۶ ۱۲

مہر اُستاذ الاستاذ قاضی سراج الدین پالن پوری

الجواب صحیح

ابو محمد عبد الحق عفی عنہ مصنف تفسیر حقانی هو الموفق

ان حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے انبیاء و رسول ہونے کا اعتقاد رکھنے والا کافر ہے۔

تفسیر ابو السعود میں ہے:

لان معنی کونہ خاتم النبیین انہ لا ینبأ احد بعدہٗ انتھی واللہ اعلم و علمہ احکم۔ حررہ الراجی عفو ربہ الوحید ابو الحامد محمد عبد الحمید غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ ۲۰ رجب ۱۳۱۷ھ

## فتوے علمائے پانی پت و دستخط مصنف انوار ساطعہ

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے: ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور حدیث نبوی میں ہے لا نبی بعدی۔ اس آیت و حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رسول مقبول محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم الانبیا ہیں آپ کے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہونے کا اور یہی عقیدہ اہل سنت و جماعت کا ہے جس شخص کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت علی و حضرت فاطمہ اور حضرت امام حسن و حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی پیغمبری حدیث سے ثابت ہے وہ بالکل جھوٹا ہے اس بات کا کہیں قرآن و حدیث میں ذکر نہیں ہے جس شخص کا سوال میں ذکر ہے وہ تو رافضیوں سے بھی بڑھا ہوا ہے اور نص قرآنی کا منکر جو ہو وہ کافر ہے فقط واللہ اعلم بالصواب۔

کتبہ العبد المذنب عبد السلام عفی عنہ انصاری نہم جمادی الثانی ۱۳۱۷ھ یوم دوشنبہ

Marfat.com

الجواب صحیح ورای المجیب نجیح

محمد یحییٰ ۱۳۱۲

عبد السمیع عفی عنہ

صح الجواب بلا ارتیاب
حررہ عبد السمیع انصاری

قال مولانا ابو شکور سلمی فی التمہید کلام الروافض مختلفة فبعضه یکون کفر وبعضه لا فلو قال ان علیا کان الٰها نزل من السماء کفر وقال بعضهم بانه شریك لمحمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی النبوة وقال بعضهم النبوة کانت لعلی وجبرئیل اخطاء ومنهم من قال ان علیا کان من الرسول فهذا کله کفر انتهے خلاصہ ترجمہ عبارت مذکورہ کا یہ ہے کہ جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ حضرت علی خدا ہیں نازل آسمان سے ہوئے ہیں یا وہ شریک ہوئے ہیں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوۃ میں یا نبوۃ تھی واسطے علی کے لیکن جبرئیل نے خطا کی یا علی افضل ہیں رسول سے یہ تمام کفر ہے پس جس شخص کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت علی وغیرہ رسالت اور نبوۃ میں شریک ہیں وہ اہلسنت وجماعت نہیں ہے بلکہ وہ اس فرقہ رافضی غالیہ میں سے ہے کہ جن کو صاحب تمہید نے کافر کہا ہے فقط
محمد خلیل اللہ عفا عنہ ۵ جمادی الثانی ۱۳۱۶ھ یوم جمعہ۔

محمد خلیل اللہ

## فتوائے سہارن پور

جو شخص حضرات علی و فاطمہ و حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو انبیاء و رسل کہتا ہے اور یہ عقیدہ رکھتا ہے کافر ہے کیونکہ حق تعالیٰ قرآن شریف میں مصرح ارشاد فرماتا ہے ولکن رسول الله وخاتم النبیین تو جس شخص نے ان حضرات کو بھی نبی و رسول کہا وہ اس آیت شریفہ کا منکر ہوا اور آیت قرآنی کا منکر [illegible] پر ایمان لانا فرض ہے اسی طرح غیر نبی و رسول کی نبوت و رسالت پر ایمان لانا کفر ہے اور شیعہ کے نزدیک بھی تو ان حضرات کو نبی اور رسول کہنا جائز نہیں ہے چنانچہ روایات شیعہ کی اصح الکتب اصول کافی وغیرہ میں موجود ہیں لہذا یہ شخص اثنا عشری روافض میں بھی نہ ہوا بلکہ یہ شخص غالی رافضی اور کافر ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ حررہ خلیل احمد عفی عنہ مدرس اول مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔

Marfat.com

(۲) اور یہ عقیدہ کہ حضرات موصوفین کا مرتبہ قرآن مجید کے برابر ہے فاسد ہے اس کا منشا بھی وہی ہے کہ اُن کو معصوم اعتقاد کر رکھا ہے حالانکہ یہ حضرات معصوم نہیں ہیں اور قرآن مجید کا حکم قطعی ہے علاوہ اس کے کلام الٰہی خدائے تعالیٰ کی صفت ہے اور یہ حضرات مخلوق ہیں مخلوق کا مرتبہ خالق اور اس کی صفت کے برابر نہیں ہو سکتا اور یہ حضرات قرآن مجید کے اتباع کے مکلف و مامور ہیں اور ظاہر ہے کہ تابع متبوع کے برابر نہیں ہو سکتا ہے فقط

حررہ خلیل احمد مدرس اول مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

المجیب مصیب حضرت علی و فاطمہ و حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو انبیا کہنا اور اعتقاد رکھنا کفر صریح ہے اور قرآن مجید کے برابر سمجھنا ضلالت ہے جیسا کہ مجیب نے مدلل ثابت فرمایا۔

خلیل الرحمٰن خلف مولانا احمد علی محدث سہارنپوری

| صح الجواب | الجواب صحیح | صحیح | الجواب صحیح والمجیب نجیح |
|---|---|---|---|
| صدیق احمد عفا اللہ عنہ | عنایت الٰہی عفا اللہ عنہ | ثابت علی عفی عنہ | محمد رحیم الٰہی عفی عنہ |

# فتوائے دیوبند

ایسا اعتقاد رکھنے والا مسلمان سنی نہیں بلکہ روافض سے بھی بدتر ملحد و بددین ہے کیونکہ یہ انکار ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے سے قال اللہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی پیغمبر ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوتے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے مگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لا نبی بعدی پس رسول و نبی کہنا کسی کو بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے الحاد و کفر ہے اعاذنا اللہ تعالیٰ منہ فقط واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔ کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ دیوبندی

| الجواب صحیح | الجواب صحیح |
|---|---|
| بندہ محمود عفی عنہ | محمد منفعت علی مدرس مدرسہ عربیہ دیوبند |

محمد منفعت علی ۱۳۱۵

العزیز الرحمٰن و توکل علی ۱۳۰۷

Marfat.com

# فتوائے گنگوہ

جس شخص کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرات علی و فاطمہ و حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم انبیا و مرسلین ہیں اور ان کا نبی کہنا ثابت ہے وہ شخص کافر ہے کیونکہ وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا منکر ہے، جس کا ثبوت نصوص قطعیہ قرآن و حدیث سے ہے قرآن شریف میں حق تعالیٰ فرماتا ہے ما کان محمد ابا احد من رجالکم و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین اور ایک حدیث میں جس کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے آیا ہے وختم بی الرسل دوسری مسلم کی حدیث میں وختم بی النبیون اور ایک روایت میں آیا ہے لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب اور ایک حدیث میں آیا ہے وانا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی پس ایسا عقیدہ رکھنے والا یقیناً کافر ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ الاحقر رشید عفی عنہ گنگوہی

رشید احمد ۱۳۰۰

---

# تمت بالخیر

Marfat.com

Marfat.com

مرزا غلام احمد قادیانی کے دعویٰ نبوت کی تردید

# السوء العقاب علی المسیح الکذاب

تصنیف لطیف

اعلیٰحضرت عالم اہل سنت قامع بدعت مجدد مائۃ حاضرہ

امام ملت طاہرہ مولانا الحاج الشاہ احمد رضا خاں بریلوی

قدس سرہٗ

مکتبہ نبویہ — گنج بخش روڈ — لاہور

۲۴ روپے

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**مسئلہ** از امرت سر کٹڑہ گربا سنگھ کوچہ تنڈا شاہ مرسلہ جناب مولینا مولوی محمد عبد الغنی صاحب واعظ ۱۲ ربیع الآخر شریف ۱۳۲۰ ہجری۔

مستفتی نے ظاہر کیا کہ ایک شخص نے درانحالیکہ مسلمان تھا ایک مسلمہ سے نکاح کیا زوجین عرصہ تک باہم معاشرت کرتے رہے اولاد بھی ہوئی اب کسی قدر عرصہ سے شخص مذکور مرزا قادیانی کے مریدوں میں منسلک ہو کر صیغ عقائد کفریہ مرزائیہ سے مصطبغ ہو کر علی رؤس الاشہاد ضروریات دین سے انکار کرتا رہتا ہے سو مطلوب عن الاظہار یہ ہے کہ شخص مذکور شرعاً مرتد ہو چکا اور اس کی منکوحہ اس کی زوجیت سے علیحدہ ہو چکی اور منکوحہ مذکورہ کا کل مہر معجل و مؤجل مرتد مذکور کے ذمہ ہے اولاد صغار اپنے والد مرتد کی ولایت سے نکل چکی یا نہ۔ بینوا توجروا۔

## خلاصہ جوابات امرت سر

۱۔ شخص مذکور بباعث آنکہ ہم عقیدہ مرزا کا ہے جو باتفاق علمائے دین کافر ہے مرتد ہو چکا منکوحہ زوجیت سے علیحدہ ہو چکی کل مہر بذمہ مرتد واجب الادا ہو چکا مرتد کو اپنی ولایت صغار پر ولایت نہیں ابو محمد زبیر غلام رسول الحنفی القاسمی عفی عنہ۔

۲۔ شک نہیں کہ مرزا قادیانی اپنے آپ کو رسول اللہ نبی کہتا ہے اور اس کے مرید اس کو نبی مرسل جانتے ہیں اور دعوے نبوت کا بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بالاجماع کفر ہے جب اس طائفے کا ارتداد ثابت ہوا پس مسلمہ ایسے شخص کے نکاح سے خارج ہوتی ہے عورت کو مہر ملنا ضروری ہے اور اولاد کی ولایت بھی ماں کا حق ہے

عبد الجبار بن عبد اللہ الغزنوی۔

Marfat.com

۳۔ لا یشک فی ارتداد من نسب المسمریزم الذی ھو من اقسام السحر الی الانبیاء علیہم السلام واھان روح اللہ عیسی بن مریم علیہما السلام وادعی النبوۃ وغیرھا من الکفریات کالمرزا فنکاح المسلمۃ لا شک فی نسخہ لکن لھا المھر والاولاد الصغار لہا ابو الحسن غلام مصطفیٰ عفی عنہ۔

۴۔ شک نہیں کہ مرزا کے معتقدات کا معتقد مرتد ہے نکاح منفسخ ہُوا اولاد عورت کو دی جائیگی عورت کامل مہر لے سکتی ہے۔ ابو محمد یوسف غلام محی الدین عفی عنہ۔

۵۔ انچہ علمائے کرام از عرب وہند پنجاب در تکفیر مرزا قادیانی ومعتقدان وے فتویٰ دادہ اند ثابت وصحیح ست قادیانی خود رانبی ومرسل یزدانی قرار مید ہد توہین وتحقیر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام وانکار معجزات شیوۂ اوست کہ از تحریراتش پر ظاہرست (نقل عبارات ازالہ کہ از رسائل مرزاست) احقر عباد اللہ العلی واعظ محمد عبد الغنی۔

۶۔ احقر العباد خدابخش امام مسجد شیخ خیر الدین۔

۷۔ شک نہیں کہ مرزا قادیانی مدعی نبوت ورسالت ہے (نقل عبارات کثیرہ ازالہ وغیرہا تحریرات مرزا) پس ایسا شخص کافر تو کیا میرا وجدان یہی کہتا ہے کہ اس کو خدا پر بھی ایمان نہیں۔ ابو الوفاء ثناء کفاہ اللہ مصنف تفسیر ثنائی امرت سری۔

۸۔ "قادیانی کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو ضروریاتِ دین سے انکار ہے، نیز دعویٰ رسالت کا بھی چنانچہ (ایک غلطی کا ازالہ) میں اس نے صراحۃً لکھا ہے کہ میں رسول ہوں لہذا غلام احمد اور اس کے معتقدین بھی کافر بلکہ اکفر ہوئے۔ مرتد کا نکاح فسخ ہوجاتا ہے۔ اولاد صغار والد کے حق سے نکل جاتی ہے۔ پس مرزائی مرتد سے اولاد لے لینی چاہیے اور مہر معجل اور مؤجل لے کر عورت کو اس سے علیحدہ کرنا چاہیے۔ ابو تراب محمد عبد الحق امرت سر بازار صابونیاں۔

۹۔ مرزائی مرتد ہیں اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے منکر معجزات کو مسمریزم تحریر کیا ہے مرزا کافر ہے۔ مرزا سے جو دوست ہو یا اس کے دوست سے دوست وہ بھی کافر مرتد ہے صاحبزادہ صاحب سید ظہور الحسن قادری فاضلی سجادہ نشین حضرات سادات

Marfat.com

جیلانی بٹالہ شریف۔

۱۰۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد نبوت و رسالت کا دعویٰ اور ضروریاتِ دین کا انکار بے شک موجب کفر و ارتداد ہے ایسے شخص پر قادیانی ہو یا غیر مرتدوں کے احکام جاری ہوں گے۔ نور احمد عفی عنہ۔

## مراسلت حامی سنت جناب مولانا مولوی محمد عبدالغنی صاحب باسم سامی حضرت عالم سنت دام ظلہم العالی

بخدمت شریف جناب فیض مآب قامع فساد و بدعات، دافع جہالت و ضلالات مفخر العلماء الحنفیہ قاطع اصول الفرقۃ الضالۃ النجدیہ مولانا مولوی محمد احمد رضا خاں صاحب متعنا اللہ بعلمہ تحفہ تحیات و تسلیمات مسنونہ رسانیدہ مکشوف ضمیر مہر انجلا آنکہ چوں دریں بلاد از مدت مدیدہ بہ ظہور دجال کذاب قادیانی فتور و فساد برخاست است بموجب حکم آزادگی بہ ہیچ صورتے در چنگ علماء آں دہریہ راہزن دین اسلام نمی آید اکنوں ایں واقعہ در خانہ یک شخص حنفی شد کہ زنے مسلمہ در عقد شخصے بودہ آں مرد مرزائی گردید زن مذکورہ از وے ایں کفریات شنیدہ گریز نمودہ بخانۂ پدر رسید لہٰذا برائے آں و برائے سد آئندہ و تنبیہ مرزائیاں فتویٰ ہذا طبع کردہ آید امید کہ آں حضرت ہم بمہر و دستخط شریف خود مزین فرمایند کہ باعثِ افتخار باشد سفیر ندوہ کہ او مولوی غلام محمد ہوشیار پوری وارد امرت سر از مدت دو ماہ شدہ است فتوے ہذا نزد وے فرستادم مشار الیہ دستخط نمود و گفت اگر دریں فتوے دستخط کنم ندوہ از من بیزار شود خاکش بدہن از نیجہت مردمان بلدہ را بسیار بدظنی در حق ندوہ میشود زیادہ چہ نوشتہ آید جزاکم اللہ عن الاسلام والمسلمین۔

الملتمس بندہ کثیر المعاصی واعظ محمد عبدالغنی از امرت سر کٹڑہ گربا سنگھ کوچہ ٹنڈا شدہ۔

## فتوائے حضرت مجدد المائۃ الحاضرہ امام اہل سنت مولانا احمد رضا خاں مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلاۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ وعلیٰ آلہ وصحبہ

Marfat.com

المکرمبین عندہ رب انی اعوذبک من همزت الشیٰطین واعوذبک رب ان یحضرون۔ اللہ عزوجل دین حق پر استقامت عطا فرمائے اور ہر ضلال و وبال ونکال سے بچائے۔ قادیانی مرزا کا اپنے آپ کو مسیح و مثل مسیح کہنا تو شہرۂ آفاق ہے اور بحکم آنکہ ع

عیب مے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو

فقیر کو بھی اس دعوے سے اتفاق ہے۔ مرزا کے مسیح و مثل مسیح ہونے میں اصلاً شک نہیں مگر لا واللہ نہ مسیح کلمۃ اللہ علیہ صلوات اللہ بلکہ مسیح دجال علیہ اللعن والنکال پہلے اس ادعائے کاذب کی نسبت سہارنپور سے سوال آیا تھا جس کا ایک مبسوط جواب ولد اعز فاضل نوجوان مولوی حامد رضا خان محمد حفظہ اللہ تعالیٰ نے لکھا اور بنام تاریخی الصارم الربانی علی اسراف القادیانی مسمّی کیا یہ رسالہ حامی سنن ماحی فتن ندوہ شکن ندوی فگن مکرمنا قاضی عبدالوحید صاحب حنفی فردوسی یبین عن الفتن نے اپنے رسالۂ مبارکہ تحفۂ حنفیہ میں کہ عظیم آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے طبع فرمادیا بحمد اللہ تعالیٰ اس شہر میں مرزا کا فتنہ نہ آیا اور عزوجل قادر ہے کہ کبھی نہ لائے اس کی تحریرات یہاں نہیں ملتیں مجیب ہفتم نے جو اقوال ملعونہ اُس کی کتابوں سے بہ نشان صفحات نقل کیے مثیل مسیح ہونے کے ادعا کو شناعت و نجاست میں اُن سے کچھ نسبت نہیں اُن میں صاف صاف انکار ضروریات دین اور بوجوہ کثیرہ کفر و ارتداد مبین ہے فقیر اُن میں سے بعض کی اجمالی تفصیل کرے۔

**کفر اوّل** مرزا کا ایک رسالہ ہے جس کا نام 'ازالۂ اوہام' ہے اس کے صفحہ ۶۷۳ پر لکھا ہے میں احمد ہوں جو آیت مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد میں مراد ہے آیہ کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ سیدنا مسیح ربانی عیسیٰ بن مریم روح اللہ علیہما الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل سے فرمایا کہ مجھے اللہ عزوجل نے تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا ہے توریت کی تصدیق کرتا اور اس رسول کی خوشخبری سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لانیوالا ہے جس کا نام پاک احمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ازالہ کے قول ملعون مذکور میں صراحۃً ادعا ہُوا کہ وہ رسول پاک جن کی جلوہ افروزی کا مژدہ حضرت مسیح لائے معاذ اللہ مرزا قادیانی ہے۔

Marfat.com

**کفر دوم** توضیح مرام طبع ثانی ص ۹ پر لکھتا ہے کہ میں محدث ہوں اور محدث بھی ایک معنی سے نبی ہوتا ہے۔

**کفر سوم** دافع البلاء مطبوعہ ریاض ہند ص ۹ پر لکھتا ہے: سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔

**کفر چہارم** مجیب پنجم نے نقل کیا و نیز میگوید کہ خدا تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا ہے اور نبی بھی۔ ان اقوال خبیثہ میں اولاً کلام الٰہی کے معنی میں صریح تحریف کی کہ معاذ اللہ آیۂ کریمہ میں یہ شخص مراد ہے نہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثانیاً نبی اللہ و رسول اللہ وکلمۃ اللہ عیسیٰ روح اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر افترا کیا کہ وہ اس کی بشارت دینے کو اپنا تشریف لانا بیان فرماتے تھے۔ ثالثاً اللہ عزوجل پر افترا کیا کہ اس نے عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس شخص کی بشارت دینے کے لئے بھیجا اور اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون ○

بیشک جو لوگ اللہ عزوجل پر جھوٹ بہتان اٹھاتے ہیں فلاح نہ پائیں گے۔

---

ل لا الٰہ الا اللہ لقد کذب عدو اللہ ایہا المسلمون سید المحدثین امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں انہیں کے واسطے حدیث محدثین آئی انہیں کے محدث ہونے پر ہم نے اس پر اطلاع پائی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قد کان فیما مضی قبلکم من الامم اناس محدثون فان یکن فی امتی منہم احد فانہ عمر بن الخطاب اگلی امتوں میں کچھ لوگ محدث ہوتے تھے یعنی فراست صادقہ و الہام حق والے اگر میری امت میں ان میں سے کوئی ہوگا تو وہ ضرور عمر ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہ رواہ احمد والبخاری عن ابی ہریرۃ واحمد ومسلم والترمذی والنسائی عن ام المومنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فاروق اعظم نے نبوت سے کوئی حصہ نہ پایا صریح ارشاد آیا لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب اگر میرے بعد کوئی نبی ہو سکتا تو عمر ہوتا رواہ احمد والترمذی والحاکم عن عقبۃ بن عامر والطبرانی فی الکبیر عن عصمۃ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما اگر جناب کا محدث ہونا ثابت کہ شیخ تو نہ محدث نہ محدث یہ ضرور ایک معنی پر نبی ہو گیا الا لعنۃ اللہ علی الکذبین والعیاذ باللہ رب العلمین۔

Marfat.com

اور فرماتا ہے:

انما یفتری الکذب الذین لا یؤمنون ○

(ایسے افترا وہی باندھتے ہیں جو بے ایمان کافر ہیں)

رابعاً اپنی گھڑی ہوئی کتاب براہین غلامیہ کو اللہ عزوجل کا کلام ٹھہرایا کہ خدائے تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں یوں فرمایا ہے اور اللہ عزوجل فرماتا ہے:

فویل للذین یکتبون الکتب بایدیھم ثم یقولون ھذا من عند اللہ لیشتروا بہ ثمناً قلیلا فویل لھم مما کتبت ایدیھم وویل لھم مما یکسبون ○

(خرابی ہے ان کے لیے جو اپنے ہاتھوں کتاب لکھیں پھر کہہ دیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تاکہ اس کے بدلے کچھ ذلیل قیمت حاصل کریں سو خرابی ہے ان کے لیے ان کے ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی ہے اُن کے لیے اس کمائی سے)

ان سب سے قطع نظر ان کلمات ملعونہ میں صراحۃً اپنے لیے نبوت و رسالت کا ادعائے قبیح ہے اور وہ باجماع قطعی کفر صریح ہے فقیر نے رسالہ جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ[13] خاص اسی مسئلے میں لکھا اور اس میں آیت قرآن عظیم اور ایک سودس[110] حدیثوں اور تیس[30] نصوں کو جلوہ دیا اور ثابت کیا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ماننا ان کے زمانہ میں خواہ اُن کے بعد کسی نبی جدید کی بعثت کو یقیناً قطعاً محال و باطل جاننا فرض اجل وجزء ایقان ہے۔ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین نص قطعی قرآن ہے۔ اس کا منکر نہ منکر بلکہ شک کرنے والا نہ شاک کہ ادنیٰ ضعیف احتمال خفیف سے توہم خلاف رکھنے والا قطعاً اجماعاً کافر ملعون مخلد فی النیران ہے نہ ایسا کہ وہی کافر ہو بلکہ جو اس کے اس عقیدۂ ملعونہ پر مطلع ہوکر اسے کافر نہ جانے وہ بھی کافر ہونے میں شک و تردد کو راہ دے وہ بھی کافر بین الکفر جلی الکفران ہے۔ قول دوم و سوم میں شاید وہ یا اس کے اذناب آجکل کے بعض شیاطین سے سیکھ کر تاویل کی آڑ لیں کہ یہاں نبی و رسول سے معنیٰ لغوی مراد ہیں یعنی خبردار یا خبر دہندہ اور فرستادہ مگر یہ محض ہوس ہے اولاً صریح لفظ میں تاویل نہیں سنی جاتی فتاویٰ خلاصہ و فصول عمادیہ و جامع الفصولین و فتاویٰ ہندیہ وغیرہا میں ہے واللفظ للعمادی

Marfat.com

قال قال انا رسول اللہ او قال بالفارسیۃ من پیغمبرم یرید بہ من پیغام می برم یکفر یعنی اگر کوئی اپنے آپ کو اللہ کا رسول کہے یا کہے میں پیغمبر ہوں اور مراد یہ لے کہ میں کسی کا پیغام پہنچانے والا ایلچی ہوں کافر ہو جائے گا۔ امام قاضی عیاض کتاب الشفا فی تعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں فرماتے ہیں قال احمد بن ابی سلیمٰن صاحب سحنون رحمہما اللہ تعالیٰ فی رجل قیل لہ لا وحق رسول اللہ قال فعل اللہ برسول اللہ کذا و کذا وذکر کلاما قبیحا فقیل لہ ما تقول یا عدو اللہ فی حق رسول اللہ قال فعل اللہ برسول اللہ کذا و کذا وذکر کلاما قبیحا فقیل لہ ما تقول یا عدو اللہ فی حق رسول اللہ فقال اشد من کلامہ الاول ثم قال انما اردت برسول اللہ العقرب فقال ابن ابی سلیمٰن للذی سألہ اشھد علیہ وانا شریکک یرید فی قتلہ و ثواب ذلک قال حبیب بن الربیع لان ادعاء التاویل فی لفظ صراح لا یقبل یعنی امام احمد بن ابی سلیمٰن تلمیذ رشید امام سحنون رحمہما اللہ تعالیٰ سے ایک مردک کی نسبت کسی نے پوچھا کہ اس سے کہا گیا تھا رسول اللہ کے حق کی قسم اس نے کہا اللہ رسول اللہ کے ساتھ ایسا ایسا کرے اور ایک بد کلام ذکر کیا کہا گیا اے دشمن خدا تو رسول اللہ کے بارے میں کیا بکتا ہے تو اس سے بھی سخت تر لفظ بکا پھر بولا میں نے تو رسول اللہ سے بچھو مراد لیا تھا امام ابن ابی سلیمٰن نے مستفتی سے فرمایا تم اس پر گواہ ہو جاؤ اور اسے سزائے موت دلانے اور اس پر جو ثواب ملے گا اس میں تمہارا شریک ہوں یعنی تم حاکم شرع کے حضور اس پر شہادت دو اور میں بھی سعی کروں گا کہ تم دونوں بحکم حاکم اسے سزائے موت دلانے کا ثواب عظیم پائیں۔ امام حبیب بن ربیع نے فرمایا یہ اس لیے کہ کھلے لفظ میں تاویل کا دعویٰ مسموع نہیں ہوتا۔ مولانا علی قاری شرح شفا میں فرماتے ہیں:

ثم قال انما اردت برسول اللہ العقرب فانہ ارسل من عند الحق و سلط علی الخلق تاویلا للرسالۃ العرفیۃ بالارادۃ اللغویۃ وھو مردود عند القواعد الشرعیۃ۔

(یعنی وہ جو اس مردک نے کہا کہ میں نے بچھو مراد لیا اس میں اس نے رسالت عرفی کو

Marfat.com

معنی لغوی کی طرف ڈھالا کہ بچھو کو بھی خدا ہی نے بھیجا اور خلق پر مسلط کیا ہے اور ایسی تاویل قواعد شرع کے نزدیک مردود ہے۔

علامہ شہاب خفاجی نسیم الریاض میں فرماتے ہیں :

هذا حقيقة معنى الارسال وهذا مما لا شك في معناه وانكاره مكابرة لكنه لا يقبل من قائله ادعاؤه انه مراده لبعده غاية البعد وصرف اللفظ عن ظاهره لا يقبل كما لو قال لو انت طالق وقال اردت محلولة غير مربوطة لا يلتفت لقوله ويعد هذيانا اه ملتقطا۔

یعنی یہ لغوی معنی جن کی طرف اُس نے ڈھالا ضرور بلا شک حقیقی معنی ہیں اس کا انکار ہٹ دھرمی ہے۔ با اینہمہ قائل کا یہ ادعا مقبول نہیں کہ اس نے یہ معنی لغوی مراد لیے تھے اس لیے کہ یہ تاویل نہایت دور از کار ہے اور لفظ کا اُس کے معنی ظاہر سے پھیرنا مسموع نہیں ہوتا جیسے کوئی اپنی عورت کو کہے تو طالق ہے۔ اور کہے میں نے تو یہ مراد لیا تھا کہ تو کھلی ہوئی ہے بندھی نہیں (کہ لغت میں طالق کشادہ کو کہتے ہیں) تو ایسی تاویل کی طرف التفات نہ ہوگا اور اُسے ہذیان سمجھا جائے گا۔

ثانیاً وہ بالیقین ان الفاظ کو اپنے لیے مدح و فضل جانتا ہے نہ ایک ایسی عام بات کر سے

دندان تو جملہ در دہانند
چشمان تو زیر ابروانند

کوئی عاقل بلکہ نیم پاگل بھی ایسی بات کو جو ہر انسان ہر بھنگی چمار بلکہ ہر جانور بلکہ ہر کافر مرتد میں موجود ہو محل مدح میں ذکر نہ کرے گا نہ اس میں اپنے لیے فضل و شرف جانے گا بھلا کہیں براہین غلامیہ میں یہ بھی لکھا کہ سچا خدا وہی ہے جس نے مرزا کی ناک میں دو نتھنے رکھے۔ مرزا کے کان میں دو گھونگھے بنائے یا خدا نے براہین احمدیہ میں لکھا ہے کہ اس عاجز کی ناک ہونٹوں سے اُوپر اور بھوؤں کے نیچے ہے کیا ایسی بات لکھنے والا پورا مجنون پکا پاگل نہ کہلایا جائے گا اور شک نہیں کہ وہ معنی لغوی یعنی کسی چیز کی خبر رکھنا یا دینا یا بھیجا ہو

Marfat.com

ہونا اِن مثالوں سے بھی زیادہ عام ہیں بہت جانوروں کے ناک، کان، بھویں اصلاً نہیں ہوتیں مگر خدا کے بھیجے ہُوئے وُہ بھی ہیں اللہ نے انھیں عدم سے وجود کی بیٹھ سے مادہ کے پیٹ سے دنیا کے میدان میں بھیجا جس طرح اس مردک خبیث نے بچھو کو رسول بمعنی لغوی بنایا۔

مولوی معنوی قدس سرہ القوی مثنوی شریف میں فرماتے ہیں:

کل یوم ھو فی شان بخوان
مرورا بے کار و بے فعلے مداں
کمترین کارش کہ آں رب احد
روزے لشکر روانہ میکند
لشکرے ز اصلاب سوئے امہات
تا بروید در رحمہا شان نبات
لشکرے ز ارحام سوئے خاکداں
تا ز نر و مادہ پُر گردد جہاں
لشکرے از خاکداں سوئے اجل
تا بہ بیند ہر کسے حسن عمل

حق عزوجل فرماتا ہے:

فارسلنا علیھم الطوفان والجراد والقمل والضفادع والدم۔

(ہم نے فرعونیوں پر بھیجے طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈکیں اور خون)

کیا مرزا ایسی ہی رسالت پر فخر رکھتا ہے جیسے ٹڈی اور مینڈک اور جوں اور کتے اور سور سب کو شامل مانے گا۔ ہر جانور بلکہ ہر حجر و شجر بہت علوم سے خبردار ہے اور ایک دوسرے کو خبر دینا بھی صحاح احادیث سے ثابت حضرت مولوی قدس سرہ المعنوی اُن کی طرف سے فرماتے ہیں:

ما سمیعیم و بصیریم و خوشیم      با شما نامحرماں ما خامشیم

Marfat.com

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

وان من شیٔ الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقھون تسبیحھم۔

(کوئی چیز ایسی نہیں جو اللہ کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح نہ کرتی ہو مگر ان کی تسبیح تمہاری سمجھ میں نہیں آتی)

حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مامن شیٔ الا یعلم انی رسول اللہ الا کفرۃ الجن والانس۔

(کوئی چیز ایسی نہیں جو مجھے اللہ کا رسول نہ جانتی ہو سوا کافر جن اور آدمیوں کے)

رواہ الطبرانی فی الکبیر عن یعلی بن مرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وصححہ خاتم الحفاظ حق سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

فمکث غیر بعید فقال احطت بما لم تحط بہ وجئتك من سبا بنبا یقین ٥

(کچھ دیر ٹھہر کر ہُدہُد بارگاہ سلیمانی میں حاضر ہوا اور عرض کی مجھے ایک بات وہ معلوم ہُوئی ہے جس پر حضور کو اطلاع نہیں اور میں خدمت عالی میں ملک سبا سے ایک یقینی خبر لے کر حاضر ہُوا ہوں) حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مامن صباح والا رواح الا وبقاع الارض ینادی بعضھا بعضا یا جارۃ ھل مربك الیوم عبد صالح صلی علیك او ذکر اللہ فان قالت نعم رأت ان لھا بذلك فضلا۔

کوئی صبح اور کوئی شام ایسی نہیں ہوتی کہ زمین کے ٹکڑے ایک دُوسرے کو پکار کر نہ کہتے ہوں کہ اے ہمسائے آج تیری طرف کوئی نیک بندہ ہو کر نکلا جس نے تجھ پر نماز پڑھی یا ذکر الٰہی کیا اگر وہ ٹکڑا جواب دیتا ہے کہ ہاں تو وہ پُوچھنے والا ٹکڑا اعتقاد کرتا ہے کہ اسے مجھ پر فضیلت ہے۔

رواہ الطبرانی فی الاوسط وابو نعیم فی الحلیۃ عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو خبر رکھنا خبر دینا سب کچھ ثابت ہے کیا مزار اینٹ پتھر ہر بت پرست کافر ہر بریچھ بندر ہر کتے، سوٗر کو بھی اپنی طرح نبی ورسول کہے گا ہرگز نہیں تو صاف روشن ہوا کہ معنی لغوی ہرگز مراد نہیں بلکہ یقیناً وہی شرعی وعرفی رسالت ونبوت مقصود اور کفر وارتداد یقینی

Marfat.com

قطعی موجود ۔ ولعبارۃ اخرے معنی چار ہی قسم ہیں لغوی، شرعی، عرفی عام یا خاص ۔ یہاں عرف عام تو بعینہ وہی معنی شرعی ہے جس پر کفر قطعاً حاصل اور ارادہ لغوی کا ادعا یقیناً باطل اب یہی رہا کہ فریب دہی عوام کو یوں کہہ دے کہ میں نے اپنی خاص اصطلاح میں نبی و رسول کے معنی اور رکھے ہیں جن میں مجھے سگ وخوک سے انبیا زبھی سبے اور حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے وصف نبوت میں اشتراک بھی نہیں مگر حاش للہ ایسا باطل ادعا اصلا شرعاً عقلاً عرفاً کسی طرح بادشتر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا ایسی جگہ لغت و شرع و عرف عام سب سے الگ اپنی نئی اصطلاح کا مدعی ہونا قابل قبول ہو تو کبھی کسی کافر کی کسی سخت سے سخت بات پر گرفت نہ ہو سکے کوئی مجرم کسی معظم کی کیسی ہی شدید توہین کر کے مجرم نہ ٹھہر سکے کہ ہر ایک کو اختیار ہے اپنی کسی اصطلاح خاص کا دعویٰ کر دے جس میں کفر و توہین کچھ نہ ہو کیا زید کہہ سکتا ہے خدا دو ہیں جب اس پر اعتراض ہو کہہ دے میری اصطلاح میں ایک کو دو کہتے ہیں کیا عمرو جنگل میں سوئر کو بھاگتا دیکھ کر کہہ سکتا ہے وہ قادیانی بھاگا جاتا ہے جب کوئی مرزائی گرفت چاہے کہہ دے میری مراد وہ نہیں جو آپ سمجھے میری اصطلاح میں بر بھگوڑے یا جنگلی کو قادیانی کہتے ہیں ۔ اگر کہیے کوئی مناسبت بھی تو جواب دے کہ اصطلاح میں مناسبت شرط نہیں لا مشاحۃ فی الاصطلاح آخر سب جگہ منقول ہی ہونا کیا ضرور نقطہ مرتجل بھی ہوتا ہے جس میں معنی اوّل سے مناسبت اصلا منظور نہیں معہذا قادی معنی جلدی کنندہ ہے یا جنگل سے آنے والا قاموس میں ہے قدت قادیۃ جاء قوم قد اقحموا من البادیۃ والفرس قدیانا اسرع قادیان اس کی جمع اور قادیانی اُس کی طرف منسوب یعنی جلدی کرنے والوں یا جنگل سے آنے والوں کا ایک اس مناسبت سے میری اصطلاح میں بر بھگوڑے جنگلی کا نام قادیانی ہوا کیا زید کی یہ تقریر کسی مسلمان یا عمرو کی یہ توجیہ کسی مرزائی کو مقبول ہو سکتی ہے حاشا وکلا کوئی عاقل ایسی بناوٹوں کو نہ مانے گا بلکہ اسی پر کیا موقوف یوں اصطلاح خاص کا ادعا مسموع ہو جائے تو دین و دنیا کے تمام کارخانے درہم و برہم ہوں عورتیں شوہروں کے پاس سے نکل کر جس سے چاہیں نکاح کر لیں کہ ہم نے تو ایجاب و قبول نہ کیا تھا اجازت لیتے وقت ہاں کہا تھا ہماری اصطلاح ہاں بمعنی نہ ہوں یعنی کلمۂ زجر و انکار ہے ۔ لوگ

Marfat.com

بیع نامے لکھ کر رجسٹری کرا کر جائداد بھی چھین لیں کہ ہم نے تو بیع نہ کی تھی بیچنا لکھا تھا ہماری اصطلاح میں عاریت یا اجارے کو بیچنا کہتے ہیں الی غیر ذلک من فسادات لا تحصی تو ایسی جھوٹی تاویل والا خود اپنے معاملات میں اُسے نہ مانے گا کیا مسلمانوں کو زن و مال اللہ و رسول سے زیادہ پیارے ہیں کہ جورو اور جائداد کے باب میں تاویل نہ سنیں اور اللہ و رسول کے معاملے میں ایسی ناپاک بناوٹیں قبول کرلیں لا الہ الا اللہ مسلمان ہرگز ایسے مردود بہانوں پر التفات بھی نہ کریں گے انھیں اللہ و رسول اپنی جان اور تمام جہان سے زیادہ عزیز ہیں و للہ الحمد جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود ان کا رب جل و علا قرآن عظیم میں ایسے بیہودہ عذروں کا رد بالغ چکا ہے فرماتا ہے:

قل لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم ۔

اُن سے کہہ دو بہانے نہ بناؤ بے شک تم کافر ہو چکے ایمان کے بعد۔ والعیاذ باللہ رب العلمین ۔

ثالثاً کفر چہارم میں اُمتی و نبی کا تقابل صاف اُسی معنی شرعی و عرفی کی تعیین کر رہا ہے۔

رابعاً کفر اوّل میں تو کسی جھوٹے ادعائے تاویل کی بھی گنجائش نہیں آیت میں قطعاً معنی شرعی ہی مراد ہیں نہ لغوی نہ اس شخص کی کوئی اصطلاح خاص اور اسی کو اس نے اپنے نفس کے لیے مانا تو قطعاً یقیناً معنی شرعی ہی اپنے نبی اللہ و رسول اللہ ہونے کا مدعی ہوا اور ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین کا منکر اور باجماع قطعی جمیع اُمت مرحومہ مرتد و کافر ہوا سچ فرمایا سچے خدا کے سچے رسول سچے خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ عنقریب میرے بعد آئیں گے ثلثون دجالون کذابون کلھم یزعم انہ نبی تیس دجال کذاب کہ ہر ایک اپنے کو نبی کہے گا وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی حالاں کہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں[1] امنت صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم اسی لیے فقیر نے عرض کیا تھا کہ مرزا نہ در کنار مسیح ہے صدق بلکہ مسیح دجال کا کہ

---

[1] جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۱۲ منہ

Marfat.com

ایسے مدعیوں کو یہ لقب خود بارگاہِ رسالت سے عطا ہوا ہے والعیاذ باللہ رب العلمین۔

**کفر پنجم** دافع البلاص ۱۵ پر حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام سے اپنی برتری کا اظہار کیا ہے۔

**کفر ششم** اسی رسالہ کے صفحہ ۲۰ پر لکھا ہے سے

ابنِ مریم کے ذکر کو چھوڑو
اس سے بہتر غلام احمد ہے

**کفر ہفتم** اشتہار معیار الاخیار میں لکھا ہے میں بعض نبیوں سے بھی افضل ہوں یہ ادعا بھی باجماعِ قطعی کفر وارتداد یقینی ہیں فقیر نے اپنے فتوے مسمی بہ ۱۳۲۰ دالرفضۃ میں شفا شریف امام قاضی عیاض و روضہ امام نووی و ارشاد الساری امام قسطلانی و شرح عقائد نسفی و شرح مقاصد امام تفتازانی و اعلام ابن حجر مکی و منح الروض ملا علی قاری و طریقہ محمدیہ علامہ برکوی و حدیقہ ندیہ مولی نابلسی وغیرہا کتب کثیرہ کے نصوص سے ثابت کیا ہے کہ باجماع مسلمین کوئی ولی کوئی غوث کوئی صدیق بھی کسی نبی سے افضل نہیں ہو سکتا جو ایسا کہے قطعاً اجماعاً کافر ملحد ہے ازانجملہ شرح صحیح بخاری شریف میں ہے:

النبی افضل من الولی وھو امر مقطوع بہ والقائل بخلافہ کافر لانہ معلوم من الشرع بالضرورۃ۔

(یعنی ہر نبی ہر ولی سے افضل ہے اور یہ امر یقینی ہے اور اس کے خلاف کہنے والا کافر ہے کہ یہ ضروریاتِ دین سے ہے)

کفر ہفتم میں اسے ایک لطیف تاویل کی گنجائش تھی کہ یہ لفظ نبیوں بتقدیم نون نہیں بلکہ نبیوں بتقدیم یا ہے۔ یعنی جھنگی در کنار کہ خود اُن کے تو لال گرو کا بھائی ہوں اُن سے تو افضل ہوا ہی چاہوں میں تو بعض نبیوں سے بھی افضل ہوں کہ انہوں نے صرف آٹے دال میں ڈنڈی ماری اور یہاں وہ ہنھ پھیری کی کہ بیبیوں کا دین ہی اڑ گیا۔ مگر افسوس کہ دیگر تصریحات نے اس تاویل کی جگہ نہ رکھی۔

Marfat.com

**کفر ہشتم** از الہ صفحہ ۳۰۹ پر حضرت مسیح علیہ الصلٰوۃ والسّلام کے معجزات کو جن کا ذکر خداوند تعالیٰ بطور احسان فرماتا ہے مسمریزم لکھ کر کہتا ہے اگر میں اس قسم کے معجزات کو مکروہ نہ جانتا تو ابنِ مریم سے کم نہ رہتا یہ کفر متعدد کفروں کا خمیرہ ہے معجزات کو مسمریزم کہنا ایک کفر کہ اس تقدیر پر وہ معجزہ نہ ہوئے بلکہ معاذ اللہ ایک کسبی کرشمے ٹھہرے اگلے کافروں نے بھی ایسا ہی کہا تھا حق عزوجل فرماتا ہے :

اذ قال اللہ یعیسی بن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک اذ ایدتک بروح القدس تکلم الناس فی المھد وکھلا واذ علمتک الکتب والحکمۃ والتورٰۃ والانجیل واذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیھا فتکون طیرا باذنی وتبرئ الاکمہ والابرص باذنی واذ تخرج الموتی باذنی واذ کففت بنی اسرائیل عنک اذ جئتھم بالبینٰت فقال الذین کفروا منھم ان ھذا الا سحر مبین ○

جب فرمایا اللہ سبحانہ نے اے مریم کے بیٹے یاد کر میری نعمتیں اپنے اوپر اور اپنی ماں پر جب میں نے پاک روح سے تجھے قوت بخشی لوگوں سے باتیں کرتا پالنے میں اور پکی عمر کا ہو کر اور جب میں نے تجھے سکھایا لکھنا اور علم کی تحقیق باتیں اور توریت و انجیل اور جب تو بناتا مٹی سے پرند کی سی شکل میری پروانگی سے پھر تو اس میں پھونکتا تو وہ پرند ہو جاتی میرے حکم سے اور تو چنگا کرتا مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو میری اجازت سے اور جب تو قبروں سے جیتا نکالتا مُردوں کو میرے اذن سے اور جب میں نے یہود کو تجھ سے روکا جب تو ان کے پاس یہ روشن معجزے لے کر آیا تو ان میں کے کافر بولے یہ تو نہیں مگر کھلا جادو مسمریزم بتایا یا جادو کہا بات ایک ہی ہوئی یعنی الٰہی معجزے نہیں کسبی ڈھکوسلے ہیں ایسے ہی منکروں کے خیال ضلال کو حضرت مسیح کلمۃ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علی سیدہ وعلیہ وسلم نے بار بار بتاکید رد فرما دیا تھا اپنے معجزات مذکورہ ارشاد کرنے سے پہلے فرمایا:

انی قد جئتکم بایۃ من ربکم انی اخلق لکم من الطین کھیئۃ الطیر الاٰیۃ ۔

Marfat.com

میں تمہارے پاس رب کی طرف سے معجزے لایا کہ میں مٹی سے پرند بناتا اور پھونک مار کر اُسے جلاتا اور اندھے اور بدن بگڑے کو شفا دیتا اور خدا کے حکم سے مردے جلاتا اور جو کچھ گھر سے کھا کر آؤ اور جو کچھ گھر میں اٹھا رکھو وہ سب تمہیں بتاتا ہوں اور اس کے بعد فرمایا،

ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین ○

بے شک ان میں تمہارے لیے بڑی نشانی ہے اگر تم ایمان لاؤ۔

پھر مکرر فرمایا:

جئتکم بآیۃ من ربکم فاتقوا اللہ واطیعون ○

(میں تمہارے رب کے پاس سے معجزہ لایا ہوں تو خدا سے ڈرو اور میرا حکم مانو) مگر جو عیسیٰ کے رب کی نہ مانے وہ عیسیٰ کی کیوں ماننے لگا یہاں تو اتے صاف گنجائش ہے کہ اپنی بڑائی سبھی کرتے ہیں ع

کس نگوید کہ دوغ من ترش ست

پھر ان معجزات کو مکروہ جاننا دوسرا کفر ہے کہ کراہت اگر اس بنا پر ہے کہ وہ فی نفسہ مذموم کام تھے جب تو کفر ظاہر ہے قال اللہ تعالیٰ تلک الرسل فضلنا بعضھم علیٰ بعض یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی اور اسی فضیلت کے بیان میں ارشاد ہوا:

واٰتینا عیسی بن مریم البینٰت وایدنٰہ بروح القدس۔

اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو معجزے دیئے اور جبریل سے اس کی تائید فرمائی۔

اور اگر اس بنا پر ہے کہ وہ کام اگرچہ فضیلت کے تھے مگر میرے منصب اعلیٰ کے لائق نہیں تو یہ دعویٰ نبی پر اپنی تفضیل ہے ہر طرح کفر و ارتداد قطعی سے مفر نہیں، پھر ان کلماتِ شیطانیہ میں مسیح کلمۃ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدہ وعلیہ وسلم کی تحقیر نیا کفر ہے اور ایسی ہی تکفیر اس کا اور ملعون عدو نعمتہم تھی اور سب سے بڑھ کر اس کفر ذم میں ہے کہ ازالہ ص ۱۶۱ پر حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت لکھا بوجہ مسمریزم کے عمل کرنے کے تنویر باطن اور توحید اور دینی استقامت میں کم درجے پر بلکہ قریب ناکام رہے انا للہ وانا الیہ

Marfat.com

راجعون الا لعنة الله علی اعداء انبیاء الله وصلی الله تعالیٰ علیٰ انبیائه وبارک وسلم ہر نبی کی تحقیر مطلقاً کفر قطعی ہے جس کی تفصیل سے شفا شریف و شروح شفا وسیف مسلول امام تقی الملۃ والدین سبکی ورد منثہ امام نووی و وجیز امام کردری و اعلام امام ابن حجر مکی وغیرہا تصانیف ائمہ کرام کے دفتر گونج رہے ہیں نہ کہ نبی بھی کون نبی مرسل نہ کہ مرسل[۱] بھی کیسا مرسل اولو العزم نہ کہ تحقیر بھی کتنی کہ مسمریزم کے سبب نور باطن نہ نور باطن بلکہ دینی استقامت نہ دینی استقامت بلکہ نفس توحید میں کم درجہ بلکہ قریب ناکام رہے اس ملعون قول لعن الله قائله وقابله نے اولو العزمی و رسالت و نبوت درکنار اس عبدالله وکلمۃ الله و روح الله علیہ صلوات الله وسلام و تحیات الله کے نفس ایمان میں کلام کر دیا۔ اس کا جواب ہمارے ہاتھ میں کیا ہے سوا اس کے کہ ان الذین یؤذون الله و رسوله لعنهم الله فی الدنیا و الاخرة واعد لهم عذابا مهینا ہ

بیشک جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ نے لعنت کی دنیا و آخرت میں اور ان کے لیے تیار کر رکھا ہے ذلت کا عذاب۔

**کفر دہم** ازالہ صفحہ ۶۲۹ پر لکھتا ہے ایک زمانے میں چار سو نبیوں کی پیشگوئی غلط[۱] ہوئی اور وہ جھوٹے ہوئے یہ صراحۃً انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تکذیب ہے۔ عام اقوام کفار لعنہم الله کا کفر حضرت عزت عز جلالہ نے یوں ہی تو بیان فرمایا: کذبت قوم نوح المرسلین ہ کذبت عاد المرسلین ہ کذبت ثمود المرسلین ہ کذبت قوم لوط المرسلین ہ کذب اصحٰب الئیکۃ المرسلین ہ

ائمہ کرام فرماتے ہیں جو نبی پر اس کی لائی ہوئی بات میں کذب جائز ہی نہ مانے اگرچہ وقوع نہ جانے باجماع کافر ہے نہ کہ معاذ الله چار سو انبیاء کا اپنے اخبار بالغیب میں

---

[۱] یہ اس کی پیش بندی ہے کہ یہ کذاب اپنی بڑھیں ہمیشہ پیشین گوئیاں ہانکتا رہتا ہے اور بہ غیبت الٰہی وہ آٹے دن جھوٹی پڑا کرتی ہیں تو یہاں یہ بتانا چاہتا ہے کہ پیشین گوئی غلط پڑنی کچھ شان نبوت کے خلاف نہیں معاذ الله اگلے انبیاء میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ ایہم برعلم ۱۲

Marfat.com

کہ وہ نور اللہ ہی کی طرف سے ہوتا ہے واقع میں جھوٹا ہو جانا شفا شریف میں ہے:

من دان بالوحدانیۃ وصحۃ النبوۃ و نبوۃ نبینا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ولکن جوز علی الانبیاء الکذب فیما اتوا بہ ادعی فی ذلک المصلحۃ بزعمۃ اولم یدعھا فھو کافر باجماع۔

یعنی جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت نبوت کی حقانیت ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کا اعتقاد رکھتا ہو باینہمہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر ان کی باتوں میں کذب جائز مانے خواہ بزعم خود اس میں کسی مصلحت کا ادعا کرے یا نہ کرے ہر طرح بالاتفاق کافر ہے ظالم نے چار سو کہہ کر گمان کیا کہ اس نے باقی انبیاء کو تکذیب سے بچا لیا حالانکہ یہ آیتیں جو ابھی تلاوت کی گئی ہیں شہادت دے رہی ہیں کہ اس نے آدم نبی اللہ سے محمد رسول اللہ تک تمام انبیائے کرام علیہم افضل الصلاۃ والسلام کو کاذب کہہ دیا کہ ایک رسول کی تکذیب تمام مرسلین کی تکذیب ہے۔ دیکھو قوم نوح وہود وصالح ولوط وشعیب علیہم الصلاۃ والسلام نے اپنے اپنے ایک ہی ایک نبی کی تکذیب کی تھی مگر قرآن نے فرمایا قوم نوح نے سب رسولوں کی تکذیب کی عاد نے کل پیغمبروں کو جھٹلایا ثمود نے تمام انبیاء کو کاذب کہا قوم لوط نے تمام رسل کو جھوٹا بتایا ایکہ والوں نے سارے نبیوں کو دروغ گو کہا یونہی واللہ اس قائل نے نہ صرف چار سو بلکہ جملہ انبیاء ومرسلین کو کذاب مانا فلعن اللہ من کذب احدا من انبیائہ وصلی اللہ تعالی علی انبیائہ ورسلہ والمومنین بھم اجمعین وجعلنا منھم وحشرنا فیھم وادخلنا معھم دار النعیم بجاھھم عندہ وبرحمتہ بھم ورحمتھم بنا انہ ارحم الراحمین والحمد للہ رب العلمین طبرانی معجم کبیر میں ویر حنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انی اشھد عدد تراب الدنیا ان مسیلمۃ کذاب۔

بیشک میں ذرہ ہائے خاک تمام دنیا کی برابر گواہیاں دیتا ہوں کہ مسیلمہ (جس نے زمانہ اقدس میں ادعائے نبوت کیا تھا) کذاب ہے۔ وانا اشھد معک

Marfat.com

یا رسول اللہ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ عالم پناہ کا یہ ادنیٰ کتا بعدد انہائے ریگ و ستارہائے آسمان گواہی دیتا ہے اور میرے ساتھ تمام ملئکہ سمٰوٰت والارض وحاملان عرش گواہ ہیں اور خود عرش عظیم کا مالک ہے وکفیٰ باللہ شہیدا کہ ان اقوال مذکورہ کا قائل بیباک کافر مرتد کذاب ناپاک ہے اگر یہ اقوال مرزا کی تحریروں میں اسی طرح ہیں تو واللہ واللہ وہ یقیناً کافر اور جو اس کے ان اقوال یا ان کے امثال پر مطلع ہو کر اُسے کافر نہ کہے وہ بھی کافر ندوہ مخذولہ اور اس کے اراکین کہ صرف تو تنے کی طرح کلمہ گوئی پر مدار اسلام رکھتے اور تمام بد دینوں گمراہوں کو حق پر جانتے خدا کو سب سے یکساں راضی مانتے سب مسلمانوں پر مذہب سے لا دعوے دینا لازم کرتے ہیں جیسا کہ ندوہ کی روداد اوّل و دوم و رسالہ اتفاق وغیرہا میں مصرح ہے ان اقوال پر بھی اپنا وہی قاعدہ ملعونہ مجردکلمہ گوئی نیچریت کا اعلیٰ نمونہ جاری رکھیں اس کی تکفیر میں چون و چرا کریں تو وہ بھی کافر، وہ اراکین بھی کفار مرزا کے پیرو اگرچہ خود ان اقوال انجس الابوال کے معتقد بھی نہ ہوں مگر جب کہ صریح کفر وہ کھلے ارتداد دیکھتے سنتے پھر مرزا کو امام و پیشوا و مقبول خدا کہتے ہیں قطعاً یقیناً سب مرتد ہیں سب مستحق نار۔ شفا شریف میں ہے:

نکفر من لم یکفر من دان بغیر ملۃ المسلمین من الملل او وقف فیھم او شك۔

یعنی ہم ہر اس شخص کو کافر کہتے ہیں جو کافر کو کافر نہ کہے یا اس کی تکفیر میں توقف کرے یا شک رکھے۔

شفا شریف نیز بزازیہ و درر وغرر و فتاویٰ خیریہ و درمختار و مجمع الانہر وغیرہ میں ہے:

من شك فی کفرہ و عذابہ فقد کفر۔

جو اس کے کفر و عذاب میں شک کرے یقیناً خود کافر ہے۔

---

لہ یہ اقوال دوسرے کے منقول تھے اس فتوے کے بعد مرزا کی بعض نئی تحریریں خود نظر سے گزریں جن میں قطعی کفر بھرے ہیں بلاشبہہ وہ یقیناً کافر مرتد ہے ۱۲

Marfat.com

اور جو شخص باوصف کلمہ گوئی وادعائے اسلام کفر کرے وہ کافروں کی سب سے بدتر قسم مرتد کے حکم میں ہے۔ ہدایہ و درمختار و عالمگیری وغرر وملتقی الابحر ومجمع الانہر وغیرہا میں ہے۔

صاحب الهوى ان كان يكفر فهو بمنزلة المرتد -

فتاوی ظہیریہ وطریقہ محمدیہ وحدیقہ ندیہ وبرجندی شرح نقایہ وفتاوی ہندیہ میں ہے:

هؤلاء القوم خارجون عن ملة الاسلام واحكامهم احكام المرتدين -

یہ لوگ دین اسلام سے خارج ہیں اور ان کے احکام بعینہٖ مرتدین کے احکام ہیں۔

اور شوہر کے کفر کرتے ہی عورت نکاح سے فوراً نکل جاتی ہے۔ اب اگر بے اسلام لائے اپنے اس قول ومذہب سے بغیر توبہ کیے یا بعد اسلام وتوبہ عورت سے بغیر نکاح جدید کیے اس سے قربت کرے زنائے محض ہو جو اولاد ہو یقیناً ولد الزنا ہو یہ احکام سب ظاہر اور تمام کتب میں دائر وسائر ہیں فی الدر المختار عن غنیه ذوی الاحکام ما یکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح واولاده اولاد زنا اور عورت کا کل مہر اس کے ذمے عائد ہونے میں بھی شک نہیں جب کہ خلوت صحیحہ ہو چکی ہو کہ ارتداد کسی دین کو ساقط نہیں کرتا۔ فی التنویر وارث کسب اسلامه وارثه المسلم بعد قضاء دین اسلامه وکسب ردته فی بعد قضاء دین ردته اور معجل تو فی الحال آپ ہی واجب الادا ہے رہا موجل وہ ہنوز اپنی اجل پر رہے گا۔ مگر یہ کہ مرتد بحال ارتداد ہی مرجائے یا دار الحرب کو چلا جائے اور حاکم شرع حکم فرما دے کہ وہ دار الحرب سے ملتحق ہو گیا اس وقت موجل بھی فی الحال واجب الادا ہو جائے گا اگرچہ اجل موعود میں دس بیس برس باقی ہوں فی الدر ان حکم القاضی بلحاقه حل دینه فی رد المختار لانه باللحاق صار من اهل الحرب وهم اموات فی حق احکام الاسلام فصار کالموت الا انه لا یستقر لحاقه الا بالقضاء لاحتمال العود واذا تقرر موته تثبت الاحکام المتعلقة به کما ذکرنهر اولاد صغار ضرور اس کے قبضے سے نکال لی جائے گی حذرا علی دینهم الا تری انهم صرحوا بنزع الولد من الام الشفیقة المسلمة ان کانت فاسقة والولد یعقل یخشی علیه التخلق بسیرها الذمیمة فما ظنك بالاب المرتد

Marfat.com

والعیاذ باللہ تعالیٰ قال فی ردالمحتار الفاجرة بمنزلة الکتابیة فان الولد
یبقی عندھا الی ان یعقل الادیان کما سیأتی خوفا علیہ من تعلمہ منہا ما تفعلہ
فکذا الفاجرة الخ وانت العلم ان الولد لا یحضنہ الاب الا بعد ما بلغ سبعا او
تسعا وذلک عمر العقل قطعا فیحرم الدفع الیہ و یجب النزع منہ وانما
اخرجنا الی ھذا ان الملک لیس بید الاسلام والا[1] لسلطان این یبقی لمرتد
حتی یبحث عن حضانتہ الا تری الی قولھم لا حضانة لمرتدة لانہا تضرب
وتحبس کالیوم فانی تتفرغ للحضانة فاذا کان ھذا فی المحبوس فما ظنک
بالمقتول ولکن انا للہ وانا الیہ راجعون ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی
العظیم نگران کے نفس یا مال میں بدعوئے ولایت اُس کے تصرفات موقوف رہیں گے
اگر پھر اسلام لے آیا اور اس مذہب ملعون سے توبہ کی تو وہ تصرف سب صحیح ہو جائیں گے
اور اگر مرتد ہی مرگیا یا دارالحرب چلا گیا اور حکم لحوق ہوگیا تو باطل ہو جائیں گے فی الدرالمختار
یبطل منہ اتفاقا ما یعتمد الملة وھی خمس النکاح والذبیحة والصید و
الشھادة والارث ویتوقف منہ اتفاقا ما یعتمد المساواة وھو المفاوضة
او ولایة متعدیة وھو التصرف علی ولدہ الصغیر ان اسلم نفذ وان
ھلک او لحق بدار الحرب وحکم بلحاقہ بطل اھ مختصرا نسأل اللہ
الثبات علی الایمان وحسبنا اللہ ونعم الوکیل وعلیہ التکلان و لا
حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولٰنا
وآلہ وصحبہ اجمعین آمین واللہ تعالیٰ اعلم۔


| | | |
|---|---|---|
| محمد وصی احمد ناصر دین | کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا خان البریلوی عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | محمدی سنی حنفی قادری عبد المصطفیٰ احمد رضا خاں |

[1] فان سلطان الاسلام مامور بقتلہ لا یجوز لہ ابقاؤہ بعد ثلثة ایام ۱۲ منہ

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

**اما بعد** الحمد لاهله و الصلاة على اهلها لعمري لقد اجاد فيما اجاب واطاب واصاب. فاوضح الصواب. وميز القشر عن اللباب. وازاح الارتياب. فدمدم على المسيح الكذاب. وصب عليه سوط عذاب. فبهت الذي كفر وارتاب. فانهزم الاحزاب. وفرت الاذناب. وحقت عليهم كلمة العذاب. خالدين في النار وبئس المآب. الا من تاب واب. ورجع واناب. فان المولى الوهاب. تواب على من تاب فعل هذا ويداه تحت الثياب. وسيفه في الجراب. فما كان عاقبة الذين ظلموا الا في تباب فلله درّ المجيب رزقه الله زيادة وجميل الثواب. والزلفى عنده وحسن مآب. وهاذاك جرثومة مجد في الدين بحر زاخر بحد المائة الحاضرة. ذو الحجة القاهرة. صاحب القوة القدسية عالم اهل السنة السنية والجماعة السنية السيد الغطريف العظيم الطريف والدي واستاذي وملجاي وملاذي مولانا وموالي الكل حضرة احمد رضا خان البريلوي مدظلهم العالي مدى الايام والليالي وانا العبد الضعيف الاواه محمد المعروف بحامد رضا كان له الله بجاه حبيبه الحامد المصطفى عليه افضل التحية والثنا.




Marfat.com

قولہ تعالیٰ فی القرآن الکریم

# من یطع الرسول فقد اطاع اللہ

جس نے اطاعت کی رسولؐ کی پس تحقیق اطاعت کی اللہ کی

احمد مجتبیٰ — محمد مصطفیٰ

محمد ﷺ

رسول اللہ

## کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
## یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

(اقبالؔ)

مکتبہ نبویہ ○ گنج بخش روڈ لاہور

Marfat.com

قولہ تعالیٰ فی القرآن الکریم

# من یطع الرسول فقد اطاع اللہ

جس نے اطاعت کی رسول کی پس تحقیق اطاعت کی اللہ کی

محمد ﷺ

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں (اقبال)

مکتبہ نبویہ ۞ گنج بخش روڈ لاہور

Marfat.com